(Rev. 07/16) LDSS-4148B-UR

# کتاب 2

# سماجی خدمات پروگراموں کے بارے میں آپ کے جاننے لائق باتیں

سوالات اور جوابات

اگر آپ نابینا ہیں یا سنگین طور پر بصری نقص والے فرد ہیں اور آپ کو درخواست یا یہ ہدایات متبادل فارمیٹ میں درکار ہیں تو، آپ اس کی درخواست اپنے سوشل سروسز ڈسٹرکٹ سے کرسکتے ہیں۔ درج ذیل متبادل فارمیٹس دستیاب ہیں:

- بڑے حروف والے؛
- ڈیٹا فارمیٹ (اسکرین ریڈر سے قابل سائی الیکٹرانک فائل)؛
- آڈیو فارمیٹ (ہدایات یا درخواست کے سوالات کی ایک آڈیو نقل حرفی)؛ اور
- بریل، اگر آپ یقین دلاتے ہیں کہ مذکورہ بالا متبادل فارمیٹ میں سے کوئی بھی آپ کے مساوی طور پر مؤثر نہیں ہوگا۔

درخواستیں اور ہدایات چھپائی کے بڑے حروف، ڈیٹا فارمیٹ اور آڈیو فارمیٹ میں www.otda.ny.gov یا www.health.ny.gov سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے بھی دستیاب ہیں۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ درخواستیں آڈیوفارمیٹ اور بریل میں کلی طور پر اطلاعاتی مقاصد کے لیے دستیاب ہیں۔ درخواست دینے کے لیے، آپ کو تحریری، غیر متبادل شکل میں ایک درخواست جمع کرانی ہوگی۔ اگر آپ کو کوئی دیگر سہولت درکار ہو تو براہ مہربانی اپنے سوشل سروسز ڈسٹرکٹ سے رابطہ کریں۔

---

یہ بھی دیکھیں

**کتاب 1 (LDSS-4148A)**

"What You Should Know About Your Rights and Responsibilities"

(آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے)

اور

**کتاب 3 (LDSS-4148C)**

"What You Should Know If You Have an Emergency"

(اگر آپ کو ایمرجنسی درپیش ہے تو آپ کو کیا جاننا چاہیے)

---

**اس کتاب کو آئندہ استعمال کے لیے محفوظ رکھیں**

# فہرست مشمولات


| سیکشن | | صفحہ |
|---|---|---|
| A | عارضی اعانت | 2 |
| B | طبی اعانت | 9 |
| C | امداد اطفال | 20 |
| D | فوڈ اسٹامپ کی مراعات | 22 |
| E | عبوری مدد | 25 |
| F | نگہداشت طفل | 26 |
| G | خدمات | 30 |
| H | دیگر مراعات | 34 |
| I | معذور افراد | 38 |
| J | مامونیتی ٹیکے | 39 |
| K | الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT) | 39 |


**براہ کرم نوٹ کریں:**

**یہ کتاب آپ کو بتاتی ہے کہ آپ کو یا آپ کی فیملی کو ضرورت پڑنے پر آپ کا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کتنے طریقے سے کر سکتا ہے۔**

**براہ کرم یاد رکھیں کہ ان پروگراموں اور خدمات کے وفاقی یا ریاستی اصول ہیں جن پر عمل کرنا ضروری ہے۔**

**آپ کو یا آپ کی فیملی کو ضرورت پڑنے پر یہ آپ کے لیے ان پروگراموں اور خدمات سے پوچھنے میں مانع نہیں ہونا چاہیے۔**

# سیکشن A عارضی اعانت

**سوال۔** **عارضی اعانت کیا ہے؟**

**جواب۔** عارضی اعانت (Temporary Assistance) ضرورت مند بالغوں اور بچوں کے لیے ایک عارضی مدد ہے۔ اگر آپ کام کرنے سے قاصر ہیں، نوکری نہیں مل پاتی ہے، یا آپ کی نوکری میں کافی ادائیگی نہیں ہے تو، عارضی اعانت آپ کے اخراجات ادا کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ عارضی اعانت میں فیملی اسسٹنس (Family Assistance) اور سیفٹی نیٹ اسسٹنس (Safety Net Assistance) شامل ہے۔

**سوال۔** **اگر میرے پاس نوکری ہے یا مجھے مل جاتی ہے تو، کیا میں اب بھی مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** آپ کام کر سکتے ہیں اور اگر آپ کی آمدنی ایک مخصوص مقدار سے کم ہو تو آپ اب بھی عارضی اعانت حاصل کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ کا کیس اس وجہ سے بند ہو گیا ہے کہ آپ کی آمدنی ایک مخصوص مقدار سے اوپر ہے تو، آپ **شاید** اب بھی نگہداشت طفل اور طبی اعانت (Medical Assistance) میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔
- آپ فوڈ اسٹامپ کی مراعات (**"فوڈ اسٹامپ کی مراعات"، اس کتاب کا سیکشن D دیکھیں**) اور خدمات (**"خدمات"، اس کتاب کا سیکشن G دیکھیں**) پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو نوکری مل جاتی ہے تو، آپ کو اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے کارکن کو 10 دنوں کے اندر مطلع کرنا ضروری ہے۔

**سوال۔** **کیا میں نوکری پانے کے لیے مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** عارضی اعانت اور/یا فوڈ اسٹامپ کی مراعات پانے کے لیے آپ کے درخواست دینے یا وہ آپ کو مل جانے پر، آپ درج ذیل میں مدد حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں:

- نوکری کی تلاش یا نوکری تلاش کرنے میں آپ کی مدد کے لیے جاب پلیسمنٹ کی خدمات
- نوکری تلاش کرنے کے لیے آپ کو درکار اہلیتیں حاصل کرنے میں آپ کی مدد کے لیے نوکری کے لیے آمادگی کی خدمات
- تعلیم، خاص طور پر اگر آپ نے ہائی اسکول مکمل نہیں کیا ہے یا آپ کے پاس ہائی اسکول کے مساوی ڈپلوما (G.E.D.) نہیں ہے
- تربیت
- نگہداشت طفل، تاکہ آپ کام کر سکیں، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے منظور شدہ عملی سرگرمیوں یا تعلیم یا تربیت کے پروگراموں میں حصہ لے سکیں
- نقل و حمل اور کام سے متعلق دیگر اخراجات جو تفویض شدہ عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے لیے آپ کے لیے ضروری ہیں

**سوال۔** **اگر مجھے ایمرجنسی درپیش ہے اور مجھے اسی وقت مدد درکار ہے تو کیا ہوگا؟**

**جواب۔** آپ اسی وقت مدد حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ یقینی طور پر اپنے کارکن کو بتائیں کہ آپ کے خیال سے آپ کو ایمرجنسی درپیش ہے۔
**(کتاب (LDSS-4148C) 3 "اگر آپ کو ایمرجنسی درپیش ہے تو آپ کو کیا جاننا چاہیے" دیکھیں۔)**

**سوال۔** **عارضی اعانت کس قسم کے اخراجات ادا کرنے میں میری مدد کرے گی؟**

- غذا اور کپڑے کی لاگتیں
- کرایہ اور رہن کی لاگتیں
- حرارت، گیس، بجلی، پانی اور دیگر یوٹیلیٹیز
- دیگر خاص ضروریات جیسے:

  - کھانے

  اگر آپ گھر پر کھانا طے کرنے سے قاصر ہیں تو آپ ریستوراں میں کھانے یا گھر پر ڈیلیور شدہ کھانے کے لیے اضافی پیسہ پا سکتے ہیں۔

  - حمل

  اگر آپ حاملہ ہیں تو، آپ اضافی پیسہ پانے کی اہل ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ اپنے کارکن کو طبی نوٹ دیتی ہیں تو آپ اپنے حمل کے چوتھے ماہ سے لے کر اپنے حمل کے اختتام تک یہ پیسہ پا سکتی ہیں۔ طبی نوٹ میں یہ درج ہونا ضروری ہے کہ آپ حاملہ ہیں اور اپنے بچے کی متوقع تاریخ ولادت دیں۔ آپ اپنے کارکن کو طبی نوٹ دینے سے پہلے کسی بھی ماہ کے لیے یہ زائد رقم پا سکتی ہیں۔

- نقل و حمل اور کام سے متعلق دیگر امدادی خدمات

آپ نقل و حمل یا کام سے متعلق دیگر اخراجات میں مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں، جو تفویض شدہ سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے لیے آپ کے لیے ضروری ہیں۔ مثلاً، اگر آپ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے منظور شدہ تعلیم یا تربیت کے پروگرام میں حصہ لیتے ہیں تو، آپ مخصوص اخراجات میں مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں، جیسے نگہداشت طفل، نقل و حمل یا کام سے متعلق کپڑے، جو منظور شدہ سرگرمیوں میں آپ کے شرکت کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔ **(اس کتاب میں سوال "کیا میں تربیت یا تعلیم میں حصہ لینے پر اضافی مدد پا سکتا ہوں؟" دیکھیں۔)**

- رہائش اور گھرانے سے متعلق آئٹمز

آپ درج ذیل میں سے کسی کے لیے بھی مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں:

(1) بے دخلی کو روکنے، یا آپ کا کرایہ، رہن یا ٹیکسز ادا کرنے کے لیے جو عارضی اعانت کے لیے آپ کے درخواست دینے سے پہلے کی مدت کے لیے آپ پر باقی ہے۔

(2) آپ ابھی جہاں رہتے ہیں وہاں سے اگر آپ کا منتقل ہونا ضروری ہو تو، آپ درج ذیل کے لیے مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں:
- آپ کی زیر ملکیت فرنیچر اور دیگر ذاتی چیزیں اسٹور کرنا
- بروکر کی یا تلاش کنندہ کی فیس
- کرایہ کا سیکیورٹی ڈپازٹ یا سیکیورٹی ایگریمنٹ
- منتقلی کے اخراجات

(3) درکار گھریلو آئٹمز، جیسے حرارتی سازوسامان، اسٹوو یا ریفریجریٹر کی مرمت

(4) آپ درکار فرنیچر یا دیگر گھریلو آئٹمز خریدنے کے لیے مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر:
- فیملی ممبر کسی ادارے سے یا رضاعی نگہداشت سے ڈسچارج ہونے کے بعد گھر واپس آئے۔
- صحت و سلامتی کی وجہوں سے آپ کا منتقل ہونا ضروری ہو اور آپ کوئی آراستہ یا اپارٹمنٹ یا گھر تلاش نہ کر پائیں
- اپنا گھرانہ ترتیب دینے کے لیے آپ کو آئٹمز درکار ہوں۔

(5) اگر آپ اپنے گھر کے مالک ہیں تو، آپ صحت و سلامتی کے مدنظر درکار پراپرٹی کی مرمتوں کے لیے مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

(6) اگر آپ آتش زدگی، سیلاب یا دیگر قدرتی تباہی میں اپنے فرنیچر یا کپڑے سے محروم ہو جاتے ہیں تو، آپ یہ گھریلو آئٹم یا کپڑے بدلنے میں مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

**نوٹ:** عارضی اعانت پا سکنے والے بیشتر افراد کو درخواست کرنے پر طبی اعانت اور فوڈ اسٹامپ کی مراعات بھی ملیں گی۔

**سوال۔ عارضی اعانت کے پروگرام کیا ہیں؟**

**جواب.** 1. **<u>فیملی اسسٹنس</u>** ان اہل ضرورتمند فیملیز کو عارضی اعانت فراہم کرتی ہے جس میں والدین (بشمول فیملیز جہاں دونوں والدین گھرانے میں ہی رہتے ہوں) یا نگراں رشتہ دار کے ساتھ رہنے والا کوئی نابالغ بچہ شامل ہو۔ یہ ضرورت مند فیملیز کے لیے عارضی اعانت (Temporary Assistance for Needy Families, TANF) کے لیے وفاقی رہنما خطوط کے تحت چلتی ہے۔

فیملی اسسٹنس کے تحت، اہل بالغان اپنی پوری زندگی میں کل <u>60</u> ماہ تک مراعات موصول کرنے تک محدود ہیں، جس میں دیگر ریاستوں میں عطا کردہ TANF سے فنڈ یافتہ اعانت کے ماہ شامل ہیں۔ ہر سیفٹی نیٹ اسسٹنس (نیچے #2) کے ماہ بھی زندگی بھر میں 60 ماہ کی حد کے ضمن میں شمار ہوتے ہیں۔ یہ حد پوری ہو جانے پر، وہ بالغ فرد اور فیملی اسسٹنس والے اس کے گھرانے کے تمام ممبران فیملی اسسٹنس کی مزید مراعات موصول کرنے کے لیے نااہل ہیں۔ یہ ماہ لگاتار ہونا ضروری <u>نہیں</u> ہے، بلکہ اس کی بجائے جس ہر انفرادی ماہ میں TANF سے فنڈ یافتہ مراعات (یا نقد سیفٹی نیٹ اسسٹنس) موصول ہوئی ہیں وہ بھی زندگی بھر کی گنتی میں شامل ہیں۔ 60 ماہ کی حد کی گنتی دسمبر 1996 میں شروع ہوئی۔

فیملی اسسٹنس کے لیے درخواست دینے والے یا اسے موصول کرنے والے ہر فرد سے رشتہ ازدواج سے باہر پیدا شدہ بچے کی ولدیت متعین کرنے میں ریاستی اور مقامی سوشل سروسز ڈسٹرکٹ کے ساتھ نیک نیتی سے باہمی تعاون کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے، تاکہ امداد کے آرڈرز متعین کرنے، ان میں ترمیم کرنے یا انہیں نافذ کرنے میں؛ اور امدادی ادائیگیاں یا کوئی دیگر ادائیگیاں یا پراپرٹی حاصل کرنے میں؛ فیملی اسسٹنس کے لیے اہلیت کی مزید شرط کے بطور، کسی غائب والدین اور قیاسی والدین کی نشاندہی کرنے کی کوشش کی جائے۔ معقول وجہ کے بغیر باہمی تعاون کرنے میں ناکامی کا نتیجہ فیملی اسسٹنس کی مراعات میں کمی کی صورت میں برآمد ہوگا۔

2. **<u>سیفٹی نیٹ اسسٹنس</u>**

اگر آپ اعانت کے دوسرے پروگراموں کے لیے اہل نہیں ہیں تو، آپ سیفٹی اسسٹنس نیٹ کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔
سیفٹی نیٹ اسسٹنس درج ذیل کے لیے ہے:
- تنہا بالغان
- بغیر بچے والے جوڑے
- کسی بالغ رشتہ دار سے الگ رہنے والے بچے
- منشیات یا الکحل کا بیجا استعمال کرتے ہوئے پائے جانے والے افراد کی فیملیز
- نشہ/الکحل کی اسکریننگ، تشخیص یا معالجہ سے انکار کرنے والے افراد کی فیملیز
- اعانت پر 60 ماہ کی حد سے تجاوز کر چکے افراد
- وہ پردیسی جو عارضی اعانت کے لیے اہل ہیں، لیکن جو وفاقی باز ادائیگی کے لیے اہل نہیں ہیں۔

عام طور پر، آپ کو سیفٹی نیٹ اسسٹنس زندگی بھر میں زیادہ سے زیادہ دو سال تک نقد مل سکتی ہے۔ اس وقت کی حد کی گنتی اگست 1997 میں شروع ہوئی۔ اس کے بعد، اکر آپ سیفٹی نیٹ اسسٹنس کے لیے اہل ہیں تو، یہ غیر نقدی شکل میں، جیسے دو فریقی چیک یا واؤچر کی شکل میں فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، غیر نقدی سیفٹی نیٹ اسسٹنس درج ذیل کے لیے فراہم کی جاتی ہے:

- منشیات یا الکحل کا بیجا استعمال کرتے ہوئے پائے جانے والے افراد کی فیملیز
- نشہ/الکحل کی اسکریننگ، تشخیص یا معالجہ سے انکار کرنے والے افراد کی فیملیز
- ایک ایسے بالغ فرد والی فیملیز جو زندگی بھر میں 60 ماہ کی وقت کی حد کو تجاوز کر چکا ہو

**نوٹ:** عارضی اعانت کے لیے درخواست دینے یا اسے موصول کرنے والے افراد سے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی جانب سے کی گئی تفویض کے مطابق جتنی جلدی ممکن ہو عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ جن افراد کو طبی کیفیت کے سبب عملی تقاضوں سے مستثنی ہونے کا تعین کیا گیا ہے ان سے معالجاتی پروگرام یا دیگر ایسی خدمات میں شرکت کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے جن سے کام کرنے کی ان کی اہلیت بحال یا بہتر ہو سکے۔ جان بوجھ کر اور معقول وجہ کے بغیر، عملی تقاضوں کی تعمیل کرنے میں ناکامی کا نتیجہ عارضی اعانت اور/یا فوڈ اسٹامپ کی مراعات میں کمی یا ان کے بند ہونے کی صورت میں برآمد ہو سکتا ہے۔

**سوال.** **میں عارضی اعانت کے لیے درخواست کیسے دوں؟**

**جواب.** اگر آپ نیو یارک سٹی سے باہر رہتے ہیں تو، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں اور ایک درخواست پیکیج مانگیں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی میں رہتے ہیں تو، اپنے مقامی انکم سپورٹ/جاب سنٹر کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں۔ آپ کو درخواست پُر کرنا اور اسے واپس کرنا ضروری ہے۔ یاد رکھیں، آپ درخواست موصول ہونے والے دن ہی اسے واپس **(فائل)** کر سکتے ہیں۔

**سوال.** **عارضی اعانت کے لیے میرے درخواست دینے پر کیا ہوتا ہے؟**

**جواب.** یہ پتہ کرنے کے لیے آپ کا انٹرویو ہوگا کہ آیا آپ عارضی اعانت پانے کے اہل ہیں۔ آپ سے مخصوص چیزوں کی تصدیق کرنے کو کہا جائے گا۔ **(کتاب 1 (LDSS-4148A) "آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے" دیکھیں۔)**

آپ سے یہ پتہ کرنے کے لیے ایک انٹرویو میں شرکت کرنے کو کہا جا سکتا ہے کہ آپ کس قسم کا کام کرنے پر قادر ہیں۔ ہم سرگرمیوں اور خدمات، بشمول تعلیم اور تربیت کی جو سرگرمیاں دستیاب ہیں ان پر بھی گفتگو کر سکتے ہیں، جس سے آپ کو نوکری پانے میں مدد مل سکتی ہے۔

انٹرویو کے دوران آپ سے پوچھا جائے گا:

- آپ کی تعلیم، تربیت، اور کام کی سرگزشت کے بارے میں
- آپ کس قسم کی نوکریاں کرنے پر قادر ہیں، اور آپ کی ترجیحات
- محض آپ کے لیے ملازمت کے منصوبے کے بارے میں بات اور اس پر اتفاق کرنے کے لیے
- نگہداشت طفل اور کام سے متعلق دیگر خدمات، جیسے نقل و حمل، جس کی آپ کو عملی سرگرمیوں، بشمول ملازمت میں شرکت کرنے کے واسطے ضرورت پڑ سکتی ہے

جب تک مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی جانب سے عملی تقاضوں میں شرکت کرنے سے آپ کے مستثنی ہونے کا تعین نہ ہو جائے، آپ کو مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی جانب سے کی گئی تفویض کے مطابق عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنا ضروری ہے۔ جو افراد عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں یا اسے موصول کر رہے ہیں اور جو کام کرنے پر قادر ہیں ان سے مسلسل نوکری تلاش کرنے اور کوئی نوکری دستیاب ہونے پر اسے اپنانے کی توقع کی جاتی ہے۔

**سوال.** **اگر میں صرف ان بچوں کے لیے عارضی اعانت کا خواہاں ہوں جو میرے ساتھ رہتے ہیں اور میرے حقیقی یا گود لیے ہوئے بچے نہیں ہیں تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب.** بہت سارے لوگ کے پاس ان کے ساتھ رہنے والے ایسے بچے ہوتے ہیں جو ان کے بچے نہیں ہوتے ہیں، مثلاً، دادا دادی جن کے پوتے پوتیاں ان کے ساتھ رہتے ہوں، یا پڑوسی جو اپنے پڑوسی کے بچوں کی دیکھ بھال ان کے والدین کی غیر موجودگی میں کررہا ہو۔ اگر آپ کے پاس آپ کے ساتھ رہنے والا ایسا بچہ ہو جو آپ کا بچہ نہ ہو تو، آپ اس بچے کی جانب سے عارضی اعانت (TA) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس قسم کے TA کے کیس کو غیر والدین نگراں کہا جاتا ہے اور یہ بچے کی نگہداشت کے لیے استعمال کرنے کے واسطے نقد گرانٹ فراہم کرتا ہے۔

اگر آپ اس صورتحال میں ہیں تو یہ کچھ قابل غور چیزیں ہیں:

- ریاستی اور وفاقی قوانین کا تقاضا ہے کہ TA کے لیے درخواست دینے والے کسی گھرانے کے لیے مخصوص معلومات فراہم کی جائیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ چاہے گھرانے میں صرف ایک ہی فرد درخواست دے، مگر پوری درخواست مکمل کرنا ضروری ہے۔ نیز، آپ کا گھرانہ فوڈ اسٹامپس، Medicaid، نگہداشت طفل یا خدمات کے لیے اہل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ ان دیگر پروگراموں کے لیے بھی درخواست دے رہے ہیں تو، پوری درخواست بھرنے سے ماخوذ معلومات سے آپ کے کارکن کو ان دیگر پروگراموں کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ تاہم، آپ صرف Medicaid، نگہداشت طفل یا فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے درخواست دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ نیز، اگر بچوں کے لیے TA کے واسطے آپ کے گھرانے کے نا اہل ہونے کا تعین ہوتا ہے اور آپ فوڈ اسٹامپ کی مراعات اور طبی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں، تو فوڈ اسٹامپ کی مراعات اور طبی اعانت کے لیے آپ کی اہلیت کا علیحدہ طور پر تعین کیا جائے گا۔
- آپ کی نگہداشت میں موجود بچوں کے لیے TA کی گرانٹ کا تعین کرتے ہوئے آپ کی آمدنی اور وسائل کو زیر غور نہیں لایا جائے گا۔ واحد وقت جب آپ کی آمدنی اور وسائل کو شمار کیا جائے گا تب ہوگا جب آپ TA کے لیے بھی درخواست دے رہے ہوں۔ تب بھی یہ آپ جس بچے کی نگہداشت کر رہے ہیں اس کے لیے TA گرانٹ کے ضمن میں شمار نہیں ہوگا۔ غیر نگراں والی گرانٹس خصوصی طور پر درخواست دینے والے بچوں کی آمدنی اور وسائل پر مبنی ہوتی ہیں۔

- آپ کو اس بارے میں معلومات فراہم کرنی ہوں گی کہ آپ کے ساتھ کون رہتا ہے، آپ کہاں رہتے ہیں، اور بچے کے پاس کون سے اخراجات، آمدنی اور وسائل ہیں۔ اگر آپ اس بچے کے غیروالدین رشتہ دار ہیں جس کے لیے آپ درخواست دے رہے ہیں تو، آپ سے آمدنی اور وسائل بیان کرنے کو کہا جائے گا، لیکن آپ سے ان کا ثبوت فراہم کرنے کو نہیں کہا جائے گا الّا یہ کہ آپ بھی درخواست دے رہے ہوں۔ آپ سے یہ معلومات اس وجہ سے طلب کی جائیں گی کہ وفاقی تقاضا یہ ہے کہ مقامی سوشل سروسز ڈسٹرکٹ یہ معلومات حاصل کرے۔
- آپ کو اپنے بچے (بچوں) کے لیے عارضی اعانت کی کسی درخواست کے مدنظر چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ کی تقاضوں میں باہمی تعاون کرنا ضروری ہے۔ آپ کو معقول وجہ سے یہ دعوی کرنے کا بھی حق ہے کہ امداد اطفال سرگرم طور پر طلب نہ کیا جائے اگر امداد اطفال طلب کرنے سے: آپ کی یا آپ کے بچے (بچوں) کی صحت، سلامتی یا بہبود ناموافق طور پر متاثر ہوگی۔ اگر آپ اس بات سے خوف زدہ ہیں کہ جن والدین سے آپ چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ سروسز طلب کر رہے ہیں وہ بچے کو ضرر پہنچائیں گے تو، عارضی اعانت کے کارکن کو فوری طور پر یہ بتائیں۔ کارکن آپ کو بتائے گا کہ امداد اطفال میں باہمی تعاون کے تقاضوں سے خانگی تشدد میں تخفیف حاصل کرنے کے لیے آپ کو کیا کام کرنا ہے۔

**سوال۔ اگر میں ایسے بچے کا نگراں ہوں جو میرے ساتھ رہتا ہے اور جو میرا حقیقی یا گود لیا ہوا بچہ نہیں ہے، اور مجھے بچے کی نگہداشت کرنے کے لیے اضافی مدد یا وسائل درکار ہیں تو، کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ میں انہیں کہاں تلاش کروں؟**

**جواب۔** NYS کنشپ کیئر گیور پروگرام (NYS Kinship Caregiver Program) کمیونٹی پر مبنی امدادی پروگراموں کا ایک ریاست گیر نیٹ ورک تشکیل دینے کے لیے بنایا گیا ہے جو قرابتی نگرانوں اور ان کے عزیزوں کے لیے خدمات کے ذریعے گھرانے کے استحکام اور دوام کو فروغ دیتا ہے۔ پروگرام میں ریاست کے مختلف حصوں میں واقع، کمیونٹی پر مبنی 13 پروگرام شامل ہیں جو اپنے عزیزوں کی پرورش کرنے والے قرابتی نگرانوں کی مدد کے لیے خدمات فراہم کرتے ہیں۔ غیر رسمی قرابتی نگہداشت فراہم کرنے والی فیملیز، ایسا عزیز جو بچے کے سرپرست یا متولی ہوں، نیز قرابتی رضاعی نگہداشت فراہم کرنے والے افراد ان پروگراموں سے خدمت پانےکے اہل ہیں۔ پیش کردہ خدمات میں شامل ہیں:

- مشاورت
- قانونی معلومات
- امدادی گروپس
- استراحت
- پرورش کرنے کی صلاحیتیں
- تعلیمی وکالت
- چائلڈ Medicaid کی معلومات
- کیس کا نظم و نسق
- بجٹ سازی اور ٹیکس کی معلومات
- رہائش
- ریفرالس
- صرف بچے کے لیے ادائیگی کی معلومات

اس کے علاوہ، ایک 14 واں پروگرام، NYS کنشپ نیویگیٹر پروگرام (NYS Kinship Navigator Program)، نگرانوں کی اور ان کی نگہداشت میں موجود بچے کی اعانت کرنے کے لیے معلومات اور ریفرل کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ نیو یارک سٹی میں کہیں بھی رہنے والا نگراں ٹول فری نمبر پر کال کر کے یا ویب سائٹ پر جا کر اپنی کاؤنٹی میں یا اس کے قریب دستیاب خدمات کے بارے میں معلومات پتہ کر سکتا ہے۔ نگراں کی ضروریات کی تشخیص کرنے اور ایک منصوبہ عمل تیار کرنے کے لیے تربیت یافتہ ماہرین بھی دستیاب ہیں۔ کنشپ نیویگیٹر پروگرام سے، ٹول فری **1-877-6463** (**1-877-4KinInfo**) پر پیر تا جمعہ 9:30 بجے صبح تا 4:30 بجے شام، یا **"http://www.nysnavigator.org/"**۔ پر انٹرنیٹ کے ذریعے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**سوال۔ اگر میں عارضی اعانت کے لیے درخواست دیتا ہوں اور مجھے محسوس ہوتا ہے کہ میں ایک طبی کیفیت کی وجہ سے کام کرنے یا عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے سے قاصر ہوں تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب۔** عارضی اعانت کے لیے درخواست دینے اور کسی طبی کیفیت کی وجہ سے کام کرنے یا عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے سے قاصر ہونے کا دعوی کرنے والے سبھی افراد سے اپنے ڈاکٹر سے دستاویزی شہادت فراہم کرنے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے۔ اس فرد سے طبی معائنہ میں شرکت کرنے کا بھی تقاضا کیا جا سکتا ہے جو مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی جانب سے کیے گئے انتظام کے مطابق دوسرے ڈاکٹر کے ذریعے مکمل کیا جاتا ہے تاکہ اس فرد کی طبی کیفیت کا جائزہ لیا جائے، اس فرد کو جو تحدیدات لاحق ہو سکتی ہیں ان کو شناخت کیا جائے اور طبی نگہداشت، باز بحالی یا معالجے کو شناخت کیا جائے جس سے اس فرد کی کام کرنے کی اہلیت بحال کرنے یا بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات دستیاب طبی دستاویزی شہادت کا جائزہ لے گا اور اپنے فیصلے سے آپ کو تحریری شکل میں مطلع کرے گا کہ آیا آپ سے عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے (غیر مستثنی یا کام کی تحدید) یا آپ عملی تقاضوں سے مستثنی ہیں۔ اگر آپ کام کرنے یا عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کی آپ کی اہلیت پر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہیں تو یہ نوٹس آپ کو منصفانہ سماعت کی درخواست کرنے کے آپ کے حق اور منصفانہ سماعت کی درخواست کرنے کے لیے مقررہ وقت کے بارے میں مطلع کرے گا۔

**سوال۔ کیا ایسے مخصوص افراد ہیں جو عارضی اعانت کے لیے اہل نہیں ہیں؟**

**جواب۔** ہاں، عارضی اعانت ایسے افراد کو نہیں دی جا سکتی ہے:

1. جن کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہے، جن کی شادی نہیں ہوئی ہے، جو بچے کی نگہداشت کر رہے ہیں، لیکن جن کی نگہداشت میں بارہ سال سے کم عمر کے بچے نہیں ہیں، اور جنھوں نے ہائی اسکول ڈپلوما یا اس کے مساوی کامیابی سے مکمل نہیں کیا ہے یا اس ضمن میں کام نہیں کر رہے ہیں، یا آپ کے کارکن کے ذریعے منظور شدہ متبادل پروگرام میں شرکت نہیں کر رہے ہیں۔
2. جو دو یا زائد ریاستوں سے عارضی اعانت موصول کرنے کے لیے اپنی جائے رہائش کے سلسلے میں پرفریب بیان دینے یا غلط بیانی کرنے کے سبب وفاقی عدالت میں سزا یاب ہوئے ہیں۔ نا اہلی کی مدت دس سال ہے۔
3. جو اس جگہ کے قوانین کے تحت مواخذہ، تحویل یا حراست سے بچنے کے لیے فرار ہو رہے ہیں جہاں سے وہ شخص ایسے جرم کے مدنظر یا جرم کا ارتکاب کرنے کی کوشش کے مدنظر فرار ہوتا ہے جو اس جگہ کے قانون کے تحت سنگین جرم ہے جہاں سے وہ فرد فرار ہوتا ہے، یا جو ریاست نیو جرسی کی صورت میں، اس ریاست کے قانون کے تحت قابل مواخذہ جرم ہے۔
4. جو وفاقی یا ریاستی قانون کے تحت عائد شدہ پروبیشن یا پیرول کی شرط کی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔
5. جن پر اہلیت کے مخصوص اصولوں کی تعمیل کرنے میں ناکامی کی وجہ سے کسی انفرادی یا پروگرام کی پابندی کے سبب جرمانہ عائد ہوا ہے۔

**سوال. اگر میں امریکہ کا شہری نہیں ہوں تو کیا میں عارضی اعانت پا سکتا ہوں؟**

**جواب.** اگر آپ امریکہ کے شہری نہیں ہیں تو، آپ کو یہ ضبط تحریر کرنا ضروری ہے کہ آپ عارضی اعانت کے لیے اہل ہونے کے واسطے ذیل میں مندرج زمروں میں سے ایک میں شامل پردیسی ہیں (کچھ پردیسی صرف سیفٹی نیٹ اسسٹنس پا سکتے ہیں):

1. امریکی (U.S.) غیر شہری باشندے؛ یا
2. کینیڈا میں پیدا شدہ امریکی انڈین نیز ترک وطن اور قومیت ایکٹ (Immigration and Nationality Act, INA) کے سیکشن 289 کے تحت کم از کم 50 فیصد خون امریکی انڈین نسل کا ہو؛ یا
3. انڈین قبیلے کا ممبر جیسا کہ انڈین از خود تعین اور تعلیمی تعاون ایکٹ ((25 U.S. C. 450b(e) کے سیکشن 4(e) میں بیان کیا گیا ہے؛ یا
4. ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 207 کے تحت امریکہ میں ریفیوجی کے بطور داخل شدہ کوئی پردیسی؛ یا
5. ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 208 کے تحت پناہ یافتہ کوئی پردیسی؛ یا
6. ایسا پردیسی جس کی ملک بدری 1 اپریل 1997 سے قابل نافذ العمل ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 243(h) کے تحت موقوف رکھی گئی ہو، یا ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 241(b)(3) کے تحت جس کا اخراج موقوف رکھا گیا ہو؛ یا
7. کیوبن اور ہیشین داخل ہونے والے فرد کے بطور امریکہ میں داخل شدہ کوئی پردیسی؛ یا
8. امریشین تارک وطن کے بطور داخل شدہ کوئی پردیسی؛ یا
9. ہمونگ یا ہائی لینڈ لاؤشین کے بطور داخل شدہ کوئی پردیسی، بشمول شریک حیات اور زیر کفالت بچے، یا،
10. ایسا پردیسی جو امریکی مسلح افواج میں فعال ڈیوٹی پر ہو، یا باعزت طور پر ڈسچارج شدہ سابق فوجی، ان کے شریک حیات یا زیر کفالت بچے، یا وفات یافتہ فعال ڈیوٹی ممبر یا سابق فوجی کی دوبارہ شادی نہ کرنے والی پس حیات شریک حیات اور غیر شادی شدہ زیر کفالت بچے؛ یا
11. ایسا پردیسی جو قانونی مستقل مکین کے بطور داخل ہوا ہے؛ یا
12. ایسا پردیسی جس کو ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 212(d)(5) کے تحت، کم از کم ایک سال کے مدت کے لیے امریکہ میں پیرول پر رہا کیا گیا ہے؛ یا
13. ایسا پردیسی جس کو ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 203(a)(7) کے تحت مشروط داخلہ دیا گیا ہے، جیسا کہ 4/1/1980 سے قبل مؤثر تھا؛ یا
14. ایسا پردیسی جس کو فیملی ممبر کے ذریعے امریکہ میں مارا پیٹا گیا یا انتہائی ظلم کا شکار بنایا گیا ہے اور جو مخصوص دیگر تقاضے پورا کرتا ہے؛ یا
15. ایسا پردیسی جو غیر قانونی تجارت اور تشدد سے متاثرین کا تحفظ ایکٹ 2000 کے تحت شخصی طور پر انسانوں کی غیر قانونی تجارت کی شدید شکل کا شکار رہا ہے؛ یا
16. اوپر غیر مندرج ایسا پردیسی جس کو رنگت کے قانون کے تحت امریکہ میں مستقل مقیم (Permanently Residing in the United States Under Color of Law, PRUCOL) مانا جاتا ہے، بشمول:
    - a. ایک سال سے کم کے لیے امریکہ میں پیرول پر رہا شدہ پردیسی؛
    - b. INA کے سیکشن 241(a)(3) کے تحت نگرانی کے آرڈر کے بموجب امریکہ میں مقیم پردیسی؛
    - c. INA کے سیکشن 240A کے بموجب اخراج کی منسوخی یافتہ پردیسی؛
    - d. مؤخر شدہ کارروائی کی حالت یافتہ پردیسی، جو ان کی روانگی کو موخر کرتا ہو؛
    - e. لیگل امیگریشن فیملی ایکوئٹی ایکٹ (Legal Immigration Family Equity Act, LIFE ایکٹ) کے تحت تشکیل شدہ "K3" یا "K4" ویزا یافتہ پردیسی؛
    - f. LIFE ایکٹ کے تحت "V" ویزا کی حالت یافتہ پردیسی؛
    - g. "S" ویزا کی حالت یافتہ پردیسی؛
    - h. "U" ویزا کے لیے عارضی راحت کے بطور مؤخر شدہ کارروائی یافتہ پردیسی؛ اور
    - i. ایسا پردیسی جو یہ ثابت کرے کہ INA کے سیکشن 249 کے بموجب وہ 1 جنوری 1972 کے بعد امریکہ میں داخل ہوا ہے یا اس کے بعد سے مسلسل رہا ہے۔

**سوال. اگر بلا دستاویز شہری میرے گھرانے میں رہتا ہے تو کیا ہوگا؟**

**جواب.** جن پردیسیوں کے پاس ایسی دستاویزات نہیں ہیں جو انہیں امریکہ میں قانونی طور پر رہنے کی اجازت دیں وہ صرف مخصوص اقسام کی ہنگامی مراعات کے اہل ہیں۔ ملک میں قانونی طور پر موجود شہری یا پردیسی جب بلا دستاویز پردیسیوں کے ساتھ رہتے ہوں تو گھرانے کے سبھی ممبروں کا درخواست پر مندرج ہونا ضروری ہے۔ جو بھی شخص درخواست میں اس تصدیق پر دستخط نہیں کرتا/کرتی کہ وہ ترک وطن کی اطمینان بخش حالت والا شہری یا پردیسی ہے اسے عارضی اعانت موصول نہیں ہو سکتی ہے۔ تاہم، اگر بصورت دیگر اہل ہوں تو، باقی گھرانہ مراعات کا اہل ہے۔ نوٹ: اگر امریکی شہریت اور ترک وطن کی خدمات (U.S. Citizenship and Immigration Services, USCIS) نے حتمی تعین کر دیا ہے کہ گھرانے کا ممبر ملک میں قانونی طور پر موجود ہے (مثلاً، اگر USCIS نے ملک بدری کا حتمی آرڈر جاری کر دیا ہے) اور وہ فرد مراعات کے لیے درخواست دیتا ہے تو، ہم USCIS کو مطلع کریں گے۔

**سوال. کیا میں تربیت یا تعلیم میں حصہ لینے پر اضافی مدد پا سکتا ہوں؟**

**جواب.** اگر آپ کو عارضی اعانت اور/یا فوڈ اسٹامپ کی مراعات مل رہیں اور مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے منظور شدہ تربیت یا تعلم کے پروگرام میں شرکت کر رہے ہیں تو، آپ تربیت یا تعلیم کے پروگراموں میں شرکت سے متعلق لاگتیں ادا کرنے میں مدد کے لیے اضافی مدد پانے کے اہل <u>**ہو سکتے**</u> ہیں جیسے:

- نگہداشت طفل
- نقل و حمل
- کام سے متعلق کپڑے
- کام کرنے کے ٹولز
- ٹیوشن، کتابیں اور سپلائیز

**سوال۔ اگر مجھے نوکری مل جاتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب۔** اگر آپ کو نوکری مل جاتی ہے تو، آپ جتنا کماتے ہیں اس کے لحاظ سے آپ اب بھی عارضی اعانت اور/یا فوڈ اسٹامپس کی مراعات پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس آپ کے ساتھ رہنے والے بچے ہیں تو، آپ کی کمائی گئی آمدنی کا ایک بڑا حصہ آپ کی عارضی اعانت کے ضمن ہیں شامل نہیں کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کو نوکری مل جاتی ہے، اور اتنا کما لیتے ہیں کہ آپ کو اب عارضی اعانت نہیں ملتی ہے تو، آپ درج ذیل پانے کے اہل ہو سکتے ہیں:

- نگہداشت طفل اور/یا طبی اعانت ایک سال تک کے لیے **(اس کتاب کا سیکشن E،"عبوری مدد" دیکھیں)**
- فوڈ اسٹامپ کی مراعات **(اس کتاب کا سیکشن D، "فوڈ اسٹامپ کی مراعات" دیکھیں)**
- کمایا ہوا انکم کریڈٹس **(اس کتاب کا سیکشن H، "دیگر مراعات" دیکھیں)**

**سوال۔ کیا میں ایسے خرچ میں مدد پا سکتا ہوں جس کی ادائیگی نہیں ہونے پر میں اپنی نوکری سے محروم ہو سکتا ہوں؟**

**جواب۔** آپ "ڈائیورژن پیمنٹ" کے لیے اہل ہوسکتے ہیں۔ یہ وہ ادائیگی ہے جو اس وقت مخصوص بحرانی حالت یا ایپی سوڈ سے نمٹے گی جب اس طرح کی ادائیگی کسی فرد یا فیملی کو مسلسل اعانت کی ضرورت سے بچنے کا اہل بنائے گی۔ "ڈائیورژن پیمنٹ" کا اہل ہونے کے لیے ضروری ہے کہ آپ ضرورت پوری کرنے کے لیے خود اپنے دستیاب مالی وسائل کے بغیر ہوں۔ "ڈائیورژن پیمنٹ" کی *مثالیں* ملازمت سے متعلق اخراجات، بشمول ملازمت سے متعلق نقل و حمل کے اخراجات، یا ایسے رہائشی انتظام میں دوبارہ بسنے کی لاگتیں شامل ہیں جن سے اس فرد یا فیملی کو خود مکتفی بننے کی سہولت ملے گی۔

**سوال۔ اگر میں کسی مطلوبہ ملازمت پروگرام میں حصہ لینے پر متفق نہیں ہوں یا اس میں ناکام ہو جاتا ہوں تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب۔** اگر آپ کام کرنے سے قاصر ہیں اور آپ جان بوجھ کر یا معقول وجہ کے بغیر مطلوبہ ملازمت میں شرکت کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں یا اس سے انکار کر دیتے ہیں تو، آپ عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ کی مراعات، اور دیگر خدمات سے محروم ہو سکتے ہیں۔ عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ کی مراعات، یا دیگر خدمات سے آپ کے محروم ہونے سے پہلے، شرکت کرنے میں آپ کے ناکام یا آپ کے انکار کرنے کی وجہ پر گفتگو کرنے کے لیے آپ کو مصالحت کانفرنس یا ایجنسی کانفرنس نامی ایک میٹنگ پیش کی جا سکتی ہے۔

اگر آپ کے پاس شرکت کرنے میں ناکام یا آپ کے انکار کرنے کی معقول وجہ ہے تو آپ عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ کی مراعات، یا دیگر خدمات سے محروم نہیں ہوں گے۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے تقاضے کے مطابق ملازمت کے پروگرام میں شرکت نہیں کرنے کی معقول وجہ کے اپنے دعوے کی تائید میں آپ سے دستاویزات فراہم کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ آپ کو منصفانہ سماعت کا بھی حق ہے۔ منصفانہ درخواست کرنے کے طریقے کے لیے، **کتاب 1 (LDSS-4148A) "آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے" دیکھیں۔**

**سوال۔ کیا میرے ساتھ رہنے والے ہر کسی کو عارضی اعانت کے لیے درخواست دینا ضروری ہے؟**

**جواب۔** جب آپ عارضی اعانت کے لیے درخواست دیتے ہیں تو آپ کے ساتھ رہنے والے (18 سال سے کم عمر کے) سبھی بچوں کو بھی درخواست دینا ضروری ہے۔ اگر آپ کے گھرانے میں رہنے والا کوئی اور شخص آپ کے بچے کا خون سے جڑا ہوا یا متبنی والدین یا خون سے جڑا ہوا یا متبنی بھائی یا بہن (18 سال سے کم عمر کا) ہے، تو انہیں بھی درخواست دینا اور اپنی آمدنی اور وسائل کو عارضی اعانت والے گھرانے کے ضمن میں لاگو کروانا چاہیے۔ اسے فائلنگ یونٹ رول کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، والدین کے ساتھ رہنے والے اپنے بچوں کے لیے درخواست دیے بغیر عارضی اعانت کے لیے بھی والدین درخواست نہیں دے سکتے۔

**سوال۔ اگر میرے بچے کو خصوصی سیکیورٹی کی مراعات ملتی ہیں تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب۔** اگر آپ کے گھرانے میں کسی بھی بچے نے سوشل سیکیورٹی کی مراعات کے لیے درخواست دی ہے یا اسے دینا ضروری ہے، اور آپ ان بچوں کے لیے عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، آپ کو درج ذیل باتیں جاننی چاہئیں:

کانگریس اور سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (Social Security Administration) نے آپ کی زیر نگہداشت بچے کی سوشل سیکیورٹی کی مراعات کے اس بچے کے والدین اور بھائی بہنوں پر خرچ کرنے کو قانونی گمان کیا ہے اگر وہ عارضی اعانت کی مراعات کے لیے درخواست دینا چاہتے ہوں یا وہ انہیں موصول ہوتی ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سوشل سیکیورٹی کی مراعات کو فائلنگ یونٹ میں آمدنی کے بطور شمار کیا جائے گا اور اسے گھرانے کے خرچ کے بنیادی آئٹموں، جیسے غذا اور پناہ گاہ کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جو بچے کی فوری ضروریات پوری کرنے کے علاوہ ہے۔

**سوال۔ اگر مجھے اہل پایا جاتا ہے تو، میں اپنی عارضی اعانت کی مراعات تک کیسے رسائی حاصل کروں؟**

**جواب۔** آپ کو "EBT فوڈ اسٹامپ اور/یا نقد مراعات پانے کے لیے اپنا بینیفٹ کارڈ کیسے استعمال کریں" کے عنوان سے ایک بروشر موصول ہوگا۔

- آپ کو QUEST کا لوگو ڈسپلے کرنے والے شرکت کنندہ ریٹیلرز یا آٹومیٹک ٹیلر مشینوں (ATM) کی جانب سے اپنی نقد مراعات تک رسائی حاصل کرنا ضروری ہے۔ سرچارج نہیں لگانے والے شرکت کنندہ ریٹیلر کا مقام، یا جو ATM سرچارج نہیں لگاتا ہے اس کا پتہ کرنے کے لیے ٹول فری **1-800-289-6739** پر کال کریں۔
- آپ اپنا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (Common Benefit Identification Card, CBIC) اور ذاتی شناختی نمبر (Personal Identification Number, PIN) استعمال کریں گے۔
- آپ کی مستقل ماہانہ نقد گرانٹ دو مراعات فی ماہ میں منقسم ہوگی (اگر $25.00 سے اوپر ہو)۔
- آپ کو ایک فارم دیا جائے گا جو آپ کو آپ کی نقد اعانت کی ہر گرانٹ کے لیے آپ کی دستیابی کی تاریخیں بتائے گا۔
- مراعات کو پورے ماہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ غیر استعمال شدہ مراعات ماہ بہ ماہ آپ کے کیش بینیفٹ اکاؤنٹ میں پہنچ جاتی ہیں۔
- اگر آپ کے کیش اکاؤنٹ تک لگاتار 90 دنوں تک رسائی حاصل نہیں کی جاتی ہے تو، اکاؤنٹ میں موجود کم از کم 90 دن پرانی کوئی نقد مراعات ہٹا (مٹا) دی جائیں گی اور ایجنسی کو واپس کر دی جائیں گی۔ جس کسی مٹائی گئی نقد مراعات کے لیے آپ اہل ہیں انہیں آپ اپنے کارکن سے دوبارہ جاری کرنے کی گزارش کر سکتے ہیں۔
- الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (Electronic Benefit Transfer, EBT) کے کسی ٹرانزیکشن کے بعد اپنی رسیدیں یاد سے چیک کریں۔

**سوال۔ مجھے عارضی اعانت جتنی مدت تک مل سکتی ہے کیا اس پر کوئی حد ہے؟**

**جواب۔** نیو یارک اسٹیٹ میں عارضی اعانت پر دو بار کی حد ہے۔

**1. ریاستی ساٹھ ماہ کے وقت کی حد -** نیو یارک اسٹیٹ میں وقت کی اس حد میں درج ذیل عارضی اعانت پروگرام شامل ہیں:

- فیملیز اور زیر کفالت بچوں کے لیے امداد (Aid to Families with Dependent Children, AFDC)، فیملی اسسٹنس (FA)، سیفٹی نیٹ اسسٹنس (SNA)، چائلڈ اسسٹنٹس پروگرام (Child Assistance Program, CAP) اور ریفیوجی کیش اسسٹنس (Refugee Cash Assistance, RCA) پروگرام کے تحت دسمبر 1996 کے بعد سے موصولہ نقد مراعات۔
- وفاقی ضرورت مند فیملیز کے لیے عارضی اعانت (Temporary Assistance for Needy Families, TANF) پروگرام کے تحت دیگر ریاستوں سے عارضی اعانت کی مراعات۔
- ان فیملیز کو موصولہ غیر نقدی سیفٹی نیٹ جس بالغ فرد سے ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق معالجہ پروگراموں میں شرکت کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔

**2. چوبیس ماہ نقد سیفٹی نیٹ کی وقت کی حد –** وقت کی اس حد میں اگست 1997 کے بعد موصولہ تمام نقد سیفٹی نیٹ اسسٹنس کی ادائیگیاں شامل ہیں۔

| |
|---|
| **نوٹ:** 24 ماہ کی وقت کی حد کو پہنچ جانے پر اپ صرف غیر نقد مراعات کے لیے اہل ہوتے ہیں۔ |

| |
|---|
| **نوٹ:** دوسری ریاستوں میں موصولہ TANF اسسٹنس میں دسمبر 1996 سے پہلے کے مدتیں شامل ہو سکتی ہیں۔ |

| |
|---|
| **نوٹ:** اگر آپ HIV مثبت ہیں یا آپ کو ایسی نا لیاقتی درپیش ہے جو آپ کو کام کرنے سے روکتی ہے تو آپ وقت کی حدود سے مستثنی ہو سکتے ہیں۔ |

| |
|---|
| **نوٹ:** عارضی اعانت کی وقت کی حدود آپ کی فوڈ اسٹامپ کی مراعات یا طبی اعانت کو متاثر نہیں کرتی ہیں۔ |

**سوال۔ مجھے یقین ہے کہ میں خانگی تشدد کا شکار ہوں۔ یہ ایجنسی کس طرح میری اعانت کر سکتی ہے؟**

**جواب۔** عارضی اعانت کا اہل ہونے کے لیے آپ کو مخصوص تقاضے پورا کرنا ضروری ہے۔ تاہم، اگر آپ خانگی تشدد کے شکار ہیں اور آپ کا خیال ہے کہ عارضی اعانت کے ایک یا زائد تقاضے پورا کرنا آپ کو یا آپ کے بچے کو ضرر کے مزید خطرے میں ڈالے گا تو، آپ ضرر کے خطرے کا ازالہ کرنے کے لیے خانگی تشدد سے متعلق صلاح کار کے ساتھ میٹنگ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر ضروری ہو تو کچھ تقاضے معاف ہو سکتے ہیں۔ عارضی اعانت کا آپ کا کارکن آپ کے انٹرویو کے دوران آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

اضافی طور پر، آپ ہنگامی پناہ گاہ، امدادی گروپوں، اور مشاورت کے بارے میں معلومات کے لیے 24 گھنٹے چلنے والی ہاٹ لائن کو کال کر سکتے ہیں۔ یہ خدمات آپ کو اور آپ کے بچوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کریں گی۔

معلومات حاصل کرنے اور اپنے مقامی خانگی تشدد سے متعلق خدمات فراہم کنندہ کے نام ریفرلز کے لیے آپ درج ذیل نمبروں پر، ٹول فری، روزانہ 24 گھنٹے کال کر سکتے ہیں:

**نیو یارک سٹی میں 1-800-621-HOPE (1-800-621-4673)** پر کال کریں

**نیو یارک اسٹیٹ کے کسی دیگر علاقے میں** NYS ڈومیسٹک وائلنس ہاٹ لائن (NYS Domestic Violence Hotline) کو **1-800-942-6906** پر کال کریں

(**ہسپانوی بولنے والے** ٹول فری **1-800-942-6908** پر کال کریں)۔

سروسز کا ایک کیس ورکر آپ کے لیے یہ معلومات حاصل کرنے کا بھی انتظام کر سکتا ہے۔

**سوال۔ امریکہ میں قانونی طور پر مقیم پردیسی کے بطور، میرے کفیل کی آمدنی اور وسائل میری اہلیت اور گرانٹ کو کس طرح متاثر کریں گے؟**

**جواب۔** دسمبر 1997 کے بعد تعاون کے حلف نامہ پر دستخط کرنے والے کفیل کی آمدنی اور وسائل کو فیملی اسسٹنٹس کے لیے اہلیت کا تعین کرنے کے لیے دستیاب تصور کیا جائے گا۔ اگر آپ اہل ہیں تو، آپ کی عارضی اعانت کی مراعات کا حساب کتاب کرنے کے مقصد سے صرف اصلاً کفیل کے ذریعے تعاون کردہ رقم کو آمدنی مانا جاتا ہے۔ تاہم، نظر ثانی شدہ وفاقی کفالتی معاہدے کے تحت، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کفیل سے باز ادائیگی کی درخواست اور اسے وصول کرے گا۔ کفیل کی ذمہ داری کے بطور یہ معلومات وفاقی حکومت کے ساتھ شیئر کی جائیں گی۔

**سوال۔ اگر میرے گھرانے کے پاس ایسے وسائل ہیں جو عارضی اعانت کی اہلیت کے ضمن میں شمار نہیں کیے گئے ہیں تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب۔** وسائل میں غیر منقولہ املاک، ذاتی پراپرٹی، نقدی، بینک اکاؤنٹس، بیمہ پالیسیاں، ٹرسٹ فنڈز، آٹوموبائلز، وغیرہ بلا تحدید شامل ہیں۔ TA کے لیے وسیلے کی حد گھرانے کے لیے $2,000.00 ہے۔ اگر گھرانے میں ایسا ممبر شامل ہو جو معذور ہو، یا جس کی عمر 60 سال سے زائد ہو تو، وسیلے کی حد $3,000.00 ہے۔

کچھ وسائل جیسے کمائی گئی آمدنی پر ٹیکس کریڈٹ (Earned Income Tax Credit, EITC) کی ادائیگیاں، انڈر گریجویٹ تعلیمی گرانٹ اور لون، نوکری طلب کرنے، حاصل کرنے یا برقرار رکھنے کے لیے پہلی یا متبادل گاڑی کے لیے بینک اکاؤنٹس، اور سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم سے ہونے والی بچتیں وسائل سے مستثنی ہیں۔ ان فنڈز کو دوسرے فنڈز سے علیحدہ اکاؤنٹ میں رکھا جائے۔ اگر انہیں علیحدہ نہیں رکھا جاتا ہے تو انہیں آپ کے گھرانے کے لیے وسیلے کی حد میں شمار کیا جا سکتا ہے۔

مثلاً، اگر آپ کے گھرانے میں کسی کو سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (Supplemental Security Income, SSI) موصول ہوتی ہے تو انہیں SSI کا پیسہ ڈیپازٹ کروانے کے لیے ایک علیحدہ اکاؤنٹ رکھنا چاہیے۔ اس طرح، SSI کا پیسہ آپ کے وسیلے کی حد کے ضمن میں شمار نہیں کیا جائے گا۔

**سوال.** **اگر میری پاس ایسی آمدنی ہے جو ہر ماہ تو نہیں لیکن باقاعدگی سے ملتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟ (مثلاً، ایسی آمدنی جو صرف سال میں ایک بار آتی ہے)؟**

**جواب.** اگر آپ کے پاس کمائی گئی یا بغیر کمائی گئی ایسی آمدنی ہے جو باقاعدہ موقت بنیاد پر موصول ہوتی ہے تو آپ کو چاہیے کہ اس آمدنی کو ہر ماہ ایک برابر رقم میں استعمال کریں یہاں تک کہ اگلی ادائیگی موصول ہو جائے۔

مثلاً، اگر آپ کو $1,200.00 کا سالیانہ (سال میں ایک بار ادائیگی) ملتا ہے تو، آپ کو چاہیے کہ 12 ماہ تک ہر ماہ $100.00 استعمال کریں۔ آپ کا کارکن آپ کی ماہانہ عارضی اعانت گرانٹ کے سلسلے میں ہر ماہ $100.00 کا بجٹ بھی بنائے گا۔

# سیکشن B — طبی اعانت

**سوال.** **طبی اعانت (Medicaid بھی کہا جاتا ہے) کیا ہے؟**

**جواب.** طبی اعانت ان لوگوں کے لیے مدد ہے جو اپنی تمام تر طبی نگہداشت کے لیے ادائیگی نہیں کر سکتے۔

- Medicaid بچوں اور بالغوں اور جن کی آمدنی اور وسائل مخصوص سطحوں سے کم ہیں ان کے لیے نگہداشت صحت کوریج فراہم کرتا ہے۔
- فیملی ہیلتھ پلس (Family Health Plus) 19 سے لے کر 64 سال تک کی عمر کے ان افراد کے لیے نگہداشت صحت کوریج فراہم کرتا ہے جن کے پاس اتنی کافی زیادہ آمدنی ہے کہ انہیں Medicaid نہیں مل سکتا۔
- خاندانی منصوبہ بندی کا بینیفٹ پروگرام (Family Planning Benefit Program) خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات، مخصوص تعلیم صحت اور متعلقہ طبی نگہداشت بچہ جننے کی عمر والے ان افراد کو فراہم کرتا ہے جن کی آمدنی مخصوص سطحوں سے نیچے ہے۔ (طبی اعانت سے متعلق سوال اور جواب **"کیا طبی اعانت خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات حاصل کرنے میں میری مد کر سکتی ہے؟"** اس سیکشن میں آگے چل کر دیکھیں۔)
- کام کاجی معذور افراد کے لیے Medicaid بائی ان پروگرام (Medicaid Buy-In program for Working People with Disabilities, MBI-WPD)۔ کام کرنے والے معذور افراد کو، اور باقاعدہ Medicaid کے لیے قابل اجازت حد سے زیادہ کمانے والے افراد کو Medicaid کی معرفت اپنی نگہداشت صحت کی کوریج برقرار رکھنے کا موقع پیش کرتا ہے۔

**سوال.** **کون Medicaid پا سکتا ہے؟**

**جواب.** آپ طبی اعانت پا سکتے ہیں اگر آپ:

- مخصوص آمدنی، وسیلہ، عمر، معذوری یا دیگر تقاضے پورا کرتے ہیں۔
- عام طور پر، عارضی اعانت یا سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) کے لیے اہل ہیں۔

**سوال.** **میں Medicaid کے لیے کیسے درخواست دوں؟**

**جواب.** آپ کو ایک درخواست فارم پُر کرنا اور Medicaid کے باکس کو نشان زد کرنا ضروری ہے۔

- عارضی اعانت کے لیے درخواست Medicaid کے لیے درخواست نہیں ہے۔ عارضی اعانت پانے والے افراد خود بخود طبی اعانت نہیں پاتے ہیں۔ اگر آپ کو Medicaid اور عارضی اعانت دونوں چاہیے تو، **آپ کو درخواست پر دونوں باکس نشان زد کرنا ضروری ہے۔**
- جب آپ کو سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) مل رہی ہو تو، آپ کو Medicaid کے لیے علیحدہ طور پر درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ SSI پانے سے پہلے طبی اعانت کے خواہاں ہیں تو، آپ کو درخواست دینا ضروری ہے۔
- اگر آپ صرف خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو آپ Medicaid میں اندراج یافتہ خاندانی منصوبہ بندی فراہم کنندہ کے پاس درخواست دے سکتے ہیں جس نے درخواستیں قبول کرنے کے لیے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ آپ کا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات آپ کو ان مقامات کی فہرست فراہم کر سکتا ہے، یا آپ ٹول فری **1-800-541-2831** پر کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ Medicaid کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو، آپ کو درج ذیل میں سے ایک کام کرنا ضروری ہے:

- اگر آپ نیو یارک سٹی میں رہتے ہیں تو، درخواست دینے کے طریقے اور جگہ کے بارے میں معلومات کے لیے، ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن کی انفولائن کو **(718) 557-1399** پر یا ٹول فری **1-877-472-8411** پر کال کریں۔
- اگر آپ نیو یارک سٹی سے باہر رہتے ہیں تو، جس کاؤنٹی میں آپ رہتے ہیں وہاں کے اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں اور ایک درخواست پیکٹ مانگیں۔
- اگر آپ نیو یارک اسٹیٹ کے دفتر برائے ذہنی صحت یا دفتر برائے ذہنی اتلاف اور نشوونما سے متعلق معذوری کے اقامتی انتظام کے مکین ہیں تو، فسیلیٹی کی قسم کے بعد مندرج دفتر سے رابطہ کریں:

  نیو یارک اسٹیٹ کا دفتر برائے ذہنی صحت - پیشنٹ ریسورس آفس؛ یا

  نیو یارک اسٹیٹ کا دفتر برائے ذہنی اتلاف اور نشوونما سے متعلق معذوری - ریونیو سپورٹ فیلڈ آفس
- اگر آپ حاملہ ہیں اور چھوٹے بچے کے لیے درخواست دے رہی ہیں تو، ٹول فری **1-800-522-5006** پر کال کریں۔
- Medicaid کے لیے درخواست دینے سے متعلق اضافی معلومات انٹرنیٹ: **www.nyhealth.gov** پر دستیاب ہیں اور Medicaid پر کلک کریں۔

پورے نیو یارک اسٹیٹ میں اندراج سے متعلق سہولت رساں موجود ہیں جو Medicaid کے لیے درخواست دینے میں آپ کی اعانت کر سکتے ہیں۔ آپ کی قریب ترین تنظیم کے نام کے لیے، ٹول فری **1-800-698-4543** پر یا ٹول فری **1-877-934-7587** پر کال کریں۔

**سوال۔ Medicaid کس طرح میری مدد کر سکتا ہے؟**

**جواب۔** Medicaid درج ذیل کے لیے ادائیگی کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے:

- صحت بیمہ کے پریمیم
- ہاسپٹل میں داخلی مریض اور خارجی مریض کی خدمات
- گھر پر نگہداشت صحت
- لیباریٹری اور ایکسرے خدمات
- نرسنگ ہوم کیئر
- معالجہ اور تدارکی صحت اور ڈینٹل کیئر (ڈاکٹر اور معالجین دندان)
- خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات
- سائیکیاٹرک ہسپتالوں میں معالجہ (21 سال سے کم، یا 65 سال اور زائد عمر) کے افراد کے لیے، ذہنی صحت کی سہولیات، ذہنی اتلاف اور نشوونما سے متعلق معذوری کی سہولیات
- دوا اور سپلائیز
- کلینک کی خدمات
- ہسپتال تک ایمبولنس سے ہنگامی نقل و حمل
- دیگر صحت خدمات

Medicaid درج ذیل کے لیے ادائیگی کرنے میں بھی مدد کر سکتا ہے، لیکن آپ یا خدمت فراہم کرنے والے شخص/فسیلیٹی پر **خدمت کو وقت سے پہلے منظور کروانا ضروری ہے (پیشگی منظوری):**

- طبی اپائنٹمنٹس تک نقل و حل، بشمول بس ٹوکن اور کار مائلیج
- ذاتی نگہداشت
- نجی ڈیوٹی نرسنگ
- مخصوص ڈینٹل کیئر
- دیرپا طبی ساز و سامان (وھیل چیئر، آرتھوپیڈک جوتے، وغیرہ)
- طویل مدتی گھر پر نگہداشت صحت، طویل مدتی ہوم ہیلتھ کیئر پروگرام **(Long Term Home Health Care Program, LTHHCP)** کے تحت۔ یہ گھر پر ہونے والی نگہداشت ہے جو بہت حد تک ان لوگوں کے لیے نرسنگ ہوم کیئر کی طرح ہے جنہیں 90 دنوں سے زائد تک گھر پر نگہداشت مطلوب ہوتی ہے اور جنہیں نرسنگ یا تھراپی کی خدمات درکار ہوتی ہیں۔ (یہ پروگرام سارے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں دستیاب نہیں ہے)۔
- خاص پروگراموں میں گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات جو گھر پر رہنے میں آپ کی مدد کرتی ہیں تاکہ آپ کو نرسنگ ہوم جانے کی ضرورت نہ پڑے۔

اگر آپ حاملہ ہیں یا آپ کے پاس بچہ ہے تو، درج ذیل پروگرام آپ کی مدد کرنے پر قادر ہو سکتے ہیں:

- **پیرنٹل کیئر اسسٹنس پروگرام (Prenatal Care Assistance Program, PCAP)** اگر آپ حاملہ ہیں تو، **پیرنٹل کیئر اسسٹنس پروگرام** ایک صحت مند بچے کو جنم دینے کے لیے آپ کو درکار نگہداشت حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے آپ کی زیادہ آمدنی ہو اور پھر بھی آپ پیرنٹل کیئر اسسٹنس پروگرام سے نگہداشت پا سکتے ہیں۔ آپ کے پاس جو وسائل ہو سکتے ہیں ان کی مقدار پر کوئی حد نہیں ہے۔ پیرنٹل کیئر اسسٹنس پروگرام کی اپنی پہلی ملاقات میں، ایک کارکن طبی اعانت کے لیے درخواست دینے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ اس پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ہیلدی بے بی ہاٹ لائن کو **1-800-522-5006** پر کال کریں۔
- **WIC** - آپ **WIC** (خواتین، شیر خوار اور بچے کے لیے خصوصی تکملاتی غذا پروگرام) – **WIC** پروگرام غذائیت اور صحت بخش غذائیں کھانے کی اہمیت کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتا ہے۔ **WIC** پروگرام ایسے چیک فراہم کرتا ہے جنہیں انفینٹ فارمولا، دودھ، جوس، انڈے، پنیر، سیریل، مونگ پھلی مکھن، خشک مٹر اور پھلیوں کے عوض شرکت کنندہ اسٹورز میں بدلا جا سکتا ہے۔

WIC پروگرام اور آپ کہاں درخواست دے سکتے ہیں اس بارے میں مزید معلومات کے لیے، **1-800-522-5006** پر کال کریں۔

- **منضبط نگہداشت کے منصوبے (Managed Care Plans)** بھی ایسا ڈاکٹر تلاش کرنے میں آپ کی مدد کریں گے جو آپ کو ولدیت والی نگہداشت دے سکتا ہے اور آپ کے حمل کے بعد فالو اپ کے لیے آپ کو دیکھتا رہ سکتا ہے۔ منضبط نگہداشت کے پروگرام بچوں اور جوانوں کے لیے چائلڈ/ٹین ہیلتھ پلان سروسز (Child/Teen Health Plan Services) بھی فراہم کرتے ہیں۔

**بچوں کے لیے چائلڈ/ٹین ہیلتھ پلان**

تمام بچوں کے "میڈیکل ہوم" درکار ہوتا ہے میڈیکل ہوم وہ ڈاکٹر، نرس، فزیشین کے معاون یا نگہداشت صحت ٹیم ہوتے ہیں جو آپ کے بچے کے بڑے ہونے اور نشوونما پا کر شیر خوار سے نونہال بننے، پری اسکولر بننے کے وقت اور پورے بچپن اور جوانی میں ان کی صحت کا خیال رکھتے ہیں۔ میڈیکل ہوم وہ جگہ ہوتی ہے جہاں آپ اپنے بچے کو چیک اپ کے لیے یا آپ کے بچے کے بیمار ہونے پر ہمیشہ انہیں لاتے ہیں۔ اور میڈیکل ہوم وہ جگہ ہوتی ہے جہاں آپ اپنے بچے کی صحت اور نشوونما کے بارے میں سوالات اور تشویشات لے کر جاتے ہیں۔

**چائلڈ/ٹین ہیلتھ پلان -** چائلڈ/ٹین ہیلتھ پلان "میڈیکل ہوم" تلاش کرنے میں آپ کے بچے کی مدد کرتا ہے۔ یہ بچوں اور جوانوں کے صحت مند ہونے اور صحیح سے پرورش پانے کو یقینی بنانے کے انہیں درکار تدارکی نگہداشت (چیک اپس)، طبی معائنے اور فالو اپ موصول کرنے کا طریقہ ہے۔

**چائلڈ/ٹین ہیلتھ پلان** پیدائش سے لے کے 21 سال کی عمر تک ان بچوں کے لیے ہے جن کے پاس طبی اعانت ہے۔ یہ بلا معاوضہ ہے۔

**چائلڈ/ٹین ہیلتھ پلان** آپ کے بچے کو دیتا ہے:

- مکمل طبی معائنے
- یہ دیکھنے کے لیے ٹیسٹ کہ آیا آپ کا بچہ یا بچی اپنی عمر کے حساب سے پرورش اور نشوونما پا رہا یا رہی ہے اور درست کام کر رہا یا رہی ہے۔
- خون میں سیسہ کی سطح کی ٹیسٹنگ
- سماعت، لیب، اور آنکھ کے ٹیسٹ
- کوئی شاٹ جو انہیں درکار ہو سکتا ہو
- ڈینٹل کیئر
- معائنہ کے دوران پائی جانے والی کسی کیفیت یا بیماری کے لیے لازمی معالجہ، جیسے دمہ، مٹاپوی لیفیت، ذیابیطس، ہلالی خلیہ سے متعلق خون کی کمی اور بصارت اور سماعت کے مسائل

اس پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، یا اپنے بچے کے لیے ڈاکٹر تلاش کرنے میں مدد کے لیے، اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں **چائلڈ/ٹین ہیلتھ پلان سروسز** کے کوآرڈینیٹر کو پوچھیں۔

**سوال.** **اگر میں کسی نئی کاؤنٹی میں منتقل ہو جاتا ہوں تو، کیا میڈیکل/FHPlus پانے کے لیے مجھے دوبارہ درخواست دینے کی ضرورت ہے؟**

**جواب.** اگر آپ منتقل ہوتے ہیں تو، آپ کو اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو اپنے نئے پتہ سے مطلع کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کے حالات میں کوئی دیگر ایسی تبدیلیاں نہیں ہوئی ہیں جن سے آپ کی اہلیت متاثر ہوتی ہے۔ Medicaid کا آپ کا کیس آپ کی نئی رہائش والی کاؤنٹی کو منتقل کر دیا جائے گا۔

**سوال.** **کیا Medicaid خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات حاصل کرنے میں میری مدد کر سکتا ہے؟**

**جواب.** ہاں۔ اگر آپ بچہ جننے کی عمر کی ہیں اور طبی اعانت یا فیملی ہیلتھ پلس کے لیے اہل ہیں تو، خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات اس میں شامل ہیں۔ اگر آپ کو طبی اعانت یا فیملی ہیلتھ پلس سے مسترد یامعطل کر دیا گیا تھا تو، آپ خاندانی منصوبہ بندی کے بینیفٹ پروگرام کے لیے اہل ہو سکتے ہیں کیونکہ آمدنی کی سطح زیادہ ہے اور وسیلے کی کوئی حد نہیں ہے۔ آپ طبی اعانت یا فیملی ہیلتھ پلس کے لیے درخواست دیے بغیر خاندانی منصوبہ بندی کے بینیفٹ پروگرام کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

**خاندانی منصوبہ بندی کا بینیفٹ پروگرام (Family Planning Benefit Program, FPBP)** بچہ جننے کی عمر کے اہل افراد کو ان کی آمدنی کی بنیاد پر خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے لیے طبی اعانت کی کوریج فراہم کرتا ہے۔ درخواست پر کارروائی اور فراہم کردہ خدمات دونوں ہی رازدارانہ ہوتے ہیں۔

اگر آپ اہل ہیں تو، آپ کو طبی اعانت کے اندراج کردہ خاندانی منصوبہ بندی کے تمام فراہم کنندگان کی جانب سے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک رسائی حاصل ہوگی۔ ان خدمات میں شامل ہیں: FDA سے منظور شد ضبط تولید کے تمام طریقے، ڈیوائسز، اور سپلائیز، تولیدی صحت کی جامع سرگزشت اور جسمانی/نسوانی معائنہ، مردانہ اور زنانہ جراثیم کشی، حمل کی جانچ اور مشاورت، اور قبل از استقرار حمل مشاورت۔ اگر آپ اہل ہیں تو، جس ماہ میں آپ درخواست دیں گے اس ما کی پہلی تاریخ سے کوریج شروع ہوگی۔

بیشتر مقامی کاؤنٹی کے صحت محکمے، عوامی طور پرتعاون یافتہ خاندانی منصوبہ بندی کے کلینک، اور قبل از ولادت نگہداشت میں اعانت پروگرام کے فراہم کنندگان (Medicaid اندراج یافتہ خاندانی منصوبہ بندی فراہم کنندگان) درخواست مکمل کرنے اور مطلوبہ دستاویزی شہادت حاصل کرنے میں آپ کی اعانت کر سکتے ہیں۔
خاندانی منصوبہ بندی کے بینیفٹ پرگرام کے لیے اہلیت 12 ماہ تک رہے گی الّا یہ کہ اہلیت کے حالات تبدیل ہو جائیں۔ 12 ماہ کے بعد آپ کو ڈاک میں تجدید فارم ملے گا۔
اس پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں اور ایک درخواست مانگیں۔ آپ خاندانی منصوبہ بندی فراہم کنند کے دفتر میں درخواست دے سکتے ہیں۔ شرکت کنندہ خاندانی منصوبہ بندی فراہم کنندہ آپ کے علاقے میں کہاں ہے اس کا پتہ کرنے کے لیے، آپ **1-800-541-2831** پر کال کر سکتے ہیں۔ (اس کتابچہ کے طبی اعانت والے سیکشن کے آخر میں فیملی ہیلتھ پلس کی وضاحت دیکھیں۔)

**سوال** **کام کاجی معذور افراد کے لیے Medicaid بائی ان پروگرام کیا ہے؟**

**جواب.** کام کاجی معذور افراد کے لیے Medicaid بائی ان پروگرام (MBI-WPD) ایسے کام کاجی معذور افراد کے لیے طبی اعانت کی کوریج فراہم کرتا ہے جن کی خالص آمدنی وفاقی سطح افلاس (Federal Poverty Level, FPL) کے 250% پر یا اس سے کم ہے اور غیر مستثنی وسائل $10,000 پر یا اس سے کم ہیں۔ یہ پروگرام کاجی معذور افراد کی نگہداشت صحت کی کوریج برقرار رکھنے ہیں ان کی مدد کے لیے بنایا گیا ہے۔ آپ کی آمدنی کے لحاظ سے، آپ سے ماہانہ پریمیم ادا کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔

**سوال.** **MBI-WPD پروگرام کے لیے اہلیت کے تقاضے کیا ہیں:**

**جواب.** MBI-WPD پروگرام کے لیے اہل قرار پانے کے لیے ضروری ہے کہ:

- آپ یا تو سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (Social Security Administration, SSA) یا ریاستی یا مقامی معذوری کی جائزہ ٹیم سے مصدقہ معذور ہوں؛ اور
- آپ نیو یارک اسٹیٹ میں رہتے ہوں؛ اور
- آپ امریکی شہری، باشندہ، اصل امریکی یا ترک وطن کی اطمینان بخش حالت والے تارک وطن ہوں؛ اور
- آپ کی عمر کم از کم 16 سال لیکن 65 سال سے کم ہو؛ اور
- آپ اس عملی سرگرمی میں مشغول ہوں جس کے لیے قابل اطلاق ریاستی اور وفاقی انکم اور پیرول ٹیکس ادا کیے جاتے ہیں؛ اور
- آپ آمدنی اور وسیلے کی حدود پوری کرتے ہوں (نیچے دیکھیں)؛ اور

- اگر تقاضا کیا جائے تو آپ پریمیم ادا کریں۔

**سوال.** **Medicaid کس طرح کام کرتا ہے؟**

**جواب.** درخواست منظور ہو جانے کے بعد، بیشتر افراد کو **عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (Common Benefit Identification Card, CBIC)** نامی ایک پلاسٹک کارڈ ملے گا۔ طبی کارڈ آپ کو ملنے پر، یہ کارڈ اس ڈاکٹر، فارماسسٹ، یا دیگر شخص کو دیں جس سے آپ مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ آپ کے ڈاکٹر، فارماسسٹ، یا دیگر شخص کو Medicaid کو بل بھیجنے اور Medicaid کا اندراج یافتہ فراہم کنندہ ہونے پر اتفاق کرنا ضروری ہے۔ آپ کے بل ادائیگی ہونے کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کے طبی اعانت پروگرام کو بھیجے جائیں گے۔ فیملی ہیلتھ پلس میں اندراج یافتہ افراد کو ان کے منتخب کردہ صحت منصوبہ سے ایک کارڈ موصول ہوگا۔ فیملی ہیلتھ پلس میں یا Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت منصوبہ میں اندراج یافتہ اہل افراد کو منصوبے کے ذریعہ محیط خدمات کے لیے اپنے صحت منصوبہ میں شامل فراہم کنندگان کا استعمال کرنا ضروری ہے۔

نیو یارک میں بیشتر کاؤنٹی میں، آپ کو منضبط نگہداشت صحت منصوبہ میں شامل ہونے کا اختیار ہوگا۔ بیشتر کاؤنٹی میں لازمی منضبط نگہداشت ہے۔ (سوال اور جواب "Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت منصوبہ کیا ہے؟" دیکھیں)

**سوال.** **کیا میری طبی نگہداشت کے لیے مجھے کوئی پیسہ ادا کرنا ہے؟**

**جواب.** 21 سال یا اس سے زائد عمر کے طبی اعانت کے وصول کنندگان سے کچھ طبی نگہداشت/آئٹمز کی لاگتوں کا بعض حصہ ادا کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ اسے مشترکہ ادائیگی یا کو پے (co-pay) کہا جاتا ہے۔ آپ کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو آپ سے مشترکہ ادائیگی کے لیے کہنے کی اجازت ہے۔ 1 اپریل سے شروع کر کے، ہر 12 ماہ کے لیے، تمام مشترکہ ادائیگیوں کے لیے 200$ زیادہ سے زیادہ فی وصول کنندہ ہے۔

**اگر آپ درخواست کردہ مشترکہ ادائیگی ادا کرنے سے قاصر ہیں تو، جب آپ کا فراہم کنندہ آپ سے ادائیگی مانگے تب اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو بتائیں۔ آپ اب بھی اپنے فراہم کنندہ سے خود کو درکار خدمت حاصل کر سکتے ہیں۔ فراہم کنندہ آپ کو خدمات یا اشیاء دینے سے اس وجہ سے انکار نہیں کر سکتا کہ آپ نے فراہم کنندہ کو یہ بتایا کہ آپ مشترکہ ادائیگی کرنے سے قاصر ہیں۔ 1-800-541-2831 پر کال کر کے ایسے فراہم کنندہ کی رپورٹ کریں جو اس وجہ سے آپ کو نگہداشت یا خدمات دینے سے انکار کرتا ہے کہ آپ مشترکہ ادائیگی ادا کرنے سے قاصر ہیں۔**

- **مشترکہ ادائیگی کی رقوم حسب ذیل ہیں:**

| خدمت | رقم ($) |
|---|---|
| داخلی مریض ہاسپٹل | 25.00 $ فی قیام ڈسچارج ہونے کے وقت |
| خارجی مریض ہاسپٹل اور کلینک | 3.00 $ فی آمد |
| غیر ہنگامی/غیر فوری طلب ایمرجنسی روم میں آمد | 3.00 $ فی آمد |
| نسخے والی دوائیں | |
| (ترجیحی برانڈ نام) | $ 3.00 |
| (جنرک) | $ 1.00 |
| بغیر نسخے کے ملنے والی دوائیں | $ .50 |
| ذہنی صحت کا علاج کرنے کے لیے دوائیں | کوئی مشترکہ ادائیگی نہیں ہے |
| تپ دق کی براہ راست مشاہدہ کردہ تھراپی | کوئی مشترکہ ادائیگی نہیں ہے |
| خاندانی منصوبہ بندی | 1.00 $ فی آرڈر/نسخہ |
| تغذیاتی طبی فارمولے اور سپلائیز | 1.00 $ فی نسخہ |
| طبی/ جراحتی سپلائیز | .50 $ فی طریقہ کار |
| لیباریٹری۔ | 1.00 $ فی طریقہ کار |
| ایکسریز | 1.00 $ فی طریقہ کار |

- **مشترکہ ادائیگی سے مستثنیٰ وصول کنندگان میں درج ذیل شامل ہیں:**
  - اکیس سال سے کم عمر کے وصول کنندگان؛
  - حاملہ خواتین (یہ استثناء جس ماہ میں حمل کا اختتام ہوا اس ماہ کے بعد سے دو ماہ تک جاری رہتا ہے)؛
  - طبی سہولت میں ادارہ جاتی حیثیت یافتہ وہ وصول کنندگان جن کو ذاتی ضروریات الاؤنس کو چھوڑ کر، اپنی ساری آمدنی طبی نگہداشت پر خرچ کرنی ہوتی ہے۔ اس میں نرسنگ کی فسیلیٹیز میں اور نشوونما کے لحاظ سے معذور افراد کے لیے انٹرمیڈیئٹ کیئر فسیلیٹیز (Intermediate Care Facilities for the Developmentally Disabled, ICF/DD) میں موجود تمام وصول کنندگان شامل ہیں؛
  - Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت کے منصوبوں میں اندراج یافتہ وصول کنندگان سوائے اس کے کہ ایسے افراد مہیا کردہ ہر جنرک نسخے والی دوا، مہیا کردہ ہر برانڈ نام کی نسخے والی دوا، اور تسلیم شدہ پریکٹشنر کی آرڈر کردہ بغیر نسخے کے ملنے والی دوا کے لیے مشترکہ ادائیگیوں کے مستوجب ہوں؛
  - نیو یارک اسٹیٹ کے دفتر برائے ذہنی صحت یا دفتر برائے ذہنی اتلاف اور نشوونما سے متعلق معذوری سے مصدقہ کمیونٹی کی رہائش گاہوں کے مکین اور جامع Medicaid کیس مینیجمنٹ پروگرام (Comprehensive Medicaid Case Management Program, CMCM) یا گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات (Home and Community Based Services, HCBS) میں تخفیف پروگرام میں اندراج یافتہ وصول کنندگان۔ طویل مدتی ہوم ہیلتھ کیئر پروگرام کے شرکاء مشترکہ ادائیگیوں سے مستثنیٰ **نہیں** ہیں۔

- **شترکہ ادائیگیوں سے مستثنیٰ خدمات میں درج ذیل شامل ہیں:**
  - ہنگامی خدمات؛
  - خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات (مثلاً، ضبط تولید کی گولیاں یا کنڈوم)؛
  - تپ دق کی براہ راست مشاہدہ کردہ تھراپی؛
  - میتھاڈون مینٹیننس ٹریٹمنٹ پروگرامز (Maintenance Treatment Programs)، مینٹل ہیلتھ کلینک کی خدمات، ذہنی اتلاف سے متعلق کلینک کی خدمات، الکحل اور ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق کلینک کی خدمات۔

**نوٹ:** مشترکہ ادائیگیاں پریکٹس کرنے والے فزیشنز اور معالجین دندان کے ذریعے یا گھر پر صحت اور ذاتی نگہداشت کی خدمات کے لیے وصول نہیں کی جاتی ہیں۔

**نوٹ:** اگر آپ کو **فیملی ہیلتھ پلس** مل رہا ہےتو، آپ کی مختلف مشترکہ ادائیگیاں ہوتی ہیں (سوال "اس پر کتنی لاگت آتی ہے؟" دیکھیں اس **طبی اعانت** کے سیکشن میں **فیملی ہیلتھ پلس** کے ضمنی سیکشن میں، اس نوٹ کے بعد متعدد صفحات۔)

**سوال. میں کتنی بار اور کتنی مقدار میں طبی اعانت حاصل کر سکتا ہوں؟**

**جواب.** طبی اعانت ڈاکٹروں یا کلینک، لیبز یا دوا کے اسٹورز پر ہونے والی آمد کے مدنظر جتنی بار ادائیگی کرے گی اس کی تعداد محدود ہو سکتی ہے۔ اس حد کو **"Medicaid یوٹیلائزیشن تھریشولڈ"** کہا جاتا ہے۔ آپ کا کارکن آپ کو بتائے گا کہ آیا **Medicaid یوٹیلائزیشن تھریشولڈ** آپ پر لاگو ہوتا ہے۔

**سوال. Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت کا منصوبہ کیا ہے؟**

**جواب.** بیشتر کاؤنٹیز میں Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت کے منصوبوں میں سے ایک یا زائد کی معرفت Medicaid کے منضبط نگہداشت پروگرام ہے۔ Medicaid کے منضبط نگہداشت کا منصوبہ میں آپ کے شامل ہونے پر، آپ ان فراہم کنندگان اور ہسپتالوں کا استعمال کرتے ہیں جو آپ کے منصوبے میں ہیں۔ آپ خود اپنا ڈاکٹر یا نرس پریکٹشنر منتخب کرتے ہیں جو آپ کی تمام تر نگہداشت صحت کا ٹریک رکھے گا۔ اس فرد کو ابتدائی نگہداشت فراہم کنندہ (Primary Care Provider, PCP) کہا جاتا ہے۔ آپ کا ابتدائی نگہداشت صحت فراہم کنندہ آپ کو ضرورت پڑنے پر ایک اسپیشلسٹ کے پاس بھیجے گا۔ فیملی ہیلتھ پلس کے تحت، تمام خدمات آپ کے منتخب کردہ منضبط نگہداشت کے منصوبے سے موصول ہوتی ہیں۔

**سوال. Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت کے منصوبے میں کیوں شامل ہوں؟**

**جواب.** بہت ساری کاؤنٹیز میں آپ کو Medicaid کی اپنی نگہداشت صحت کی خدمات کا بیشتر حصہ موصول کرنے کے لیے آپ کو منضبط نگہداشت کے منصوبے میں شامل ہونا ضروری ہے۔ اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کر کے پتہ کریں کہ آیا آپ Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت کے منصوبے میں شامل ہو سکتے ہیں یاشامل ہونا ضروری ہے۔ بیشتر Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت کے منصوبے باقاعدہ طبی اعانت کی بہ نسبت منتخب کرنے کے لیے مزید فراہم کنندگان پیش کرتے ہیں۔ آپ کو خود اپنا ابتدائی نگہداشت فراہم کنندہ (PCP) منتخب کرنا ہوتا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ جو طبی نگہداشت جان لیوا نہیں ہے اس کے لیے آپ کو ایمرجنسی روم کا استعمال کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو کسی اسپیشلسٹ کو دکھانے کی ضرورت پڑنے پر آپ کا ابتدائی نگہداشت فراہم کنندہ اپ کو ریفرل دے گا۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کو طبی نگہداشت درکار ہے تو، آپ اپنے ابتدائی نگہداشت فراہم کنندہ کو یا منصوبہ صحت کے فون نمبر پر روزانہ 24 گھنٹے کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ حاملہ ہیں تو، آپ کا اپنا ڈاکٹر یا نرس پریکٹشنر ہوگا جو آپ کو درکار تمام تر طبی نگہداشت اور ٹیسٹ دے گا۔ آپ کے نومولود بچے کی فالو اپ ملاقاتیں نہیں ہوں گی۔ آپ کے بچے کا بھی ان کا بالکل اپنا ابتدائی نگہداشت فراہم کنندہ ہوگا۔

Medicaid کے منضبط نگہداشت صحت کے منصوبے میں آپ کے ہونے پر فارمیسی کی خدمات کو چھوڑ کر کوئی مشترکہ ادائیگیاں یا یوٹیلائزیشن تھریشولڈ نہیں ہے۔ آپ کو اپنا نگہداشت صحت کا کارڈ ملے گا جو عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) سے علیحدہ ہے۔

مزید معلومات نیو یارک سٹی کے محکمہ صحت کی ویب سائٹ **www.nyhealth.gov** پر دستیاب ہیں اور صحت بیمہ پروگرام پر کلک کریں ، پھر منضبط نگہداشت پر کلک کریں۔

**سوال. کیا Medicaid پچھلے طبی بلوں کی ادائیگی کر سکتا ہے؟**

**جواب.** ہم کچھ ایسے بلوں کی ادائیگی کر سکتے ہیں جو آپ نے طبی اعانت کی گزارش کرنے سے پہلے ادا کیے – چاہے جس ڈاکٹر یا دیگر فراہم کنندہ کو آپ نے ادائیگی کی وہ طبی اعانت نہیں لیتے ہوں۔ درج ذیل سے وضاحت ہوتی ہے کہ ہم آپ کے یہ بل کب ادا کریں گے۔

**کن بلوں کی ادائیگی کی جا سکتی ہے؟** آپ کو ان بلوں کی کی ادائیگی کی جا سکتی ہے جو آپ نے طبی اعانت کی گزارش کرنے سے پہلے ادا کیے اور ان بلوں کی جو آپ اپنا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) پانے تک ادا کرتے ہیں۔ جو بل آپ نے طبی اعانت کی گزارش کرنے سے پہلے ادا کیے وہ لازماً ان خدمات کے لیے ہوں جو آپ کو اس ماہ سے قبل تیسرے ماہ کے پہلے دن کو یا اس کے بعد موصول ہوئے جس ماہ میں آپ نے طبی اعانت کی گزارش کی۔ مثال: اگر آپ نے 11 مارچ کو طبی اعانت کی گزارش کی تو، ہم 1 دسمبر سے لے کر آپ کا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) آپ کو ملنے تک آپ کو موصولہ خدمات اور ان کے لیے کی گئی ادائیگی کے مدنظر ادا کر سکتے ہیں۔

**جس ڈاکٹر یا دیگر فراہم کنندہ کو آپ نے ادائیگی کی ہے وہ اگر طبی اعانت نہیں لیتے ہیں تو کیا ہوگا؟** ہم آپ کو <u>کچھ</u> بلوں کی ادائیگی کر سکتے ہیں چاہے جس ڈاکٹر یا دیگر فراہم کنندہ کو آپ نے ادائیگی کی ہے وہ وہ طبی اعانت نہیں لیتے ہوں۔ آپ نے طبی اعانت کی گزارش کرنے سے <u>پہلے</u> بلوں کی ادائیگی کی تو، ہم آپ کو ادائیگی کر سکتے ہیں چاہے وہ ڈاکٹر یا فراہم کنندہ طبی اعانت نہیں لیتے ہوں۔ جس دن آپ نے طبی اعانت کی گزارش کی اس دن کے <u>بعد</u>، ہم آپ کو <u>صرف</u> تب ادا کر سکتے ہیں جب وہ ڈاکٹر یا فراہم کنندہ طبی اعانت لیتے ہوں۔

**<u>عوامی کفالت یافتہ صحت بیمہ کی طرح، Medicaid کے لیے آپ کی درخواست یا منضبط نگہداشت تنظیم کے ساتھ Medicaid سے کفالت یافتہ بیمہ منظور ہو جانے پر، مہیا کردہ خدمات کی ادائیگی کروانے کے لیے آپ کو Medicaid فراہم کنندگان یا درون نیٹ ورک نگہداشت صحت کی تنظیموں کے پاس جانا ضروری ہے۔</u>**

ڈاکٹر یا دیگر فراہم کنندہ سے ہمیشہ یہ پوچھیں کہ آیا وہ Medicaid لیتے یا لیتی ہیں۔ طبی اعانت کے لیے آپ کے گزارش کرنے کے بعد، اگر ڈاکٹر یا دیگر فراہم کنندہ Medicaid نہیں لیتے ہیں تو ہم آپ کو ادا <u>نہیں</u> کریں گے۔

**کیا اور بھی اوصول ہیں؟** ہاں۔ آپ کو یہ بھی جاننا ہوتا ہے کہ:

1. آپ نے جو بل ادا کیے وہ ان خدمات کے لیے ہوں جن کے لیے طبی اعانت پروگرام ادائیگی کرتا ہے۔ ان خدمت میں ڈاکٹرز، گھر پر نگہداشت، ہسپتال، اور دوائیں <u>بلا تحدید</u> شامل ہیں۔
2. ہم صرف وہی ادا کر سکتے ہیں جو طبی اعانت ان خدمات کے لیے ادا کرتی ہے۔ یہ اس بل سے کم ہو سکتا ہے جو آپ نے ادا کیا۔
3. ہم آپ کو صرف تبھی ادا کر سکتے ہیں جب ہم یہ فیصلہ کر لیں کہ آپ کو طبی اعانت مل سکتی ہے اور صرف اس صورت میں جب بل ادا کرتے وقت آپ کو طبی اعانت موصول ہو چکی ہو۔
4. ہم آپ کو صرف تبھی ادا کر سکتے ہیں جب آپ نے جن بلوں کی ادائیگی وہ آپ کو درکار خدمات کے لیے ہوں۔

5. آپ کو ہمیں بل دینا اور یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ آپ نے وہ ادا کیے۔

**اگر میری فیملی یا دوست نے میرے لیے بل ادا کر دیے تو کیا ہوگا؟** اگر آپ کے بل کسی فیملی ممبر یا دوست نے ادا کر دیے تو، ہم وہ ادا کر سکتے ہیں۔ اپنے کارکن سے پوچھیں۔

**کوئی سوال ہے؟** اگر آپ کا کوئی سوال ہے تو اپنے کارکن سے پوچھیں۔

**سوال.** **کیا طبی اعانت اس طبی نگہداشت کے لیے ادائیگی کر سکتی ہے جو میں نیو یارک اسٹیٹ سے باہر حاصل کرتا ہوں؟**

**جواب.** شاید۔ طبی اعانت اس طبی نگہداشت کے لیے ادائیگی کرے گی جو آپ ریاست سے باہر حاصل کریں گے اگر:

- آپ کی کاؤنٹی کے لوگ عموماً اس ریاست میں طبی نگہداشت حاصل کرتے ہیں اور آپ ایسے فراہم کنندہ کو دکھاتے ہیں جو نیو یارک اسٹیٹ Medicaid میں اندراج یافتہ ہے اور اسے قبول کرتا ہے؛ یا
- آپ کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات نے آپ کو دوسری ریاست میں نرسنگ ہوم یا رضاعی نگہداشت میں رکھوایا یا رکھوانے میں مدد کی؛ یا
- آپ کے ڈاکٹر نے ریاست سے باہر طبی نگہداشت حاصل کرنے کے لیے آپ کے لیے منظوری لے لی ہے (پیشگی منظوری)؛ یا
- آپ کو دوسری ریاست میں سفر کرتے ہوئے ہنگامی طبی نگہداشت درکار ہے، لیکن **صرف** اس صورت میں کہ ڈاکٹر یا نگہداشت فراہم کرنے والا دوسرا شخص نیو یارک اسٹیٹ Medicaid پروگرام کو بل بھیجنے سے اتفاق کرے۔

اگر آپ Medicaid کے منضبط نگہداشت کے منصوبے کے ممبر ہیں تو، اپنے کارڈ کی پشت پر درج صحت منصوبہ کی ممبر سروسز کے نمبر پر کال کر کے پتہ کریں کہ اگر آپ ریاست سے باہر جا رہے ہیں تو خدمات کیسے حاصل کریں

**سوال.** **Medicare کیا ہے؟**

**جواب.** **Medicare** طبی اعانت (Medicaid) کی طرح ہی نہیں ہے۔ Medicare ایک وفاقی بیمہ پروگرام ہے جس کا بندوبست سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن کے ذریعے کیا جاتا ہے جو ہسپتال کے بلوں (حصہ A) اور ڈاکٹر کے بلوں اور کچھ دیگر طبی خدمات (حصہ B)، اور نسخہ والی دواؤں (حصہ D) کے لیے ادائیگی کرتا ہے۔ آپ Medicare کے لیے اپنے مقامی سوشل سیکیورٹی آفس میں درخواست دے سکتے ہیں۔

**سوال.** **کیا میں Medicare اور Medicaid دونوں رکھ سکتا ہوں؟**

**جواب.** ہاں۔ اگر آپ دونوں پروگراموں کے لیے اہل ہیں تو، Medicare کو پہلے بل بھیجا جائے گا اور Medicaid ان خدمات کے لیے ادائیگی کرے گا جن کا احاطہ Medicare نہیں کرتا ہے لیکن جو طبی اعانت پروگرام کے ذریعے محیط ہیں۔

**سوال.** **کیا طبی اعانت Medicare کے میرے پریمیم ادا کر سکتی ہے؟**

**جواب.** ہاں، مخصوص حالات کے تحت، طبی اعانت Medicare حصہ A یا حصہ B کے پریمیم، مشترکہ بیمہ اور کٹوتیوں کی ادائیگی کر سکتی ہے۔ طبی اعانت حصہ D کے پریمیم یا مشترکہ ادائیگیوں کے لیے ادائیگی نہیں کرتی ہے۔

**سوال.** **اگر میرے پاس Medicare اور طبی اعانت دونوں ہے تو، کیا مجھے اپنی نسخے والی دوائیں Medicare حصہ D کے ذریعے لینا ضروری ہے؟**

**جواب.** ہاں، اگر آپ کے پاس Medicare اور طبی اعانت دونوں ہے تو، Medicare حصہ D میں اندراج طبی اعانت موصول کرنے کے لیے اہلیت کی شرط ہے۔ اس اصول میں واحد استثناء صرف تب ہے جب آپ اور آپ کے زیر کفالت افراد کے پاس ریٹائری بیمہ پلان کی معرفت دیگر صحت بیمہ ہو، اور آپ کو بتا دیا گیا ہو کہ اگر آپ Medicare حصہ D میں اندراج کرواتے ہیں تو، آپ صحت بیمہ کی اپنی کوریج سے محروم ہو جائیں گے۔ طبی اعانت بعض اوقات مخصوص نسخے والی ان دواؤں کے لیے ادائیگی کر سکتی ہے جو Medicare حصہ D کی معرفت دستیاب نہیں ہیں۔

**سوال.** **کیا میرے پاس پہلے سے جو دیگر صحت بیمہ ہے اسے مجھے منسوخ کر دینا چاہیے؟**

**جواب.** نہیں۔ انتظار کریں اور اپنے انٹرویو کے وقت یہ سوال پوچھیں۔

**سوال.** **اگر میں نرسنگ ہوم یا دیگر طبی فسیلیٹی میں ہوں تو کیا میں اب بھی اپنی کچھ آمدنی رکھ سکتا ہوں؟**

**جواب.** ہاں۔ آپ تھوڑی سی رقم خود اپنے ذاتی استعمال کے لیے رکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کی فیملی آپ پر منحصر ہو تو آپ اپنی کچھ آمدنی اور وسائل ان کے لیے رکھ سکتے ہیں۔

**سوال.** **کیا حاملہ خواتین اور بچوں کے لیے آمدنی اور وسیلے کی زیادہ حدود ہیں؟**

**جواب.** ہاں، اگر آپ حاملہ ہیں یا 19 سال سے کم عمر کے چھوٹے بچے کی مدد کرنا چاہتی ہیں تو، آپ زیادہ آمدنی رکھ سکتی ہیں اور آپ کی فیملی کے وسائل کو عام طور پر زیر غور نہیں لایا جاتا ہے۔

**چائلڈ ہیلتھ پلس**

اگر آپ کے پاس بچے ہیں اور آپ کی آمدنی اتنی زیادہ ہے کہ آپ کو طبی اعانت نہیں مل سکتی تو، آپ اپنے بچوں کے لیے **چائلڈ ہیلتھ پلس (Child Health Plus)** کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ **چائلڈ ہیلتھ پلس** کے لیے ٹول فری **1-800-698-4543** پر کال کر کے درخواست دے سکتے ہیں۔

| |
|---|
| **نوٹ:** اگر آپ حاملہ ہیں اور ایک سال سے کم عمر کے اپنے بچے کی مدد کرنا چاہتی ہیں تو، آپ کی فیملی جتنی مقدار میں وسائل رکھ سکتی ہے اس پر کوئی حد نہیں ہے۔ |

**سوال.** **گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات (HCBS) میں تخفیف کے پروگرام کیا ہیں؟**

**جواب.** گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات (HCBS) میں تخفیف، پروگرام ریاست کو گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات کی ایک ایسی صف آراستہ کرنے کی اجازت دیتے ہیں جو Medicaid کے اہل افراد کو کمیونٹی میں رہنے اور طبی ادارہ جاتی حیثیت حاصل کرنے سے بچنے میں اعانت کرتی ہے۔ طبی اعانت کے ایسے پروگرام موجود ہیں جو خصوصی خدمات فراہم کرتے ہیں جن کے لیے تمثیلی طور پر طبی اعانت کے ذریعے ادائیگی نہیں کی جاتی ہے۔ یہ پروگرام مالی اہلیت کے مختلف اصول بھی رکھ سکتے ہیں۔

نیو یارک اسٹیٹ کے پاس HCBS کے تخفیف کے پروگرام ہیں برائے:

- نشوونما کے لحاظ سے معذور بالغان اور بچے
- صدمہ انگیز دماغی ضرر والے بالغان
- طویل مدتی گھر پر نگہداشت صحت کے پروگرام کی ضرورت
- سنگین جذباتی خلل والے بچے
- شدید جسمانی معذوریوں والے بچے

2007 میں ایک نئی HCBS میں تخفیف "بریجز ٹو ہیلتھ" (Bridges to Health, B2H) منظور کی گئی تھی۔ B2H میں تخفیف خدمات ان بچوں کو فراہم کیے جانے کی اجازت دیتی ہے جو رضاعی نگہداشت میں ہیں اور جنہیں سنگین جذباتی خلل درپیش ہے، جو طبی لحاظ سے ناتواں ہیں، یا جنہیں نشوونما سے متعلق معذوری ہے۔

**سوال. اگر مجھے ہنگامی طبی ضروریات درپیش ہوں تو کیا ہوگا؟**

**جواب.** نیو یارک اسٹیٹ کا قانون ہسپتالوں سے آپ کو ہنگامی نگہداشت دینے کا تقاضا کرتا ہے، چاہے آپ اس کے لیے ادائیگی نہیں کر سکتے ہوں۔ اگر آپ کو طبی ایمرجنسی درپیش ہو تو، جیسے دل کا دورہ یا دیگر جان لیوا بیماری ہو تو، **اسی وقت** ہسپتال جائیں، آپ کو یہ پتہ چلنے سے قبل کہ آیا اپ طبی اعانت پانے کے اہل ہیں یا قبل اس سے کہ آپ نے طبی اعانت کے لیے درخواست دی ہو۔ اگر آپ بیمار ہوں اور اسی وقت طبی نگہداشت درکار ہو اور آپ نے عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ کے لیے درخواست دی ہو لیکن یہ ابھی تک ملا نہیں ہو تو، آپ کا کارکن آپ کو درکار طبی اعانت کے لیے ایک عارضی کارڈ حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ آپ کو طبی معالجہ حاصل کرتے وقت وہ کارڈ دکھانا ضروری ہے اور ڈاکٹر یا طبی نگہداشت فراہم کرنے والے دیگر شخص کو طبی اعانت کو بل بھیجنے پر اتفاق کرنا ضروری ہے۔

مدد کے لیے آپ کے درخواست دینے سے قبل تین ماہ کے اندر آپ کو جو نگہداشت دی گئی تھی اس کے لیے طبی اعانت طبی بلوں کی ادائیگی کرنے پر قادر ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی ادا شدہ یا غیر ادا شدہ طبی بل ہوں تو اپنے کارکن کو یاد سے بتائیں۔

**سوال. دوا مصرف میں لانے کا متوقع جائزہ کیاہے؟**

**جواب.** دوا مصرف میں لانے کا متوقع جائزہ پروگرام فارماسسٹ کو آپ کا نسخہ بھر کر آپ کو دینے سے قبل کمپیوٹر پر چیک کر کے یہ دیکھنے دیتا ہے کہ آیا آپ کو حال ہی میں کوئی دیگر ایسی دوا ملی ہے جو اپ کے نئے نسخے کے ساتھ نہیں لینی چاہیے۔ اگر فارماسسٹ کو مسئلہ نظر آتا ہے تو، فارماسسٹ آپ کے ڈاکٹر سے پوچھ کر پتہ کر سکتا ہے کہ آیا آپ کو نئی دوا دی جائے۔ یہ معاملہ آپ کو صحیح دوا ملنا یقینی بنانے کے لیے ہے۔ کمپیوٹر سے چیک کر کے، آپ کا فارماسٹ آپ کی دواؤں کے بارے میں آپ کو درپیش ہو سکنے والے کسی سوال کا بہتر ڈھنگ سے جواب دے پائے گا۔

**سوال. اگر میں کوئی پیسہ یا پراپرٹی بیچتا ہوں، دے دیتا ہوں یا منتقل کرتا ہوں تو، کیا مجھے اب بھی طبی اعانت مل سکتی ہے؟**

**جواب.** یہ سیکشن وضاحت کرتا ہے کہ اگر آپ ادارہ جاتی حیثیت یافتہ ہیں اور آپ یا آپ کے/کی شریک حیات کوئی پراپرٹی یا پیسہ منتقل کرتے ہیں اور طبی اعانت کے لیے درخواست دیتے ہیں تو کیا ہو سکتا ہے؟ منتقلی تب ہوتی ہے جب آپ پیسہ یا پراپرٹی دے دیتے ہیں یا پراپرٹی کی جتنی مالیت ہے اس سے کم پر اسے فروخت کرتے ہیں۔ آپ اپنے لیے یا اپنی فیملی کے لیے مخصوص پیسہ یا پراپرٹی **رکھ سکتے** ہیں اور اب بھی طبی اعانت پا سکتے ہیں۔ اگر آپ یا آپ کے شریک حیات نے **دیگر** پیسہ یا پراپرٹی منتقل کی تو، طبی اعانت ایک مخصوص مدت تک درج ذیل طبی نگہداشت کے لیے ادائیگی **نہیں کر سکتی** ہے، اس لحاظ سے کہ آپ نے کتنی پیسہ یا کتنی پراپرٹی منتقل کی:

1. نرسنگ ہوم کیئر
2. آپ کے اپنے گھر میں مخصوص نگہداشت، جو نرسنگ ہوم کیئر کی طرح ہے
3. وہ نگہداشت جو آپ کو ہسپتال میں موصول ہوتی ہے، جب آپ کو ہسپتال میں نگہداشت کی مزید ضرورت نہ ہو اور آپ نرسنگ ہوم کیئر کے منتظر ہوں۔

تاہم، اگر آپ اہل ہیں تو طبی اعانت **دیگر** طبی نگہداشت کے لیے ادائیگی **کرے گی**۔

بیشتر صورتوں میں اگر آپ پوری طبی اعانت کی کوریج کے خواہاں ہوں تو، آپ پیسہ یا پراپرٹی منتقل نہیں کر سکتے۔ بعض اوقات، آپ پیسہ یا پراپرٹی منتقل کر سکتے ہیں اور اب بھی پوری طبی اعانت کی کوریج پا سکتے ہیں اگر:

- آپ اپنے شوہر یا بیوی کو پیسہ یا پراپرٹی منتقل کرتے ہیں۔
- آپ پیسہ یا پراپرٹی اپنے اس بچے کو منتقل کرتے ہیں جو مصدقہ نابینا یا مصدقہ معذور ہے۔ جس مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں آپ درخواست دے رہے ہیں اسے یہ فیصلہ کرنا ضروری ہے کہ آیا آپ کا بچہ مصدقہ نابینا یا مصدقہ معذور ہے۔
- منتقل کردہ پراپرٹی آپ کا گھر تھا، اور اسے آپ کے شوہر، بیوی، 21 سال سے کم عمر کے بچے یا کسی بھی ایسے بچے کو منتقل کیا گیا تھا جو مصدقہ نابینا یا مصدقہ معذور ہے۔ جس مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں آپ درخواست دے رہے ہیں اسے یہ فیصلہ کرنا ضروری ہے کہ آیا آپ کا بچہ مصدقہ نابینا یا مصدقہ معذور ہے۔
- آپ اپنا گھر اپنے بھائی یا بہن کو منتقل کرتے ہیں جس کا آپ کے گھر کے بعض حصے پر پہلے سے حق ہے اور جو نرسنگ ہوم میں آپ کے جانے سے عین قابل کم از کم ایک سال تک اس گھر میں رہا ہے۔
- آپ اپنا گھر اپنے بچے کو منتقل کر سکتے ہیں اگر آپ کا بچہ نرسنگ ہوم میں آپ کے داخل ہونے سے عین قابل کم از کم دو سال تک اس گھر میں رہا ہے، اور آپ کے بچے نے آپ کی دیکھ بھال کی تاکہ آپ نرسنگ ہوم میں جانے کی بجائے گھر پر رہ سکیں۔
- آپ 65 سال سے کم عمر کے کسی مصدقہ معذور کے لیے ایک ٹرسٹ تشکیل دیتے ہیں۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو یہ فیصلہ کرنا ضروری ہے کہ آیا وہ فرد مصدقہ معذور ہے۔

مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے یہ فیصلہ کر لینے پر کہ آپ نے کوئی پراپرٹی یا پیسہ منتقل کیا ہے اور آپ کا خیال ہے کہ ان سے غلطی ہوئی ہے تو، آپ کو یہ ثابت کرنے کا حق ہے کہ آپ نے پراپرٹی یا پیسہ منتقل نہیں کیا:

- یہ ثابت کر کے کہ آپ کا ارادہ پراپرٹی کو اتنے ہی میں بیچنے کا تھا جتنی اس کی مالیت تھی یا بدلے میں اس کی مساوی مالیت کی کوئی چیز لینی تھی
- یہ ثابت کر کے کہ آپ نے اس جواب کے 1، 2، یا 3 کے بطور حسب مذکور بالا طبی نگہداشت حاصل کرنے کی بجائے محض کسی اور وجہ سے اس پیسے یا پراپرٹی سے نجات حاصل کی۔
- یہ ثابت کر کے کہ آپ کی تمام تر کوششوں کے باوجود، آپ وہ پیسہ یا پراپرٹی واپس یا اس کی مساوی مالیت کی کوئی چیز نہیں لے سکتے، اور یہ کہ طبی اعانت کے بغیر خود کو درکار طبی نگہداشت حاصل نہیں کر سکتے۔ آپ کو یہ پیسہ یا پراپرٹی واپس لینے کی کوشش کرتے ہوئے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے ساتھ کام کرنا ضروری ہے۔

**سوال۔ کیا میری وفات ہونے پر میری جاگیر کے خلاف دعوی کیا جائے گا؟**

**جواب۔** اگر آپ کو طبی اعانت کے ذریعے ادائیگی شدہ طبی خدمات آپ کی **پچپنویں** سالگرہ پر یا اس کے بعد، یا طبی ادارہ میں مستقل طور پر رہنے کے وقت موصول ہوتی ہیں تو، طبی اعانت ان خدمات کی لاگت آپ کی وفات ہونے پر آپ کی جاگیر میں موجود اثاثون سے وصول کر **سکتی** ہے۔

**سوال۔ اگر میں امریکہ کا شہری نہیں ہوں تو کیا میں طبی اعانت پا سکتا ہوں؟**

**جواب۔** طبی اعانت پروگرام کے لیے، شناخت، شہریت اور/یا اطمینان بخش ترک وطن کی حالت کا ضبط تحریر ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو، آپ کو اپنی شہریت یا پردیسی کی حالت کے بارے میں ہمیں بتانا ضروری نہیں ہے۔ اگر آپ کے پاس اطمینان بخش ترک وطن کی حالت نہیں ہے تو آپ طبی ایمرجنسی کی علاج کے لیے Medicaid کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ امریکی شہری کے بطور اہل قرار پانے کے لیے، امریکہ میں 50 ریاستیں، ڈسٹرکٹ آف کولمبیا، پیورٹو ریکو، گوآم، امریکی ورجن جزائر اور شمالی ماریانا جزائر شامل ہیں۔ امریکی ساموآ یا سوائنز آئلینڈ کے شہریوں کو بھی طبی اعانت کے مقصد سے امریکی شہری مانا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ کینیڈا میں پیدا شدہ اصل امریکی ہیں، نیز کم از کم 50% اصل امریکی خون ہے یا ایسے اصل امریکی ہیں جس کی پیدائش امریکہ سے باہر ہوئی تھی اور اس کا تعلق وفاقی طور پر تسلیم شدہ قبیلے سے ہے تو، آپ کو طبی اعانت کے مقصد سے امریکی شہری مانا جاتا ہے۔

بصورت دیگر، اگر آپ امریکہ کے شہری **نہیں** ہیں تو، طبی اعانت کا اہل ہونے کے لیے آپ کو دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے جو ثابت کریں کہ آپ درج ذیل زمروں میں سے ایک میں شامل پردیسی ہیں۔

- ترک وطن اور قومیت ایکٹ (Immigration and Nationality Act, INA) کے سیکشن 207 کے تحت امریکہ میں ریفیوجی کے بطور داخل شدہ کوئی پردیسی؛ یا
- ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 208 کے تحت پناہ یافتہ کوئی پردیسی؛ یا
- ایسا پردیسی جس کی ملک بدری یا اخراج کو ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 241(b)(3) یا 243(h) کے تحت موقوف رکھا گیا ہو، یا
- کیوبن/ہیشین داخل ہونے والے فرد کے بطور امریکہ میں داخل شدہ کوئی پردیسی؛ یا
- امریشین تارک وطن کے بطور داخل شدہ کوئی پردیسی؛ یا
- ایسا پردیسی جو امریکی مسلح افواج میں فعال ڈیوٹی پر ہو، یا باعزت کے طور پر درجہ بند ڈسچارج موصول شدہ سابق فوجی، ان کے شریک حیات یا اس طرح کے کسی تارک وطن والی دوبارہ شادی نہ کرنے والی پس حیات شریک حیات اور غیر شادی شدہ زیر کفالت بچے؛ یا
- ایسا پردیسی جو قانونی مستقل مکین کے بطور داخل ہوا ہے؛ یا
- ایسا پردیسی جس کو ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 212(d)(5) کے تحت، کم از کم ایک سال کے مدت کے لیے امریکہ میں پیرول پر رہا کیا گیا ہے؛ یا
- ایسا پردیسی جس کو ترک وطن اور قومیت ایکٹ کے سیکشن 203(a)(7) کے تحت مشروط داخلہ دیا گیا ہے؛ یا
- ایسا پردیسی جس کو فیملی ممبر کے ذریعے امریکہ میں مارا پیٹا گیا یا انتہائی ظلم کا شکار بنایا گیا ہے اور جو مخصوص دیگر تقاضے پورا کرتا ہے؛ یا
- ایسا پردیسی جو غیر قانونی تجارت اور تشدد سے متاثرین کا تحفظ ایکٹ 2000 کے تحت شخصی طور پر انسانوں کی غیر قانونی تجارت کی شدید شکل کا شکار رہا ہے؛ یا
- ایسا پردیسی جو DOH کے رنگت کے قانون کے تحت امریکہ میں مستقل مقیم (PRUCOL) کی شرط پوری کرتا ہے اور جو طبی اعانت کے لیے اہل ہو سکتا ہے بشمول:
  a. ایک سال سے کم مدت کے لیے پیرول پر رہا شدہ پردیسی؛
  b. نگرانی کے آرڈر کے بموجب امریکہ میں مقیم پردیسی؛ ترک وطن اور قومیت ایکٹ (INA) کے سیکشن 241(a)(3) کے تحت؛
  c. ملک بدری کے کسی غیر متعین قیام کے بموجب امریکہ میں مقیم پردیسی؛ INA کے سیکشن 240A کے بموجب اخراج کی منسوخی یافتہ پردیسی؛
  d. مؤخر شدہ کارروائی کی حالت یافتہ پردیسی، جو ان کی روانگی کو موخر کرتا ہو؛
  e. لیگل امیگریشن فیملی ایکوئٹی ایکٹ (LIFE ایکٹ) کے تحت تشکیل شدہ "K3" یا "K4" ویزا کی حالت یافتہ پردیسی؛
  f. ایسا پردیسی جس نے قانونی مستقل مکین کی حالت کے ایڈجسٹمنٹ کے لیے درخواست دی ہے اور امریکی شہریت اور ترک وطن کی خدمات (USCIS) نے اسے صحیح سے فائل شدہ کے بطور قبول کر لیا ہے یا منظور کر لیا ہے؛
  g. ملک بدری کا قیام منظور شدہ پردیسی؛
  h. رضاکارانہ روانگی یافتہ پردیسی؛
  i. ایسا پردیسی جو 1 جنوری 1972 سے قبل امریکہ میں داخل ہوا ہے اور مستقل طور پر رہتا ہے؛
  j. ملکی بدری کی موقوفی یافتہ پردیسی؛
  k. وفاقی امیگریشن ایجنسی USCIS کی جانکاری اور اجازت یا شناسائی سے امریکہ میں رہنے والا پردیسی اور جس کی روانگی کو اس طرح کی ایجنسی نافذ کرنے غور نہیں کرتی ہے۔ مثالوں میں بلا تحدید شامل ہیں: مستقل غیر تارکین وطن، P.L.99-239 کے بموجب (وفاق یافتہ ریاست مینیسوٹا اور مراشل جزائر کے شہریوں پر قابل اطلاق)؛ حالت، پناہ، ملک بدری کی موقوفی یا اخراج کی منسوخی کے ایڈجسٹمنٹ کے لیے یا مؤخر شدہ

کارروائی کے لیے درخواست دہندگان؛ توسیع یافتہ افراد؛اپنے آبائی ملک میں موجود حالات کے سبب رضاکارانہ روانگی یا مؤخر شدہ نافذ العمل روانگی (Deferred Enforced Departure)؛ عارضی تحفظ کی حالت (Temporary Protection Status, TPS) یافتہ تارکین وطن؛ اور "K" "V" "S" یا "U" ویزا رکھنے والے تارکین وطن۔

**اگر آپ ایسے پردیسی ہیں جو اوپر مندرج ترک وطن کے زمروں میں سے کسی میں بھی نہیں ہے تو، آپ اپنی طبی نگہداشت میں مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر آپ حاملہ ہیں اور کسی ہنگامی طبی کیفیت کی وجہ سے آپ کو طبی نگہدشت درکار ہے۔**

**سوال۔** **طبی اعانت پروگرام کے ذریعے مخصوص طبی خدمات میں جتنی بار حاصل کر سکتا ہوں کیا اس کی تعداد پر کوئی تحدید ہے؟**

**جواب۔** ہاں۔ درج ذیل اقسام کی خدمات پر تحدیدات عائد ہیں:

| | **ایک سال میں اجازت یافتہ ملاقاتوں، آئٹمز یا لیب ٹیسٹ کی تعداد۔** | |
|---|---|---|
| **خدمت کی قسم** | **ایسے وصول کنندگان جو ہیں:**<br>- 21 سال سے کم یا 65 سال یا اس سے اوپر<br>- مصدقہ معذور<br>- مصدقہ نابینا<br>- 18 سال سے کم عمر کے بچے کے واحد نگراں | **بیشتر دیگر ایسے افراد جو ہیں:**<br>- 21 اور 65 سال کے بیچ |
| فزیشین اور/یا کلینک | 10 ملاقاتیں | 10 ملاقاتیں |
| لیباریٹری | 18 ٹیسٹ | 18 ٹیسٹ |
| فارمیسی (نسخے والی دوائیں اور بغیر نسخے کے ملنے والی دوائیں۔) | 40 آئٹم | 43 آئٹم |
| مینٹل ہیلتھ کلیکنک | 40 ملاقاتیں | 40 ملاقاتیں |
| ڈینٹل کلینک | 03 ملاقاتیں | 03 ملاقاتیں |

**ہنگامی طبی نگہداشت محیط ہوگی چاہے آپ ان حدود کو پہنچ گئے ہوں۔**

درج ذیل خدمات پر کوئی حد نہیں ہے:

- خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات
- میتھاڈون مینٹیننس ٹریٹمنٹ
- زچگی کی خدمات (حمل)
- منضبط نگہداشت پروگرام کے تحت دی گئی نگہداشت (منضبط نگہداشت پروگرام اس کتابچہ میں دیکھیں)
- گردے کا ڈائلیسس
- چائلڈ ٹین ہیلتھ پلان
- دیگر خدمات کال کریں **1-800-421-3891**

**بینیفٹ سال**

خدمت کی تحدید بینیفٹ سال نامی 12 ماہ کی مدت کے لیے ہے، جو طبی اعانت کے لیے آپ کے اہل ہونے والے ماہ سے شروع ہوتی ہے۔ اگر آپ اس بینیفٹ سال میں طبی اعانت میں آتے جاتے رہتے ہیں تو بھی آپ پر یہی تحدیدات ہوں گی۔ بینیفٹ سال ختم ہو جانے پر، ایک نیا 12ماہ کا بینیفٹ سال خدمت کی تحدیدات کی پوری تعداد (مثلاً: 18 لیباریٹری ٹیسٹ) کے ساتھ شروع ہوگا۔ پچھلے بینیفٹ سال سے غیر استعمال شدہ خدمات نئے بینیفٹ سال میں نہیں آئیں گی۔

ہر بینیفٹ سال کے دوران آپ جو خدمات استعمال کر رہے ہیں ان کا ہم ٹریک رکھیں گے اور اگر آپ خدمات تیزی سے استعمال کر رہے ہیں اور اپنی حد کو پہنچ جانے کے خطرے میں ہیں تو ہم بذریعہ ڈاک آپ کو بتائیں گے۔ اگر آپ اپنی حد کو پہنچ گئے ہیں تو ہم بذریعہ ڈاک آپ کو بتائیں گے۔

**عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC)**

طبی خدمات کے لیے آپ کے جانے پر، آپ کا ڈاکٹر، کلینک، یا فارمیسی کو سب سے پہلے طبی اعانت سے جانچ کر کے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ آیا آپ طبی خدمات کی حد کو پہنچ گئے ہیں۔ طبی خدمات کے لیے ہر بار آپ کے جانے پر آپ کو اپنا "عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ" (CBIC) دکھانا ضروری ہے۔ ہر ممبر کو طبی اعانت کے مقاصد سے ایک CBIC موصول ہوگا۔

اگر آپ منضبط نگہداشت کے منصوبے میں مندرج ہیں تو آپ کو ایک صحت منصوبہ کارڈ ملے گا جو آپ کے CBIC سے مختلف ہے۔ (سوال و جواب "Medicaid کے منضبط نگہداشت منصوبہ کیا ہے؟" دیکھیں)

**اگر آپ کو مزید خدمات درکار ہیں**

آپ کا ڈاکٹر "تھریشولڈ اوور رائیڈ ایپلیکیشن" (Threshold Override Application) نامی ایک خصوصی فارم پُر کرے گا تاکہ طبی اعانت سے آپ کو جتنی تعداد میں خدمات موصول ہوتی ہیں ان کی تعداد بڑھانے کو اور خدمت کی تحدیدات سے آپ کو ایک استثناء دینے کو کہا جائے۔

**آپ کو مزید خدمات حاصل کرنے کے لیے اپنے ڈاکٹر سے تھریشولڈ اوور رائیڈ ایپلیکیشن پُر کرنے کو کہنا چاہیے جب:**

- آپ کو یا آپ کے گھرانے کے ممبر کو شدید بیماری ہو یا کافی زیادہ بیمار پڑتے ہوں؛ یا
- آپ کو طبی اعانت سے آپ کو یہ تنبیہ کرتے ہوئے ایک خط ملے کہ آپ خدمات تیزی سے استعمال کر رہے ہیں اور اپنی حد کو پہنچ جانے کے خطرے میں ہیں؛ یا
- آپ کو یہ بتاتے ہوئے طبی اعانت کی جانب سے ایک خط ملے کہ آپ اپنی خدمت کی حد کو پہنچ گئے ہیں۔

**اگر آپ کو اپنی حد سے زائد خدمات درکار ہیں تو اپنے ڈاکٹر سے تھریشولڈ اوور رائیڈ ایپلیکیشن پُر کرنے کو کہیں۔ یاد رکھیں، اگر آپ مزید خدمات کی گزارش نہیں کرتے ہیں اور آپ اپنی حد کو پہنچ جاتے ہیں۔ طبی اعانت اضافی خدمات کے لیے ادائیگی نہیں کرے گی، سوائے ہنگامی طبی نگہداشت کے، جب تک آپ کا نیا بینیفٹ سال شروع نہ ہو جائے۔**

**منضبط نگہداشت پروگرام**

اگر آپ Medicaid کے منضبط نگہداشت پروگرام میں اندراج کرواتے ہیں تو آپ فارمیسی کو چھوڑ کر یوٹیلائزیشن تھریشولڈ پروگرام کے مستوجب نہیں ہوں گے۔ یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ کے لیے Medicaid کے منضبط نگہداشت پروگرام دستیاب ہے، براہ کرم اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کریں۔ اگر آپ فیملی ہیلتھ پلس میں مندرج ہیں تو، آپ یوٹیلائزیشن تھریشولڈ پروگرام کے مستوجب نہیں ہیں، لیکن کچھ خدمات پر تحدیدات ہو سکتی ہیں۔

**اگر آپ کا کوئی سوال ہے**

اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کریں اور Medicaid منضبط نگہداشت کے کوآرڈینیٹر کو پوچھیں (اپ اسٹیٹ نیو یارک)۔
NYC میں، ٹول فری **1-800-505-5678** پر کال کریں۔

**منصفانہ سماعت کے حقوق**

جب استثناء یا خدمت کی حدود میں اضافہ کی آپ کی درخواست مسترد ہو جائے اور آپ اپنی خدمات کی حد کو پہنچ جائیں تو آپ کو منصفانہ سماعت کا حق ہے۔ اس سماعت میں آپ یہ مسئلہ اٹھا سکتے ہیں کہ آپ نے جو خدمات استعمال کیں آیا ہم نے ان کا صحیح سے اعداد و شمار نکالا۔

طبی اعانت کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین آپ کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے ذریعے کیا جائے گا۔ عام طور پر، طبی اعانت کے لیے آپ کی درخواست سے متعلق کسی سوالات کے ساتھ آپ کو اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اگر نیو یارک اسٹیٹ میں طبی اعانت سے متعلق آپ کے عمومی سوالات ہیں تو، آپ ٹول فری **1-800-541-2831** پر کال کر سکتے ہیں۔

**سوال۔** **کیا پروگرام کے کوئی ایسے تقاضے ہیں جو مجھے مل پانے والی دواؤں کی قسم کو محدود کر سکتے ہیں؟**

**جواب۔** طبی اعانت کے قانون کا تقاضا ہے کہ نیویارک اسٹیٹ کے طبی اعانت موصول کنندگان برانڈ نام کی دواؤں کی جگہ جنرک دوائیں موصول کریں۔ قانون ڈاکٹروں سے دوا کے جنرک ورژن تجویز کرنے کا تقاضا کرتا ہے، الّا یہ کہ انہیں برانڈ نام کی دوا کے لیے خاص منظوری مل جائے۔

**فیملی ہیلتھ پلس (FHPlus)**

**سوال۔** **FHPlus کیا ہے؟**

**جواب۔** FHPlus 19 سے لے کر 64 سال کی عمر کے ان بالغوں کے لیے ایک عوامی صحت بیمہ پروگرام ہے جن کی آمدنی اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ وہ طبی اعانت کے اہل نہیں ہوتے ہیں۔ FHPlus تنہا بالغان، بغیر بچوں والے جوڑوں، اور محدود آمدنی والے ان والدین کے لیے دستیاب ہے جو وفاقی، ریاستی، بلدیاتی یا اسکول ڈسٹرکٹ کے بینیفٹ پلانز کی معرفت آجر کی زیر کفالت بیمہ کوریج کے لیے اہل نہیں ہوتے ہیں۔ فیملی ہیلتھ پلس کی پریمیم میں اعانت ان افراد کے لیے دستیاب ہے جو دوسرے آجروں کی ذریعے صحت بیمہ کے لیے محیط ہیں۔ FHPlus کے لیے اہل ہونے کے واسطے، آپ کا نیو یارک اسٹیٹ کا مکین ہونا، اور امریکی شہری، یا ایسی پردیسی ہونا ضروری ہے جو اس سے پہلے مندرج ترک وطن کے زمروں میں سے ایک میں آتا ہو۔ آمدنی اور وسائل کے رہنما خطوط بھی ہیں جنہیں پورا کرنا ضروری ہے۔ نگہداشت صحت آپ کے علاقے میں ایسے شرکت کنندہ منضبط نگہداشت کے منصوبوں کے ذریعہ فراہم کیا جاتا ہے جنہیں آپ منتخب کرتے ہیں۔

**سوال۔** **میں FHPlus کی پریمیم میں اعانت کے لیے کس طرح اہل قرار پاتا ہوں؟**

**جواب.** اگر آپ کے پاس اپنے آجر کی معرفت بیمہ ہے تو آپ بیمہ پریمیم کا اپنا حصہ ادا کرنے میں مدد کے اہل ہو سکتے ہیں۔

**سوال۔** **میں کس طرح درخواست دے سکتا ہوں؟**

**جواب۔** طبی اعانت کے لیے آپ کے درخواست دیتے وقت، یا تو مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں یا سہولت یافتہ اندراج کنندہ کے ساتھ Medicaid یا FHPlus کے لیے اہلیت کا تعین خود بخود کیا جاتا ہے۔ اگر اہل ہیں تو، آپ جس مناسب کوریج کے لیے اہل ہیں وہ آپ کو دی جائے گی۔

**سوال۔ مجھے کون سی مراعات مل سکتی ہیں؟**

**جواب۔** FHPlus جامع کوریج، بشمول: تدارکی، ابتدائی نگہداشت، ہسپتال میں بھرتی ہونا، نسخہ اور دیگر خدمات فراہم کرتا ہے۔ کچھ خدمات کی حدود ہیں۔ کچھ خدمات کے لیے مشترکہ ادائیگی کا تقاضا کیا جا سکتا ہے۔ FHPlus درج ذیل کا احاطہ نہیں کرتا ہے: نرسنگ ہوم کیئر، طویل مدتی گھر پر نگہداشت صحت، ذاتی نگہداشت اور غیر ہنگامی نقل و حمل۔ FHPlus کے کچھ منصوبے ڈینٹل خدمات پیش کرتے ہیں؛ دوسرے نہیں کرتے ہیں۔

**سوال۔ اگر میں نئی کاؤنٹی میں منتقل ہو جاتا ہوں تو کیا Medicaid/FHPlus پانے کے لیے مجھے دوبارہ درخواست دینی ہوتی ہے؟**

**جواب۔** اگر آپ منتقل ہوتے ہیں تو، آپ کو اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو اپنے نئے پتہ سے مطلع کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ کے حالات میں دیگر ایسی تبدیلیاں نہ ہوں جو آپ کی اہلیت کو متاثر کرتی ہوں۔ Medicaid کا آپ کا کیس آپ کی نئی رہائش والی کاؤنٹی کو منتقل کر دیا جائے گا۔

**سوال۔ نگہداشت صحت کس طرح فراہم کی جاتی ہے؟**

**جواب۔** FHPlus پروگرام میں نگہداشت صحت منضبط نگہداشت کے منصوبوں کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے۔ آپ کو درخواست دیتے وقت کوئی شرکت کنندہ صحت منصوبہ منتخب کرنا ضروری ہے۔ جب آپ صحت منصوبہ منتخب کرتے ہیں تو، آپ اس منصوبے میں شامل فراہم کنندگان اور ہسپتالوں کا استعمال کرتے ہیں۔ آپ کو اپنا صحت منصوبہ کارڈ ملے گا تاکہ آپ اس منصوبے سے خدمات حاصل کر سکیں۔ آپ کو محیط فارمیسی کی مراعات کا استعمال کرنے کے لیے عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) بھی ملے گا۔ اگر آپ کو ماضی میں مراعات موصول ہوئی ہیں اور آپ کو کارڈ بھیجا گیا تھا تو، ایک نیا کارڈ آپ کو خود بخود میل کر دیا جائے گا۔ اگر ممکن ہو تو، آپ کو وہی کارڈ استعمال کرنا چاہیے جو آپ کو اس سے پہلے موصول ہوا تھا۔ براہ کرم اپنا کارڈ محفوظ جگہ پر رکھیں اور اگر آپ کا کارڈ کام نہیں کرتا ہے یا یہ گم یا چوری ہو جاتا ہے تو اپنے کارکن کو فوری طور پر بتائیں۔ اس کارڈ کو سنبھال کر رکھیں چاہے آپ کو مراعات ملنا بند ہو جائیں۔ اگر آپ مستقبل میں دوبارہ اہل ہو جاتے ہیں تو یہی کارڈ دوبارہ استعمال ہوگا۔

**سوال۔ میں صحت منصوبہ کیسے منتخب کروں؟**

**جواب۔** صحت منصوبہ منتخب کرنے میں، آپ کو اپنی پسند کے ڈاکٹروں، آپ کواور آپ کی فیملی کو درکار خدمات، اورآپ کے لیے دستیاب صحت منصوبوں کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ یقینی بنائیں کہ جس ڈاکٹر کو آپ دکھانا چاہتے ہیں وہ آپ کے منتخب کردہ صحت منصوبہ میں موجود ہے۔ منصوبے میں شامل ہونے کے بعد، آپ کو وہ ہسپتال، کلینک اور ڈاکٹروں کا استعمال کرنا چاہیے جو اس منصوبے کے ساتھ کام کرتے ہیں۔

**سوال۔ اس پر کتنی لاگت آتی ہے؟**

**جواب۔** FHPlus میں شامل ہونے کی کوئی لاگت نہیں ہے، اور کوئی سالانہ فیس یا کٹوتی نہیں ہے۔ اندراج ہو جانے پر آپ سے کچھ طبی نگہداشت/خدمات کی لاگتوں کا بعض حصہ ادا کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ اسے مشترکہ ادائیگی یا کو پے (co-pay) کہا جاتا ہے۔

FHPlus کے لیے مشترکہ ادائیگی کی رقوم حسب ذیل ہیں:

| خدمات | رقوم ($) |
|---|---|
| • برانڈ نام کے نسخے کی دوائیں | $6 ہر نسخہ اور فی بھرائی کے لیے |
| • جنرک نسخہ کی دوائیں | $3 ہر نسخہ اور فی بھرائی کے لیے |
| • کلینک پر ملاقاتیں | $5 فی ملاقات |
| • فزیشین سے ملاقاتیں | $5 فی ملاقات |
| • ڈینٹل سروسز کی ملاقاتیں | $5 فی ملاقات کل $25 فی سال تک |
| • لیب ٹیسٹس | $0.50 فی ٹیسٹ |
| • ریڈیولوجی کی خدمات (جیسے تشخیصی ایکسرے، الٹرا ساؤنڈ، نیوکلیئر دوا، اور اونکولوجی سروسز | $1 فی ریڈیولوجی سروس |
| • داخلی مریض ہاسپٹل میں قیام | $25 فی قیام |
| • غیر ہنگامی ایمرجنسی روم میں ملاقاتیں | $3 فی ملاقات |
| • محیط بغیر نسخے کے ملنے والی دوائیں (جیسے، سگریٹ نوشی چھوڑنے کے پروڈکٹس، انسولین) | $0.50 فی دوا |
| • محیط طبی سپلائیز (جیسے، ذیابیطس کی سپلائیز جیسے سیرنج، نشتر، ٹیسٹ اسٹرپ، انٹیرال فارمولا) | $1 فی سپلائی |

حاملہ خواتین اور 21 سال سے کم عمر کے افراد کو مشترکہ ادائیگی نہیں ادا کرنی ہوگی۔ اس کے علاوہ، اندراج یافتگان کو خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات، بشمول ضبط تولید کے لیے، یا اگر وہ نرسنگ ہوم کے مستقل مکین ہیں، یا نشوونما کے لحاظ سے معذور افراد کے لیے انٹرمیڈیٹ کیئر فسیلیٹی کے مکین ہیں، یا دفتر برائے ذہنی صحت یا دفتر برائے ذہنی اتلاف اور نشوونما سے متعلق معذوری سے مصدقہ کمیونٹی کی رہائش کے مکین ہیں تو انہیں مشترکہ ادائیگیاں نہیں ادا کرنی ہوتی ہیں۔ اگر آپ ریاستی محکمہ صحت سے لائسنس یافتہ بالغانہ نگہداشت کے مکین ہیں تو، آپ کو نسخے والی دواؤں کے لیے مشترکہ ادائیگیاں نہیں ادا کرنی ہوتی ہیں۔

اگر آپ خدمات کے وقت مشترکہ ادائیگی کے متحمل نہیں ہو سکتے تو، اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔ فراہم کنندہ کو اب بھی خدمات فراہم کرنا ضروری ہے لیکن وہ آپ کو بعد میں بل بھیج سکتا ہے۔

**سوال۔** **کیا FHPlus گزشتہ طبی بلوں میں مدد کر سکتا ہے؟**

**جواب۔** نہیں۔ Medicaid کے برخلاف، FHPlus پلان میں آپ کے اندراج سے قبل آپ کو موصول ہونے والی کسی نگہداشت کے لیے FHPlus ادائیگی نہیں کر سکتا ہے۔

**سوال۔** **میں FHPlus سے متعلق اضافی معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** FHPlus پروگرام سے متعلق اضافی معلومات حاصل کرنے کے لیے، آپ ٹول فری ہاٹ لائن کو **1-877-9FHPlus (1-877-934-7587)** پر کال کر سکتے ہیں یا **http:/www.health.state.ny.us/nysdoh/whatisfhp.htm** پر FHPlus کی ویب سائٹ پر لاگ آن کر سکتے ہیں۔

**سوال۔** **اگر آپ کو معذوری لاحق ہے اور آپ کام کر رہے ہیں اور آپ کے پاس اس سے زیادہ آمدنی اور وسائل ہیں جتنے کی Medicaid کے لیے اجازت ہے تو، کیا Medicaid کی نگہداشت صحت کی کوریج حاصل کرنے کا اسے برقرار رکھنے کا کوئی طریقہ ہے؟**

**جواب۔** ہاں، اگر آپ کی عمر 16 اور 64 سال کے بیچ ہے، آپ کو سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن میں بیان کردہ معذوری لاحق ہے، اور آپ کام کر رہے ہیں تو، آپ وفاقی سطح افلاس (Federal Poverty Level, FPL) کے 250% تک آمدنی اور کام کاجی معذور افراد کے لیے Medicaid بائی ان پروگرام (Medicaid Buy-In program for Working People with Disabilities, MBI-WPD) میں شرکت کرکے $10,000 کی خطیر رقم وسائل کے مد میں رکھ سکتے ہیں۔ اس پروگرام میں ان شرکاء کے لیے ماہانہ پریمیم چارج کیا جا سکتا ہے جن کے پاس قابل شمار آمدنی FPL کے 150% اور 250% کے بیچ ہے۔

**سوال۔** **اگر میں Medicaid یا FHPlus کے لیے اہل قرار نہیں پاتا ہوں تو کیا ہوگا؟ کیا کوئی دیگر مدد ہے؟**

**جواب۔** نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ صحت کا کینسر سروسز پروگرام چھاتی، عنق رحم، اور کولوریکٹل اسکریننگ فراہم کرتا ہے جس کے لیے غیر بیمہ شدہ اہل افراد پر کوئی لاگت نہیں آتی ہے۔ اگر چھاتی، عنق رحم یا کولوریکٹل کینسر پایا جاتا ہے تو، آپ Medicaid کوریج پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ نیز، اگر اس پروگرام میں شامل ڈاکٹر کو غدہ قدامیہ کے کینسر کا پتہ چلتا ہے تو، آپ علاج کے لیے Medicaid کوریج پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، ٹول فری **1-800-422-2262** پر کال کریں۔

# سیکشن C امداد اطفال

**سوال۔** **چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ سروسز کیا ہیں؟**

**جواب۔** چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ سروسز ہر سوشل سروسز ڈسٹرکٹ کے اندر چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ (Child Support Enforcement Unit, CSEU) کے ذریعے فراہم کردہ خدمات ہیں۔ CSEU آپ کے لیے، حسب مناسبت درج ذیل کام کرے گی:

- کمپیوٹرائزڈ تلاشوں کے ذریعے غیر تولیتی والدین کو تلاش کرنا؛
- بچے کے لیے یا تو ولدیت کے رضاکارانہ اقرار نامہ پر دستخط کرنے میں دونوں والدین کی مدد کر کے یا معاملے کو عدالت کے حوالے کر کے قانونی ولدیت کا تعین کرنا؛
- فیملی کورٹ میں عرضیاں دائر کر کے امداد اطفال کے ریاستی رہنما خطوط کی بنیاد پر صحت بیمہ کی مراعات اور نقد طبی امداد کے لیے التزامات سمیت امداد کا آرڈر حاصل کرنا؛
- عدالت میں عرضی دائر کے امداد کے آرڈر میں ترمیم کرنا جہاں حالات میں ٹھوس تبدیلیاں آ گئی ہوں؛
- امداد اطفال، یا بچہ اور شریک حیات سے متعلق امداد، غیر تولیتی والدین سے ادائیگیاں اکٹھا اور صرف کرنا؛
- امداد اطفال، یا بچہ اور شریک حیات سے متعلق امداد، نیز انتظامی تدابیر نافذ کرنا بشمول: آمدنی کی موقوفی، ریاستی اور وفاقی ٹیکس ریفنڈ کے تصفیے، بینک اکاؤنٹ کی ضبطی، لاٹری کا تصفیہ اور ڈرائیونگ لائسنس کی موقوفی یا عدالت پر مبنی نفاذ کی تدابیر، بشمول: ریاستی پیشہ ور یا کاروباری لائسنس کی موقوفی؛، تفریحی لائسنسز کی موقوفی، اور قانون سے اجازت یافتہ کوئی دیگر عدالت پر مبنی تدابیر؛
- امداد کے آرڈر کا جائزہ لینا اور، اگر مناسب ہو تو، گزارے کی لاگت میں ایڈجسٹمنٹ لاگو کرنا۔

اگر غیر تولیتی والدین دوسری ریاست میں رہتے ہیں تو، یا تو آپ کی مقامی CSEU یا دوسری ریاست کی امداد اطفال ایجنسی ولدیت کا تعین کرنے میں، اور حسب ضرورت و مناسبت امداد کے آرڈر کو متعین کرنے، یا اس میں ترمیم کرنے اور/یا اس کو نافذ کرنے میں آپ کو اعانت فراہم کر سکتی ہے۔

**سوال۔** **چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ سروسز کون حاصل کر سکتا ہے؟**

**جواب۔** کوئی تولیتی یا غیر تولیتی والدین، یا جس بچے کے لیے امداد درکار ہے اس کے سرپرست کے بطور کام کرنے والے غیر والدین نگراں، چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ سروسز حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ خدمات عوام الناس کے لیے، نیز عارضی اعانت، سیفٹی نیٹ اسسٹنٹس، طبی اعانت، ٹائٹل IV-E یا نان ٹائٹل IV-E رضاعی نگہداشت، فوڈ اسٹامپس کی مراعات اور چائلڈ کیئر کے درخواست دہندگان/وصول کنندگان کے لیے دستیاب ہیں۔

**سوال۔** **میں کیسے درخواست دوں؟**

**جواب.** اپ امداد اطفال کی خدمات کی درخواست حاصل اور مکمل کرنے کے لیے اپنے علاقے کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں واقع CSEU سے رابطہ کر کے، یا اگر آپ نیو یارک سٹی میں رہتے ہیں تو، ہیومن ریسورسز ایڈمنسریشن کے آفس آف چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ (Human Resources Administration Office of Child Support Enforcement, HRA OCSE) سے رابطہ کر کے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسے بچے کے لیے عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں جس کی قانونی ولدیت متعین کرنے کی ضرورت ہے یا جہاں غیر تولیتی والدین ہیں تو، آپ کو خود بخود CSEU کے پاس بھیجا جائے گا۔

**سوال. اگر میں چائلڈ پورٹ انفورسمنٹ کے لیے درخواست دیتا ہوں یا مجھے اس کے پاس بھیجا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب.** آپ کا ایک انٹرویو CSEU کے ساتھ یہ تعین کرنے کے لیے ہوگا کہ آپ کے بچے (بچوں) کے لیے امداد حاصل کرنے کے لیے کون سی خدمات ضروری ہیں۔ انٹرویو کے دوران آپ سے معلومات اور دستاویزی شہادت فراہم کرنے کو کہا جائے گا، جیسے:

- غیر تولیتی والدین کا نام، سوشل سیکیورٹی نمبر، تاریخ پیدائش اور ڈاک کا اور رہائشی پتہ؛
- غیر تولیتی والدین کے آجر کا نام اور پتہ؛
- خود اپنے لیے اور غیر تولیتی والدین کے لیے آمدنی کی معلومات کی نقول (جیسے، ٹیکس ریکارڈز، ادائیگی کی پرچیاں، بینک اور کاروبار کے ریکارڈز)؛
- دستیاب صحت کوریج کے بارے میں معلومات؛
- بچے کی سند ولادت اور سند ازدواج؛
- امداد کے لیے عدالت کے آرڈر، علیحدگی معاہدے، طلاق کے فرمان اور ولدیت کے اعترافات کی نقول؛ اور
- آپ کے بچے سے متعلق اخراجات کے بارے میں معلومات (جیسے، نگہداشت طفل، نگہداشت صحت اور تعلیمی اخراجات)۔

یہ معلومات اپ کے لیے امداد اطفال پانے کو تیز گام بنانے کے لیے چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ پروگرام کی اہلیت کے لیے ضروری ہیں۔ امداد اطفال کا آپ کا کارکن اس کارروائی کے اگلے مراحل میں آپ کی اعانت کرے گا۔

**سوال. اگر میں عارضی اعانت کے لیے درخواست دیتا ہوں تو کیا مجھے سے چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ پروگرام کے ساتھ تعاون کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے؟**

**جواب.** ہاں، اہلیت کی شرط کے بطور آپ پر لازم ہے کہ:

- رشتہ ازدواج سے باہر پیدا شدہ کسی بھی بچے کی قانونی ولدیت کا تعین کرنے میں ایجنسی کے ساتھ تعاون کریں؛ اور
- جس بچے کے لیے بھی اعانت طلب کی جا رہی ہے اس کے لیے امداد اطفال متعین کرنے، اس میں ترمیم اور اسے نافذ کرنے میں ایجنسی کے ساتھ تعاون کریں۔

**سوال. اگر میں چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ پروگرام کے ساتھ تعاون نہیں کرتا ہوں تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب.** جب کوئی فرد، معقول وجہ کے بغیر، چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ پروگرام کے ساتھ تعاون کرنے میں ناکام ہوتا ہے تو، اس گھرانے کے لیے دستیاب عارضی اعانت 25 فیصد تک کم ہو جاتی ہے۔

**سوال. اگر میں اپنے بچے کے لیے یا خود کے لیے حفاظتی تشویشات کی وجہ سے تعاون نہیں کرتا ہوں تو کیا ہوگا؟**

**جواب.** آپ کو اپنے کارکن سے بتانا ہوتا ہے کہ آپ کی تشویشات کیا ہیں۔ کارکن مناسب اقدامات کے معاملے میں آپ کی رہنمائی کرے گا تاکہ یہ تعین کیا جائے کہ آیا آپ کے پاس معقول وجہ ہے یا آیا آپ کو امداد اطفال کے تقاضوں سے خانگی تشدد کی تخفیف درکار ہے۔

**سوال. عارضی اعانت کے لیے میرے درخواست دیتے وقت، کیا امداد اطفال کی ادائیگیاں موصول کرنے کے لیے مجھے اپنے حقوق تفویض کرنا ضروری ہے؟**

**جواب.** ہاں۔ 1 اکتوبر 2009 سے، عارضی اعانت کے درخواست دہندگان/وصول کنندگان سے اعانت کی مدت کے دوران حاصل شدہ تعاون کے کوئی ایسے حقوق تفویض کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے جو درخواست دہندہ/وصول کنندہ کو خود اپنے حق میں یا فیملی کے کسی دیگر ایسے ممبر کی جانب سے حاصل ہو سکتے ہیں جن کے لیے درخواست دہندہ/وصول کنندہ اعانت کے لیے درخواست دے رہا ہے یا اعانت موصول کر رہا ہے۔ جو افراد 1 اکتوبر 2009 سے قبل عارضی اعانت کے درخواست دہندہ/وصول کنندہ ہیں وہ خود اپنے طور پر یا فیملی کے کسی دیگر ایسے ممبر کی جانب سے امداد کے تمام تر حقوق تفویض کریں گے جس کے لیے درخواست دہندہ/وصول کنندہ اعانت موصول کرنے کے لیے درخواست دے رہا ہے، چاہے وہ حقوق تشخیص کی مدت کے دوران حاصل ہوئے ہوں یا نہیں ہوئے ہوں۔

امداد کے جو حقوق 1 اکتوبر 2009 سے قبل عارضی اعانت کے لیے درخواست دہندگان/وصول کنندگان کو ریاست کی جانب سے تفویض کیے گئے تھے وہ تفویض کیے جاتے رہیں گے اگر اس طرح کے افراد 1 اکتوبر 2009 کو یا اس کے بعد عارضی اعانت کے لیے دوبارہ درخواست دیتے ہیں۔ تاہم، نئے درخواست دہنگان/وصول کنندگان کے لیے امداد کے صرف وہی حقوق جو انہیں اعانت موصول ہونے کے دوران حاصل ہوئے، 1 اکتوبر 2009 کو یا اس کے بعد کی گئی نئی تفویض کے مستوجب ہوں گے۔

**سوال. اگر مجھے عارضی اعانت موصول ہو رہی ہے تو کیا مجھے امداد اطفال کی ادائیگیاں بھی ملیں گی؟**

**جواب.** جب آپ امداد کے اپنے حقوق تفویض کرتے ہیں تو، عارضی اعانت آپ کے موصول کر رہے ہونے کے دوران اکٹھا شدہ امداد اطفال کی ادائیگیاں سب سے پہلے ایجنسی کو تقسیم کی جاتی ہیں تاکہ آپ کو اور عارضی اعانت کے کیس میں شامل فیملی کے دوسرے ممبروں کو باز ادائیگی کی جائے۔ تاہم، ہر اس ماہ کے لیے جس میں امداد اکٹھا کی گئی ہے آپ کو اپنے EBT کارڈ پر ایک "پاس تھرو پیمنٹ" (pass-through payment) ملے گا جو ایجنسی کو تقسیم کردہ فنڈز سے لیا گیا ہوتا ہے۔ آپ کو موصولہ تمام مراعات امداد کے حقوق کی کسی موجودہ تفویض سے اجازت یافتہ حد تک تقسیم ہو جانے پر، امداد کی جو کوئی زائد رقم اکٹھا ہوتی ہے وہ "اضافی تعاون کی ادائیگی" کے بطور آپ کے EBT کارڈ پرآپ کو ادا کر دی جائے گی۔

**سوال. ''پاس تھرو پیمنٹ'' کیا ہے؟**

**جواب.** پاس تھرو پیمنٹ تفویض کردہ حالیہ امداد کی وصولیابیوں کا ایک حصہ ہے جو، بروقت ادا ہو جانے پر، ریاست ان فیملیز کو دیتی ہے جو فی الحال عارضی اعانت پر ہوتے ہیں۔ پاس تھرو پیمنٹ ہر ماہ اکٹھا شدہ موجودہ امداد یا موجودہ امداد کی جوابدہی کی رقم کے پہلے $100 تک کی حقیر رقم ہوتی ہے۔ 1 جنوری 2010 سے، $100 کی پاس-تھرو ادائیگی جاری رہے گی جہاں عارضی اعانت کے معاملے میں 21 سال سے کم عمر کا ایک فرد سرگرم ہے۔ جہاں عارضی اعانت کے ایک ہی کیس میں 21 سال سے کم عمر کے دو یا زیادہ افراد فعال ہوں وہاں پر، پاس تھرو پیمنٹ اس حقیر رقم سے بڑھ کر ہر ماہ اکٹھا شدہ موجودہ امداد یا اس ماہ کے لیے اکٹھا شدہ موجودہ امداد کی جوابدہی کی رقم کے پہلے $200 کی رقم تک ہو جائے گی۔ فیملی کو جو عارضی اعانت ملے گی اس رقم کا تعین کرتے وقت پاس تھرو پیمنٹ کو بجٹ سازی سے نظر انداز کر دیا جاتا ہے لیکن اس سے آپ کے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کم ہو سکتی ہیں۔

**سوال.** **جب اکٹھا شدہ امداد میری ساری عارضی اعانت کی مراعات واپس ادا کرتی ہے تو میرے امداد اطفال کے بقایاجات کا کیا ہوتا ہے؟**

**جواب.** عارضی اعانت پر آپ کے رہتے ہوئے، اگر آپ کو فراہم کردہ وہ ساری مراعات ادا کر دی گئی ہیں جو امداد اطفال کی تفویض کی مستوجب تھیں تو، آپ کسی بقایاجات/آپ پر واجب سابقہ بقایا امداد کے لیے اکٹھا کردہ امداد کی ادائیگیاں موصول کرنے کے مستحق ہیں۔ 1 اکتوبر 2009 سے، یہ بقایاجات سپورٹ کلیکشن یونٹ کی طرف سے "فیملی کے بقایاجات" کے بطور براہ راست آپ کو ادا کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ، اگر کوئی موجودہ سپورٹ کلیکشن ہو تو گھرانے کو "پاس تھرو پیمنٹ" مل سکتی ہے۔

**سوال.** **فیملی کے بقایاجات کی ادائیگی سے میری مراعات کس طرح متاثر ہوں گی؟**

**جواب.** فیملی کے بقایاجات کی ادائیگی کی رقم کی رپورٹ آپ کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کی جائے گی اور جائزہ لے کر یہ تعین کیا جائے گا کہ آیا اس سے عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ اور/یا Medicaid کی آپ کی مراعات متاثر ہوتی ہیں۔

**سوال.** **جب مجھے عارضی اعانت مزید موصول نہیں ہو رہی تو، کیا امداد اطفال کی خدمات اور کلیکشنز جاری رہیں گے؟**

**جواب.** چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ سروسز عارضی اعانت کا آپ کا کیس بند ہونے کے بعد خود بخود جاری ہوں گی الّا یہ کہ آپ CSEU سے اپنا کیس بند کرنے کی درخواست کریں۔ اگر آپ چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ سروسز جاری رکھتے ہیں تو، آپ کو اکٹھا کردہ ساری امداد اطفال موصول ہوگی سوائے کسی ایسے کلیکشنز کے جو عارضی اعانت کے لیے آپ کے درخواست دیتے وقت کی گئی حقوق کی تفویض کے تحت پچھلی واجب امداد/ایجنسی کو واجب بقایاجات کے لیے کی گئی تھیں۔

**سوال.** **کسی والدین کو امداد اطفال کتنی مدت تک ادا کرنی ہوتی ہے؟**

**جواب.** والدین پر بچے کی عمر 21 سال ہونے تک اس کے لیے امداد اطفال ادا کرنے کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ بچے کی عمر 21 سال ہو جانے کے بعد، والدین صرف پچھلی واجب امداد/بقایاجات ادا کرنے کے جوابدہ رہتے ہیں۔

## سیکشن D فوڈ اسٹامپس کی مراعات

**سوال.** **فوڈ اسٹامپس کی مراعات کیا ہیں؟**

**جواب.** فوڈ اسٹامپس کی مراعات غذائی آئٹم خریدنے کے لیے استعمال ہوتی ہیں اور آپ کا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) آپ کے استعمال کرنے پر انہیں ریڈیم کرایا جاتا ہے۔ بیشتر فوڈ اسٹور CBIC/EBT کارڈ قبول کرتے ہیں۔ اسٹور کے دروازے یا کھڑکی پر جستجو کا نشان تلاش کریں۔

**سوال.** **فوڈ اسٹامپس کی مراعات کس کو مل سکتی ہیں؟**

**جواب.** آپ فوڈ اسٹامپس کی مراعات پانے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر:

- آپ کام کرتے ہیں اور آپ کو کم اجرتیں ملتی ہیں
- آپ کی معمولی آمدنی ہے یا نہیں ہے
- آپ عمر دراز یا معذور ہیں
- آپ کو سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) یا عارضی اعانت ملتی ہے
- آپ بے گھر ہیں (چاہے آپ کس اور کے ساتھ عارضی طور پر رہ رہے ہیں یا آپ پناہ گاہ میں عارضی طور پر رہ رہے ہیں)

**نوٹ:** چاہے آپ گھر اور کار کے مالک ہوں آپ اب بھی فوڈ اسٹامپ کی مراعات پا سکتے ہیں۔

**سوال.** **اگر میں عارضی اعانت کی وقت کی حد کو پہنچ گیا ہوں تو کیا میں فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے درخواست دے سکتا ہوں؟**

**جواب.** ہاں۔ نقد اعانت پروگراموں کے لیے حدود فوڈ اسٹامپ کی مراعات پروگرام پر لاگو نہیں ہوتی ہیں۔

**سوال.** **میں فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے کیسے درخواست دوں؟**

**جواب.** درخواست دینے کے لیے آپ کو فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی درخواست پُر کرنا ضروری ہے۔ درخواست آپ کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے طلب کی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، آپ فوڈ اسٹامپ کی درخواست **http://www.otda.state.ny.us/main/apps/4826.pdf** سے ڈاؤن لوڈ اور پرنٹ کر سکتے ہیں۔ فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی درخواست آپ کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں، یا NYC میں آپ کے مقامی فوڈ اسٹامپ سنٹر پر قبول ہونا ضروری ہے، اگر آپ نے کم از کم اپنا نام، پتہ (اگر آپ کا کوئی ہو تو) پُر کیا ہے اور دستخط کیے ہیں۔ یہ اہم ہے کیونکہ آپ کے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی رقم کا حساب اس دن سے لگایا جاتا ہے جس دن آپ نے اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی درخواست واپس **(فائل)** کی۔ اگر آپ اپنی درخواست اسی دن واپس جمع کرتے ہیں جس دن آپ کو یہ ملتا ہے تو آپ کو زیادہ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس مل سکتے ہیں۔ تاہم، براہ کرم نوٹ کریں کہ، آپ کو لازمی طور پر باقی درخواست بھرنی ہوگی کہ تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ آیا آپ فوڈ اسٹامپ بینیفٹس حاصل کرسکتے ہیں۔

**نوٹ:** اگر آپ کے گھرانے کے ہر کسی نے عارضی اعانت کے لیے درخواست دی ہے تو، عموماً آپ کو فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے الگ سے درخواست نہیں دینی ہوتی ہے۔ نیز، آپ کو فوڈ اسٹامپ کی مراعات پانے کے لیے عارضی اعانت کے لیے درخواست دینی ہوتی ہے۔

**سوال۔** **میں کہاں پر درخواست دوں؟**

**جواب۔** آپ اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں بذات خود، بذریعہ ڈاک، یا فیکس درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی سے باہر رہتے ہیں تو، اپنے قریب ترین مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پتہ اور فون نمبر کے لیے ٹول فری **1-800-342-3009** پر کال کریں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی میں رہتے ہیں تو، آپ قریب ترین مرکز کا پتہ اور فون نمبر ٹول فری **1-877-472-8411** پر یا ٹول فری **1-800-342-3009** پر یا 311 پر کال کر کے لے سکتے ہیں۔ اگر آپ کی رسائی انٹرنیٹ تک ہے تو، درج ذیل ویب سائٹ آپ کی قریب ترین ایجنسی یا مرکز کی معلومات فراہم کرتی ہے: **http://www.otda.state.ny.us/main/workingfamilies/dss.asp.**

**سوال۔** **کیا کوئی میرے لیے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے درخواست دے سکتا ہے؟**

**جواب۔** آپ اپنے گھرانے کے لیے درخواست دینے کی خاطر کسی رشتہ دار یا دوست کو منتخب کر سکتے ہیں۔ اس شخص کو **"مجاز نمائندہ"** کہا جائے گا۔ آپ کو ان کا نام، پتہ، اور فون نمبر درخواست پر ہدایاتی پرچے میں جہاں بتایا گیا ہے وہاں پر جلی حروف میں درج کرنا ضروری ہے۔ یہ جگہ عموماً درخواست کے پیچھے، آخر میں ہوتی ہے۔ آپ اور مجاز نمائندہ دونوں کو درخواست پر دستخط کرنا ضروری ہے الّا یہ کہ آپ کسی ادارے میں مقیم ہوں۔ اگر آپ چاہیں تو، اس شخص کو یا کسی اور کو بھی آپ کے فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک رسائی حاصل کرنے اور آپ کے لیے غذا خریدنے کے لیے انہیں استعمال کرنے کی بھی اجازت دی جا سکتی ہے۔ اس کام کے لیے مجاز نمائندہ خود اپنا EBT کارڈ (CBIC) لے سکتا ہے۔

**سوال۔** **کیا مجھے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے بذات خود درخواست دینا ضروری ہے؟**

**جواب۔** نہیں۔ آپ بذریعہ میل درخواست دے سکتے ہیں یا دیگر فرد آپ کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

**نوٹ:** اگر آپ کی رسائی انٹرنیٹ تک ہے تو، **www.myBenefits.ny.gov** ملاحظہ کر کے پتہ کریں کہ آیا آپ فوڈ اسٹامپ کی مراعات اور دیگر عملی امداد کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کے گھرانے میں ہر کوئی سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) کے لیے درخواست دے رہا ہے یا یہ اسے مل رہا ہے تو، آپ اپنے مقامی سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن آفس میں بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

**سوال۔** **اگر میں اپنی درخواست واپس کرتا ہوں تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب۔** اپنی درخواست آپ کے واپس کرنے پر، آپ کا ایک کارکن کےساتھ ایک رازدارانہ انٹرویو ہوگا۔ عموماً، آپ کو اس انٹرویو کے لیے بذات خود حاضر ہونا ہوتا ہے، الّا یہ کہ:

- آپ کے پاس ایک مجاز نمائندہ ہو جو آپ کے لیے جا سکتا ہو۔
- آپ کی عمر 60 سال یا اس سے اوپر ہو، یا آپ معذور ہوں اور آپ کے پاس ایسا مجاز نمائندہ نہ ہو جو آپ کے لیے جا سکتا ہو۔
- آپ کو نقل و حمل کی مشکلات یا تنگدستی کے حالات جیسے، بلا تحدید، دیہی یا دور دراز کے علاقے میں رہنے، بیماری، گھرانے کے ممبر کی نگہداشت، طویل مدت تک سخت موسم کی وجہ سے تنگدستی ہو یا کام کرنے کے طویل اوقات دفتر میں آنا مشکل بنا رہے ہوں۔
- آپ اکیلے رہتے ہیں اور آپ کو سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) ملتی ہو، یا آپ شریک حیات کے ساتھ رہتے ہوں جسے خود بھی SSI ملتی ہو۔
- آپ گھر میں محدود ہوں۔
- اپ کا غیر عارضی اعانت کی فوڈ اسٹامپ کی مراعات (Non-Temporary Assistance Food Stamp Benefits, NTA-FS) کا گھرانہ کام کاجی فیملیز کے لیے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی پہل کا معیار پورا کرتا ہو، جو یوں ہے:
  - فوڈ اسٹامپ والے گھرانے کا کوئی بالغ ممبر یا تو فی ہفتہ اوسطاً 30 گھنٹے کام کرتا ہو **یا** وفاقی اقل اجرت کے اوقات 30 گھنٹے فی ہفتہ کے برابر یا اس سے زیادہ اوسط ہفتہ وار آمدنی کماتا ہو؛ یا
  - فوڈ اسٹامپ والے گھرانے کے کوئی دو بالغ ممبران جن میں سے ہر ایک 20 گھنٹے فی ہفتہ کام کرتا ہو **یا** وفاقی اقل اجرت کے اوقات 20 گھنٹے فی ہفتہ کے برابر یا اس سے زیادہ اوسط ہفتہ وار آمدنی **کماتا** ہو؛ یا

جب تک مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات یہ تعین نہ کرے کہ آپ فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے عملی تقاضوں سے مستثنی ہیں، آپ سے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا بھی تقاضا کیا جائے گا۔

**نوٹ:** اگر آپ انٹرویو میں نہیں جا سکتے اور آپ کے پاس کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو آپ کے لیے جائے تو، آپ کا انٹرویو بذریعہ فون ہو سکتا ہے یا کوئی کارکن آپ کے گھر آنے کا پوچھ سکتا ہے۔

**سوال۔** **فوڈ اسٹامپ کی مراعات پانے میں کتنا وقت لگے گا؟**

**جواب۔** اس میں پہلی بار آپ کے درخواست دینے سے 30 دن تک لگ سکتے ہیں۔

**سوال۔** **کیا میں فوڈ اسٹامپ کی مراعات اسی وقت پا سکتا ہوں؟**

**جواب۔** ہاں، آپ پانچ کیلنڈر دنوں کے اندر فوڈ اسٹامپ کی مراعات پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اسے **تیز گام کارروائی** کہا جاتا ہے۔

عموماً، آپ **تیز گام کارروائی** کے اہل ہو سکتے ہیں اگر آپ فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے اہل ہیں اور:

- آپ کے گھرانے کے پاس نقدی اور دیگر دستیاب وسائل کی مد میں $100 سے کم ہے **یا** جس ماہ میں آپ درخواست دیتے ہیں اس ماہ کے دوران مجموعی آمدنی کی مد میں آپ کو $150 سے کم ملیں گے؛ یا
- آپ کی آمدنی اور دستیاب وسائل آپ کے کرایے، رہن، نیز حرارت، یوٹیلیٹیز اور فون سے کم ہیں، یا
- آپ تارک وطن یا فارم کے موسمی کارکن ہیں۔

| |
|---|
| **نوٹ:** فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی تیز گام کارروائی پانے کے لیے آپ کے پاس غذا ختم ہو چکا ہونا ضروری نہیں ہے۔ |

**سوال۔** **اگر مجھے اہل پایا جاتا ہے تو، میں اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک کیسے رسائی حاصل کروں؟**

**جواب۔** براہ کرم اس کتاب میں **"سیکشن K: الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT) کے ساتھ مراعات پانا"** سے رجوع کریں۔

**سوال۔** **میں اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک کب رسائی حاصل کروں؟**

**جواب۔** **اگر آپ نیو یارک سٹی سے *باہر* رہتے ہیں:**

آپ کے کیس کا آخری نمبر، 1 سے 9 تک، آپ کو اس ماہ کی وہ اولین تاریخ بتائے گا جب آپ اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ مثلاً، اگر آپ کا کیس 2 میں ختم ہوتا ہے تو، آپ ماہ کی 2 تاریخ سے شروع کر کے اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کا کیس 0 میں ختم ہوتا ہے تو، آپ ماہ کی 1 تاریخ سے شروع کر کے اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**اگر آپ نیو یارک سٹی *میں* رہتے ہیں:**

آپ کو اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے دفتر سے ایک فارم ملے گا جو آپ کو اس ماہ کی وہ اولین تاریخ بتائے گا جب آپ اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ مثلاً، اگر فارم آپ کو بتاتا ہے کہ سب سے پہلی تاریخ جب آپ اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، 3 ہے تو، آپ اپنا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) 3 کو یا اس کے بعد استعمال کر سکتے ہیں۔

| |
|---|
| **نوٹ:** اگر آپ کے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے اکاؤنٹ تک لگاتار 365 دنوں رسائی حاصل نہیں کی جاتی ہے تو، کم از کم 365 دنوں تک اکاؤنٹ میں رہنے والی فوڈ اسٹامپ کی مراعات ہٹا (*مٹا*) دی جائیں گی اور انہیں بدلا نہیں جائے گا۔ |

**سوال۔** **کیا فوڈ اسٹامپ کی مراعات کو سینئر سٹیزن سائٹس پر اور گھر پر ڈیلیور کیے جانے والے کھانوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے؟**

**جواب۔** آپ اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے اکاؤنٹ کو چارج کرنے کے لیے ان خدمات کے لیے ایک واؤچر فارم پر دستخط کر سکتے ہیں۔

**سوال۔** **اگر میرے گھرانے کا کوئی فرد فوڈ اسٹامپ پروگرام کے عملی تقاضے پر عمل نہیں کرتا ہے یا نوکری چھوڑ دیتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟**

**جواب۔** جو فرد معقول وجہ کے بغیر، فوڈ اسٹامپ پروگرام کے عملی تقاضے پر عمل نہیں کرتا ہے، یا رضاکارانہ طور پر چھوڑ دیتا ہے یا کام کے گھنٹے کم کر دیتا ہے اس پر عموماً ایک مخصوص وقت تک کے لیے، پابندی لگائی جائے گی (اس شخص کو کوئی فوڈ اسٹامپ کی مراعات نہیں ملیں گی)۔

**سوال۔** **اگر میں امریکی شہری نہیں ہوں تو کیا مجھے فوڈ اسٹامپ کی مراعات مل سکتی ہیں؟**

**جواب۔** بہت سارے غیر شہری ایسے اہل قرار یافتہ پردیسی ہیں جو فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے اہل ہیں۔ اگر آپ فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے اہل نہیں بھی ہیں، مگر آپ کے بچے اہل ہیں تو آپ ان کے لیے فوڈ اسٹامپ کی مراعات موصول کر سکتے ہیں۔ فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی سے آپ کے ترک وطن کے معاملے کے ضمن میں امریکی شہریت اور ترک وطن کی خدمات(USCIS) کے کسی فیصلے کے سلسلے میں آپ کے ترک وطن کی حالت متاثر نہیں ہونی چاہیے۔

آپ فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے اہل ہو سکتے ہیں اگر آپ امریکی (.U.S) شہری، غیر شہری امریکی باشندہ (امریکی ساموآ اور سوائن آئلینڈ میں پیدا شدہ افراد)، یا اہل قرار یافتہ پردیسی ہیں۔ فوڈ اسٹامپ کی مراعات کی اہلیت کے مقصد سے اہل قرار یافتہ پردیسی ہے:

1. کینیڈا میں پیدا شدہ امریکی انڈین نیز ترک وطن اور قومیت ایکٹ (INA) کے سیکشن 289 کے تحت کم از کم 50 فیصد خون امریکی انڈین نسل کا ہو؛ یا
2. انڈین قبیلے کا ممبر جو وفاقی سطح پر تسلیم شدہ قبیلہ ہو ((25 U.S.C. 450b(e)؛ یا
3. ہمونگ یا ہائی لینڈ لاؤشین کے بطور داخل شدہ کوئی پردیسی، بشمول شریک حیات اور زیر کفالت بچہ (بچے)؛ یا
4. INA کے سیکشن 207 کے تحت داخل شدہ ریفیوجی؛ یا
5. INA کے سیکشن 208 کے تحت پناہ یافتہ پردیسی؛ یا
6. ایسا پردیسی جس کی ملک بدری اپریل 1997 سے قابل نافذ العمل INA کے سیکشن 243(h) کے تحت موقوف رکھی گئی ہو، یا INA کے سیکشن 241(b)(3) کے تحت جس کا اخراج موقوف رکھا گیا ہو
7. کیوبن اور ہیٹین داخل ہونے والے فرد کے بطور داخل شدہ کوئی پردیسی؛ یا
8. ایسا پردیسی جو غیر قانونی تجارت کے شکار افراد کا تحفظ کرنے کے ایکٹ کے سیکشن 103(8) کے تحت غیر قانونی تجارت کا شکار ہے؛ یا
9. ایسا پردیسی جو امریکی مسلح افواج میں فعال ڈیوٹی پر ہے یا، باعزت طور پر ڈسچارج شدہ پردیسی، ان کے شریک حیات اور زیر کفالت بچے، اور وفات پا چکے کسی فعال ڈیوٹی ممبر یا سابق فوجی کی دوبارہ شادی نہیں کرنے والے پس حیات شریک حیات اور غیر شادی شدہ زیر کفالت بچے؛ یا
10. امریشین کے بطور داخل شدہ کوئی پردیسی؛ یا
11. INA کے سیکشن 212(d)(5) کے تحت کم از کم ایک سال کے لیے پیرول پر رہا شدہ پردیسی اور جس کے پاس کم از کم پانچ سال کی حالت ہو؛ یا
12. ایسا پردیسی یا ایسے پردیسی کے والدین یا بچے جس کو فیملی ممبر کے ذریعے امریکہ میں مارا پیٹا گیا یا انتہائی ظلم کا شکار بنایا گیا ہو اور جو 22 اگست 1996 سے پہلے امریکہ میں داخل ہوا ہو یا جس کے پاس 5 سال کی حالت ہو؛ یا

13. INA کے تحت مستقل رہائش کے لیے قانونی طور پر داخل شدہ پردیسی اور جو درج ذیل پورا کرتا ہو:
- اس کے پاس اہل قرار یافتہ حالت میں 5 سال ہو، یا
- اس نے کام کے اہل قرار دینے والے 40 کوارٹرز کمائے ہوں یا یہ اسے کریڈٹ کیا جا سکتا ہو، یا
- اہل قرار یافتہ حالت میں ہو اور اس کو مخصوص معذوری کی مراعات ملتی ہوں، یا
- اہل قرار یافتہ حالت میں ہو اور اٹھارہ سال سے کم عمر کا ہو۔

**منصفانہ سماعت کے حقوق**

اگر آپ کو فوڈ اسٹامپ کی مراعات سے منع کیا گیا ہو، اگر آپ کی مراعات روک دی یا کم کر دی گئی ہوں، اگر آپ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہوں تو آپ کو منصفانہ سماعت کا حق ہے۔ منصفانہ سماعت کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم کتاب 1 (LDSS-4148A) "آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے" سے رجوع کریں۔

**سوالات؟**

فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، آپ درج ذیل انٹرنیٹ ویب سائٹ پر بھی جا سکتے ہیں:
**http://www.otda.state.ny.us/main/foodstamps/.**

## سیکشن E عبوری مدد

**سوال۔ کیا میری عارضی اعانت رک جانے پر میں اب بھی نگہداشت طفل میں اعانت پا سکتا ہوں؟**

**جواب۔** جو وصول کنندگان رضاکارانہ طور پر اپنی اعانت کا کیس بند کر دیتے ہیں، یا جو بصورت دیگر اعانت کے لیے نا اہل ہیں وہ نگہداشت طفل کی سبسڈی کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگرآپ کو اس وجہ سے نگہداشت طفل درکار ہے کہ آپ کام کر رہے ہیں، اور آپ کے گھرانے کی آمدنی قابل اجازت حدود کے اندر آتی ہے تو، آپ کے کارکن کو آپ کی عارضی اعانت رک جانے سے پہلے اس نگہداشت طفل کی اعانت کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین کرنا چاہیے۔ آپ کو نگہداشت طفل کی لاگت کا ایک حصہ ادا کرنا ہوگا۔ اس نگہداشت طفل کو عبوری نگہداشت طفل کہا جاتا ہے اور عارضی اعانت کے لیے آپ کے مزید اہل نہیں رہنے کے بعد 12 ماہ تک ادا کیا جاتا ہے۔

**سوال۔ اگر طبی اعانت کا میرا کیس بند ہو جاتا ہے تو کیا ہوگا؟**

**جواب۔** عبوری طبی نگہداشت - اگر آپ کا کم آمدنی والی فیملی کے لیے طبی اعانت (Low Income Family Medical Assistance) کا کیس اس وجہ سے بند ہو جاتا ہے کہ آپ کی کمائی گئی آمدنی بڑھ گئی ہے، اور آپ کی کمائی گئی اور بغیر کمائی گئی آمدنی کا مشترک بڑھ کر آپ کو نا اہل بنا دیتا ہے تو، آپ اب بھی عبوری طبی اعانت پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ کم آمدنی والی فیملی کے لیے طبی اعانت ان خاندانوں کے لیے طبی اعانت پروگرام ہے جو عارضی اعانت کے لیے اہل ہیں، لیکن کم آمدنی والی فیملی کے لیے طبی اعانت پانے کے لیے آپ کو عارضی اعانت پا رہا ہونا ضروری نہیں ہے۔

آپ 6 ماہ تک یہ زائد مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر:

- اگر آپ کو پچھلے 6 میں سے 3 ماہ تک کم آمدنی والی فیملی کے لیے طبی اعانت ملتی رہی ہے۔
- آپ کے پاس آپ کے ساتھ رہنے والا 21 سال سے کم عمر کا بچہ ہے۔

6 ماہ پورا ہو جانے پر، آپ **مزید 6** ماہ تک عبوری طبی اعانت پانے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر:

- آپ کی آمدنی، منہا ملازمت کے لیے لازمی نگہداشت طفل کی لاگت، وفاقی سطح افلاس کے 185% سے کم ہے۔
- آپ اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے ذریعے آپ کو مرسلہ رپورٹیں پُر کرتے ہیں تاکہ وہ یہ دیکھ سکیں کہ آیا آپ اب بھی یہ مدد پانے کے اہل ہیں۔
- آپ کے پاس آپ کے ساتھ رہنے والا 21 سال سے کم عمر کا بچہ ہے۔

اپنے حمل کے کسی بھی ماہ کے دوران طبی اعانت کے لیے اہل خاتون اپنے حمل کے اختتام کے بعد 60 دنوں تک طبی اعانت کے لیے اہل رہتی ہے۔ وضع حمل کے بعد 60 دن کی توسیع موصول کرنے کے لیے، اس خاتون پر اپنے حمل کے اختتام سے قبل طبی اعانت کے لیے درخواست دینا لازم ہے۔

اپنے حمل کے دوران طبی اعانت کے لیے اہل اور اسے موصول کرنے والی خاتون کے یہاں پیدا شدہ، شیر خوار بچہ جس ماہ میں ایک سال کی عمر کا ہو اس ماہ کے آخر تک طبی اعانت کے لیے اہل ہے۔ طبی اعانت بشمول Medicaid، فیملی ہیلتھ پلس، خاندانی منصوبہ بندی کا بینیفٹ پروگرام اور پیش قیاسی طور پر ولادت سے 3 ماہ کے اندر اہل خواتین۔ اگر کوئی خاتون بچے کو جنم دینے سے 3 ماہ کے اندر Medicaid کے لیے درخواست دیتی ہے اور بچے کو جنم دینے کے وقت وہ ماضی سے مؤثر مدت کے لیے اہل ہے تو، بچہ ایک سال کی کوریج کے لیے اہل ہے۔

19 سال تک کی عمر کے جو بچے طبی اعانت کے لیے **پوری طرح** سے اہل ہیں انہیں اہل متعین کیے جانے یا دوبارہ متعین کیے جانے کی تاریخ سے 12 ماہ سے یا ان کی 19ویں سالگرہ تک، جو بھی جلدی آ جائے، طبی اعانت دی جائے گی، جس میں آمدنی یا حالات میں کسی تبدیلی کا لحاظ نہیں کیا جائے گا۔

مینیجد کیئر آرگنائزیشن (Managed Care Organization, MCO) میں اندراج یافتہ کسی فرد کو MCO کے ذریعے پیش کردہ کیپٹیٹڈ بینیفٹس کے لیے طبی اعانت کوریج کے چھ ماہ کی ضمانت دی جاتی ہے اگر وہ طبی اعانت کی اہلیت سے محروم ہو جائے۔

**سوال۔** **میری عارضی اعانت بند ہو جانے کے بعد کیا میں اب بھی امداد اطفال موصول کرنے میں مدد پا سکتا ہوں؟**

**جواب۔** ہاں، عارضی اعانت کے سابق وصول کنندہ کے بطور امداد اطفال کی خدمات آپ کے لیے خود بخود جاری رہتی ہیں الّا یہ کہ آپ تحریری شکل میں اس طرح کی خدمات روکنے کی درخواست کریں۔ آپ کو اپنا کیس بند ہونے کے وقت خدمات کے تسلسل کا نوٹس موصول ہوا ہونا چاہیے۔

**سوال۔** **میری عارضی اعانت بند ہو جانے کے بعد کیا میں اب بھی فوڈ اسٹامپ کی مراعات پا سکتا ہوں؟**

**جواب۔** اگر آپ کام کرتے ہیں اور آپ کو کم اجرت ملتی ہے، دیگر کم آمدنی ہے، یا کام کرنے سے قاصر ہیں تو، آپ اب بھی فوڈ اسٹامپ کی مراعات پانے کے اہل ہو سکتے ہیں **(اس کتاب کا سیکشن D، "فوڈ اسٹامپ کی مراعات" دیکھیں)**۔

## سیکشن F نگہداشت طفل

**سوال۔** **نگہداشت طفل میں اعانت کیا ہے؟**

**جواب۔** نگہداشت طفل میں اعانت سے ان والدین/نگراں (نگرانوں) کو مدد ملتی ہے جنہیں تب اپنے بچے (بچوں) کے لیے نگہداشت اور نگرانی کی ضرورت ہوتی ہے جب والدین/نگراں اپنے بچے (بچوں) کے لیے نگہداشت کرنے کے لیے دستیاب نہ ہوں۔ نگہداشت طفل میں اعانت سے والدین/نگراں (نگرانوں) کو نگہداشت طفل کی خدمات کی کچھ یا ساری لاگتیں ادا کرنے میں مدد ملتی ہے۔

**سوال۔** **نگہداشت طفل میں اعانت کس کو مل سکتی ہے؟**

**جواب۔** بعض فیملیز ایسی ہیں جو نگہداشت طفل کے لیے ضمانت یافتہ ہیں، کچھ فیملیز ایسی ہیں جو مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پاس فنڈ دستیاب ہونے پر اہل ہیں، اور دیگر فیملیز ایسی ہیں جو ڈسٹرکٹ کے پاس فنڈ دستیاب ہونے پر اور جس نے ان زمروں کے خاندانوں کے لیے نگہداشت طفل کی ادائیگی کرنے کا فیصلہ کیا ہو، اہل ہیں۔

درج ذیل فیملیز نگہداشت طفل کے لیے ضمانت یافتہ ہیں، جب اس طرح کی خدمات 13 سال سے کم عمر کے بچےکے لیے درکار ہوں:

- عارضی اعانت کے لیے درخواست دینے والی یا اس پر رہنے والی جو فیملیز حسب تقاضا عملی سرگرمیوں میں شرکت کر رہی ہیں یا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے ذریعے مطلوب دیگر سرگرمیوں جیسے اورینٹیشن یا تشخیص میں مشغول ہوں۔
- عارضی اعانت پر رہنے والی فمیلیز جو عملی سرگرمیوں میں حسب تقاضا شرکت کر رہی ہیں۔
- وہ فیملیز جنہوں نے عارضی اعانت کے لیے درخواست دی ہے یا جو بصورت دیگر اس کے لیے اہل ہوں گی یا جنہیں عارضی اعانت موصول ہو رہی تھی اور انہوں نے اہل رہتے ہوئے اپنا کیس عارضی طور پر بند کر دیا۔ والدین/نگراں کے رشتہ دار (داروں) کو نگہداشت طفل کی ضرورت لازماً ہو تاکہ والدین/نگراں کے رشتہ دار (داران) حسب تقاضا کام کر سکیں۔
- عارضی اعانت سے منتقل ہونے والی فیملیز، جب والدین کو کام کرنے کے واسطے نگہداشت طفل کی ضرورت ہو۔

درج ذیل فیملیز نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے تب اہل ہیں جب مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پاس فنڈ دستیاب ہو اور فیملی نے 13 سال یا اس سے زائد عمر کے کسی اہل بچے کے لیے عارضی اعانت کے لیے درخواست دی ہو یا اسے موصول کر رہی ہو، جس کی یا تو مخصوص ضروریات ہوں یا عدالت کی نگرانی کے ماتحت ہو اور نگہداشت طفل درکار ہو۔ تاکہ والدین/نگراں/رشتہ دار مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے تقاضے کے مطابق سرگرمیوں، بشمول اورینٹیشن، تشخیص، یا عملی سرگرمیوں میں شرکت کر سکیں۔

درج ذیل فیملیز نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے تب اہل ہیں جب مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پاس فنڈ دستیاب ہو اور، اگر فیملی عارضی اعانت پر ہو اور نگہداشت طفل درکار ہو:

- 13 سال یا اس سے زائد عمر کے ایسے بچے کے لیے جس کو خصوصی ضروریات درپیش ہوں اور جو عدالت کی نگرانی کے ماتحت ہو، تاکہ والدین/نگراں کے رشتہ دار (داران) کام کر سکیں۔
- تاکہ والدین/نگراں کے رشتہ دار (داران) کام میں مشغول ہونے کے، یا مطلوبہ عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے اہل ہوں، اور
- بچے کو خصوصی ضروریات درپیش ہوں اور وہ عدالت کی نگرانی کے ماتحت ہو۔

درج ذیل فیملیز نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے تب اہل ہیں جب مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پاس فنڈ دستیاب ہو:

- فیملی نے 13 سال یا اس سے زائد عمر کے بچے کے لیے عارضی اعانت کے لیے درخواست دی ہو یا اسے موصول کر رہی ہو،
- والدین/نگراں کے رشتہ دار (داران) کو کام میں مشغول ہونے، یا مطلوبہ عملی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا اہل ہونے کے لیے نگہداشت طفل درکار ہو۔
- بچے کو خصوصی ضروریات درپیش ہوں اور وہ عدالت کی نگرانی کے ماتحت ہو۔

نگہداشت طفل فیملیز کے لیے درج ذیل حالات میں دستیاب ہے اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات نے ان فیملیز کی خدمت انجام دینے کا فیصلہ کیا ہو، فیملی عارضی اعانت پر ہو، اورمقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پاس فنڈ دستیاب ہوں۔ اپنے کارکن سے پوچھیں کہ آیا آپ کا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات ان میں سے ایک یا زائد زمروں کے لیے نگہداشت طفل میں اعانت ادا کرتا ہے:

- والدین/نگراں کے رشتہ دار (داران) جو اپنی مطلوبہ سرگرمی کے علاوہ کسی منظور شدہ سرگرمی میں شرکت کر رہے ہوں

- والدین/نگراں کے رشتہ دار (داران) پر پابندی عائد ہو لیکن والدین/نگراں کے رشتہ دار (داران) غیر سبسڈی یافتہ ملازمت میں شرکت کر رہے ہوں اور انہیں وفاقی و ریاستی محنت قانون کے تحت مطلوب اقل سطح کے برابر یا اس سے اعلی سطح پر کمائی گئی اجرتیں موصول ہوتی ہوں۔

نگہداشت طفل درج ذیل حالات میں فیملیز کے لیے دستیاب ہے اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات نے ان فیملیز کی خدمت انجام دینے کا فیصلہ کیا ہو، فیملی کے پاس قابل اجازت حدود کے اندر آمدنی ہو، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پاس فنڈ دستیاب ہوں، اور فیملی کی خود امداد کے لیے وہ سرگرمی پلان کا لازمی حصہ ہونے کا تعین کیا گیا ہو۔ اپنے کارکن سے پوچھیں کہ آیا آپ کا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات اس زمرہ کے لیے نگہداشت طفل میں اعانت ادا کرتا ہے:

- والدین/نگراں (نگرانوں) کو چھ ماہ تک کی مدت کے لیے نوکری کی تلاش ہے اور والدین/نگراں (نگرانوں) نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ محنت کے شعبہ برائے ملازمتی خدمات کے دفتر میں رجسٹرڈ ہیں۔
- والدین/نگراں مخصوص تعلیمی یا حرفتی سرگرمیوں میں مشغول ہیں۔

نگہداشت طفل درج ذیل حالات میں فیملیز کے لیے دستیاب ہے اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات نے ان فیملیز کی خدمت انجام دینے کا فیصلہ کیا ہو، فیملی یا تو عارضی اعانت پر ہو یا اس کے پاس قابل اجازت حدود کے اندر آمدنی ہو، اور مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پاس فنڈ دستیاب ہوں۔ اپنے کارکن سے پوچھیں کہ آیا آپ کا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات ان حالات میں سے ایک یا زائد کے لیے نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے ادائیگی کرتا ہے:

- والدین/نگراں (نگرانوں) کسی منظور شدہ ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق معالجہ پروگرام میں شرکت کر رہے ہوں، یا ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق معالجہ کی ضرورت کی تشخیص کے لیے اسکریننگ میں ہوں،
- والدین/نگراں (نگرانوں) ہو یا انہیں خانگی تشدد کے متاثرین کے لیے خدمات موصول ہو رہی ہوں اور خانگی تشدد کے متاثرین کے لیے خدمات کی ضرورت کی اسکریننگ یا اس کی تشخیص میں ہوں،
- والدین/نگراں (نگرانوں) مختصر مدت کے لیے کسی ہنگامی صورتحال میں ہوں جیسے وہ معاملات جہاں والدین/نگراں آتش زدگی، کسی عمر دارز یا معذور رشتہ دار کے لیے رہائش کی تلاش یا گھریلو کام/گھر کی دیکھ بھال کی خدمامت جیسی چیزوں کی وجہ سے دن کے طویل حصے تک گھر سے غائب ہوں،
- والدین/نگراں (نگرانوں) جسمانی یا ذہنی طور پر ناقابل ہوں یا ان پر گھر سے دور فیملی کی ذمہ داریاں ہوں،
- والدین/نگراں (نگرانوں) مخصوص تعلیمی یا حرفتی سرگرمیوں میں مشغول ہیں۔ ان میں سے کچھ پروگراموں کے لیے والدین/نگراں (نگرانوں) لازمی طور پر 17 ½ گھنٹے فی ہفتہ کام کر رہے ہوں اور لازماً وفاقی و ریاستی محنت قانون کے تحت مطلوب اقل سطح کے برابر یا اس سے زیادہ اجرت کما رہے ہوں۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو یہ فیصلہ کرنا ضروری ہے کہ آیا پروگرام سے مزید پیسے کمانے کی آپ کی اہلیت میں بہتری آنے کی توقع ہے۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو یہ فیصلہ کرنا ضروری ہے کہ آیا کامیابی سے آپ کے یہ پروگرام مکمل کرنے کا امکان ہے۔

نگہداشت طفل فیملیز کے لیے درج ذیل حالت میں دستیاب ہے اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات نے ان فیملیز کی خدمت انجام دینے کا فیصلہ کیا ہو، فیملی کے پاس قابل اجازت حدود کے اندر آمدنی ہو اور فیملی کی خود امداد کے لیے وہ سرگرمی پلان کا لازمی حصہ ہونے کا تعین کیا گیا ہو۔ اپنے کارکن سے پوچھیں کہ آیا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات درج ذیل حالات کے لیے نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے ادائیگی کرتا ہے؛

- آمدنی سے قطع نظر، جب بچے کی حفاظتی خدمات یا تدارکی خدمات کا کوئی کھلا کیس ہو اور بچے (بچوں) کا تحفظ کرنے کے لیے یا رضاعی نگہداشت میں پلیسمنٹ کو روکنے کے نگہداشت طفل درکار ہونے کا تعین کیا گیا ہو۔

**سوال۔ نگہداشت طفل کی ضمانت کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب۔** نگہداشت طفل کی ضمانت کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ اہلیت کے تقاضے پورا کرتے ہیں تو، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات آپ کی نگہداشت طفل کے لیے کسی اہل نگہداشت طفل فراہم کنندہ کو نگہداشت طفل کی سبسڈی فراہم کرے گا۔ اگر آپ کو عارضی اعانت موصول نہیں ہو رہی ہو تو آپ سے نگہداشت طفل کی لاگت کے حصے کی ادائیگی کرنے کا تقاضا کیا جائے گا۔ نیز، اگر آپ کا نگہداشت طفل فراہم کنندہ اس سے زیادہ چارج کرتا ہے جتنا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو ادا کرنے کی اجازت ہے تو، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو جتنی رقم ادا کرنے کی اجازت ہے اور آپ کا فراہم کنندہ جتنی رقم چارج کرتا ہے اس کے بیچ کا فرق آپ کو ادا کرنا ہوگا۔

**سوال۔ کیا نگہداشت طفل کی ضمانت پر وقت کی تحدید ہے؟**

**جواب۔** عارضی اعانت پر موجود جو فیملیز نگہداشت طفل کی ضمانت کے لیے اہل ہیں انہیں نگہداشت طفل میں اعانت ملے گی تاوقتیکہ وہ عارضی اعانت پر ہوں اور مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی جانب سے مطلوب سرگرمی میں شرکت کر رہے ہوں۔ جو فیملیز عبوری نگہداشت طفل کی ضمانت کے تحت آتی ہیں وہ بارہ ماہ کی عبوری نگہداشت طفل میں اعانت تک محدود ہیں۔ عارضی اعانت کے بدلے نگہداشت طفل کے لیے وقت کی کوئی تحدید نہیں ہے تاوقتیکہ آپ کی آمدنی اس رقم پر یا اس سے کم ہو جتنے کی آپ کو عارضی اعانت کے لیے اہل رہنے کی اجازت ہوگی۔

**سوال۔ نگہداشت طفل میں اعانت موصول کرنے کے لیے بچے کے لیے اجازت یافتہ عمر کی حد کیا ہے؟**

**جواب۔** عام طور پر، اگر بچے کی عمر 13 سال سے کم ہو تو بچہ نگہداشت طفل کے لیے اہل ہوتا ہے۔ تاہم، 18 سال سے کم عمر کے ان بچوں کو استثناء دیا جا سکتا ہے جو یا تو عدالت کی نگرانی کے ماتحت ہوں یا جنہیں خاص ضروریات درپیش ہوں۔ جن بچوں کو خاص ضروریات درپیش ہوں یا جو عدالت کی نگرانی کے ماتحت ہوں اور ان کی عمر 19 سال سے کم ہو وہ اہل ہیں تاوقتیکہ طالب علم کسی منظور شدہ تعلیمی یا حرفتی پروگرام میں کل وقتی طالب علم ہو۔

**سوال۔ میں نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے کس طرح درخواست دوں؟**

**جواب۔** اگر آپ نیو یارک سٹی سے باہر رہتے ہیں تو، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں اور ایک درخواست پیکیج مانگیں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی میں رہتے ہیں اور آپ عارضی اعانت پر ہیں یا عارضی اعانت کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، اپنے مقامی جاب سنٹر کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں۔ اگر آپ نگہداشت طفل کے لیے درخواست دے رہے ہیں تو، نیو یارک سٹی کی معلوماتی ہیلپ لائن کو 311 پر کال کریں اور وہ آپ کو ہدایت دیں گے کہ کہاں کال

کرنی ہے۔ آپ کو درخواست پیکیج مکمل کرنا اور اسے بذات خود یا بذریعہ ڈاک واپس کرنا ضروری ہے۔ یاد رکھیں، آپ درخواست موصول ہونے والے دن ہی اسے واپس کر سکتے ہیں۔

**سوال۔ نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے میرے درخواست دینے پر کیا ہوتا ہے؟**

**جواب۔** مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو آپ کی درخواست موصول ہونے سے 30 دنوں کے اندر آپ سے مخصوص چیزیں ثابت کرنے کو کہا جائے گا۔ کتاب 1 (LDSS-4148A) "آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے" دیکھیں۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات، آپ کی درخواست موصول ہونے سے 30 دنوں کے اندر، تعین کرے گا کہ آیا اپ نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے اہل ہیں، اور آپ کی اہلیت کا فیصلہ کرنے کی تاریخ سے 15 کاروباری دنوں کے اندر تحریری شکل میں آپ کو مطلع کریں گے۔

**سوال۔ اگر میں امریکی شہری نہیں ہوں تو کیا مجھے نگہداشت طفل میں اعانت مل سکتی ہے؟**

**جواب۔** ہاں، مگر جس بچے کو نگہداشت طفل کی خدمات درکار ہوں اسے قانونی طور پر امریکہ میں ہونا ضروری ہے۔

**سوال۔ اگر میں نگہداشت طفل میں اعانت کے لیے درخواست دیتا ہوں تو کیا مجھ سے کسی غائب والدین سے امداد اطفال کا فارم طلب کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے؟**

**جواب۔** نہیں، نگہداشت طفل میں اعانت موصول کرنے کے واسطے امداد اطفال حاصل کرنے کے لیے یہ کوئی تقاضا نہیں ہے۔ تاہم، ولدیت متعین کرنے اور بچوں کی مدد کی ذمہ داری ان والدین پر ڈالنا جن کے پاس مالیاتی وسائل موجود ہیں، خاندانی خود کفالت اور معاشی سلامتی کی جانب ایک قدم فراہم کرتا ہے۔ چائلڈ سپورٹ نیویارک ریاست کے تنہا والدین والے گھرانوں کے لیے آمدنی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ تحویلی والدین کی آمدنی کے بعد، چائلڈ سپورٹ کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے آمدنی کا دوسرا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ غائب والدین سے امداد اطفال کی آمدنی اور آپ کے بچے کے لیے نگہداشت صحت بیمہ کی دیگر مراعات حاصل کرنا آپ کی فیملی کی بہبود کے لیے اہم ہے۔

ہر لوکل سروسز ڈسٹرکٹمیں چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ یونٹ (CSEU) ہے جو آپ کے بچے کی ولدیت متعین کرنے میں مدد کرے گا۔ CSEU امداد اطفال کے رہنما خطوط پر مبنی امداد کا آرڈر حاصل کرنے کے لیے فیملی کورٹ میں ایک عرضی دائر کرنے میں آپ کی مدد کرے گی۔ چائلڈ سپورٹ آپ کے نگہداشت طفل کے کچھ اخراجات کا احاطہ کر سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، CSEU اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ کو وہ چائلڈ سپورٹ حاصل ہو جس کے آپ حقدار ہیں اور آپ کو فیملی کورٹ میں غیر ادا شدہ مدد حال کرنے کے لیے درخواست جمع کرنے میں مدد کرے گا۔ آپ کے درخواست کرنے پر CSEU آپ کے امداد کے آرڈر کا جائزہ لے گی اور اگر اہل ہوں تو امداد اطفال کی رقم پر گزارے کی لاگت کا ایڈجسٹمنٹ لاگو کرے گی۔

آپ کا بچہ قانونی طور پر صحت بیمہ کا مستحق ہے، اگر یہ آپ یا غیر تولیتی والدین کی جانب سے دستیاب ہو۔ اگر یہ کوریج غیر تولیتی والدین کے آجر کی معرفت دستیاب ہے تو CSEU اسے حاصل کرنے کے لیے فیملی کورٹ میں ایک عرضی دائر کرنے میں آپ کی مدد کرے گی۔

یہ خدمات آپ کے لیے دستیاب ہیں خواہ غیر تحویلی والدین نیویارک ریاست میں یا اس سے باہر رہتے ہوں۔ اگر آپ کسی بھی سال چائلڈ سپورٹ سروسز حاصل کرتے ہیں تو $25 ڈالر سالانہ سروسز فیس وصول کی جائے گی اگر آپ نے کبھی بھی ضرورت مند کنبوں کے لیے عارضی اعانت حاصل نہیں کی ہے اور چائلڈ سپورٹ ہر سال 1 اکتوبر سے شروع ہونے والی 12 ماہ کی مدت کے دوران آپ کے لیے کم از کم $500 ڈالر اکٹھا کرتی ہے۔

**سوال۔ نگہداشت طفل کے لیے ادائیگی کرنے میں مجھے کتنی مدد مل سکتی ہے؟**

**جواب۔** اگر آپ عارضی اعانت پر ہیں تو آپ سے نگہداشت طفل کی اعانت کے لیے لاگت کا فیملی کا حصہ ادا کرنے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ہے۔ اگر آپ عارضی اعانت پر نہیں ہیں تو آپ کو نگہداشت طفل کی لاگت کا حصہ ادا کرنا ہوتا ہے۔ رقم کا انحصار آپ کی فیملی کے سائز اور آپ کی آمدنی پر ہوتا ہے۔ اگر آپ کا فراہم کنندہ اس سے زیادہ چارج کرتا ہے جتنا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو آپ کو ادا کرنے کی اجازت ہے تو آپ کا فراہم کنندہ جتنی رقم چارج کرتا ہے اور مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو جتنی رقم ادا کرنے کی اجازت ہے اس کے بیچ کا فرق بھی آپ کو ادا کرنا ہوگا۔

**سوال۔ میں نگہداشت طفل فراہم کنندہ تلاش کرنے میں مدد کس طرح حاصل کروں؟**

**جواب۔** آپ کے علاقے میں موجود چائلڈ کیئر ریسورس ریفرل ایجنسی (Child Care Resource Referral Agency) نگہداشت طفل فراہم کنندہ کی نشاندہی کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ اگر نیو یارک سٹی سے باہر رہتے ہیں تو آپ نیو یارک اسٹیٹ کے چائلڈ کیئر کوآرڈینیٹگ ایجنسی (Child Care Coordinating Council) سے **(518) 690-4217** پر رابطہ کر کے اپنے علاقے کی خدمت انجام دینے والی چائلڈ کیئر ریسورس اور ریفرل ایجنسی کا پتہ لگا سکتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی میں رہتے ہیں تو نگہداشت طفل فراہم کنندہ کی نشاندہی کرنے میں مدد کے لیے آپ ٹول فری **888-469-5999** پر کال کر سکتے ہیں۔ یا آپ نیو یارک اسٹیٹ کے آفس آف چلڈرن اینڈ فیملی سروسز کی ویب سائٹ **http://www.ocfs.state.ny.us** پر ملاحظہ کر سکتے ہیں، پھر اپنی فیملی کے لیے نگہداشت طفل کی درست سیٹنگ منتخب کرنے میں مدد کے لیے "پروگرام اور خدمات" (پروگرام اور خدمات) پر جا سکتے ہیں، پھر "بچوں کے دن کی دیکھ بھال" (بچے کی یومیہ نگہداشت) پر جا سکتے ہیں، اور پھر "بچے کی دیکھ بھال" (نگہداشت طفل) پر جا سکتے ہیں۔ آپ اپنے علاقے میں موجود سارے پروگرام تلاش کر سکتے ہیں اور یومیہ نگہداشت طفل فراہم کنندگان کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کے معیارات کی تعمیل کی ان کے ریکارڈ سے متعلق معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**سوال۔ میرے بچے کی نگہداشت کون کر سکتا ہے؟**

**جواب۔** آپ کو کوئی بھی قانونی طور پر قابل اجازت نگہداشت طفل منتخب کرنے کا حق ہے۔ اس میں شامل ہے:

- لائسنس یافتہ یا رجسٹرڈ یومیہ نگہداشت کے مراکز
- لائسنس یافتہ اجتماعی فیملی میں یومیہ نگہداشت
- رجسٹرڈ فیملی میں یومیہ نگہداشت والے گھر
- رجسٹرڈ اسکول کی عمر کے نگہداشت طفل پروگرامز
- ایسے دوست، پڑوسی اور رشتہ دار جو مناسب قانونی طور پر مستثنی نگراں کی اندراج ایجنسی کے پاس اندراج یافتہ ہیں۔
- قانونی طور پر مستثنی اجتماعی نگہداشت طفل کے نگراں جیسے سمر ڈے کیمپس جو مناسب قانونی طور پرمستثنی نگراں کی اندراج ایجنسی کے پاس اندراج یافتہ ہیں۔

**سوال۔** **عبوری نگہداشت طفل کیا ہے؟**

**جواب۔** عبوری نگہداشت طفل ان فیملیز کے لیے ہے جنہیں عارضی اعانت موصول ہو رہی تھی، لیکن ملازمت یا امداد اطفال کے سبب ان کی آمدنی بڑھ جانے پر وہ نا اہل ہو گئے۔ آپ عارضی اعانت کے لیے آپ کے نا اہل ہونے کے بعد 12 ماہ تک عبوری نگہداشت طفل میں اعانت موصول کرنے کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

آپ کی عارضی اعانت یا ضمانت یافتہ نگہداشت طفل کا کیس بند ہونے سے پہلے آپ کے کارکن کو عبوری نگہداشت طفل کے لیے آپ کی اہلیت کا تعین کرنا چاہیے۔ تاوقتیکہ آپ عارضی اعانت کا اپنا کیس بند ہونے سے پہلے یا اس کے فوراً بعد اپنے کارکن کو مطلع کر دیں، کارکن آپ سے نئی درخواست مکمل کرنے کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔ تاہم، انہیں یہ پتہ کرنے کے لیے آپ سے کچھ اضافی معلومات درکار ہو سکتی ہیں کہ آیا آپ اہل ہیں۔ اپنے کارکن سے پوچھیں کہ آیا آپ عبوری نگہداشت طفل کے لیے اہل ہیں۔

عبوری نگہداشت طفل کے لیے تقاضے یوں ہیں:

- آپ کی فیملی کی آمدنی مخصوص حدود سے متجاوز نہیں ہو سکتی؛
- آپ لازمی طور پر پچھلے چھ میں سے تین ماہ عارضی اعانت پر رہے ہوں، یا پچھلے چھ میں سے تین ماہ میں عارضی اعانت کے بدلے نگہداشت طفل موصول ہوا ہو؛
- آپ کے بچے کی عمر لازماً 13 سال سے کم ہو اور نگہداشت طفل درکار ہو تاکہ آپ کام کر سکیں؛ اور

آپ ہر ماہ نگہداشت طفل کی لاگت کا ایک حصہ ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ آپ جتنی رقم ادا کرتے ہیں اس کا نحصار آپ کی فیملی کے سائز اور آپ کی آمدنی پر ہوتا ہے۔ اگر آپ کا فراہم کنندہ اس رقم سے زیادہ چارج کرتا ہے، جتنا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو ادا کرنے کی اجازت ہے تو، آپ کا فراہم کنندہ جتنا چارج کرتا ہے اور مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو جتنی رقم ادا کرنے کی اجازت ہے اس کے بیچ کا فرق بھی آپ کو ادا کرنا ہوگا۔

آپ کی عبوری نگہداشت طفل میں اعانت روک دی جائے گی اگر:

- آپ اوپر مندرج ذمہ داریاں پوری نہیں کرتے ہیں؛ یا
- آپ بارہ ماہ کی اہلیت کی مدت کے اختتام پر ہیں؛ یا
- اپ معقول وجہ کے بغیر اپنی نوکری چھوڑ دیتے ہیں؛ یا
- آپ کو کام کرنے کی سہولت کے لیے نگہداشت طفل کی مزید ضرورت نہیں ہے؛ یا
- آپ کی آمدنی آپ کی فیملی کے لیے اجازت یافتہ زیادہ سے زیادہ رقم سے تجاوز کر جاتی ہے؛ یا
- آپ کے بچوں کی عمر 13 سال ہو جاتی ہے۔ تاہم، اگر آپ کے بچے کو خصوصی ضروریات درپیش ہیں یا وہ عدالت کی نگرانی کے ماتحت ہے تو، آپ کا کارکن آپ کو بتائے گا کہ آیا نگہداشت طفل کے دیگر ایسے پروگرام ہیں جو آپ کی اعانت کر سکتے ہوں۔

**سوال۔** **عارضی اعانت کے بدلے نگہداشت طفل کیا ہے؟**

**جواب۔** عارضی اعانت کے بدلے نگہداشت طفل ان فیمیلز کے لیے ہے جو عارضی اعانت کے لیے درخواست دے ہے ہیں یا اسے موصول کر رہے ہیں اور انہیں کام کرنے کے لیے نگہدشت طفل درکار ہے؛ اور جو عارضی اعانت کی جگہ نگہداشت طفل کا انتخاب کرتے ہیں۔

عارضی اعانت کے بدلے نگہداشت طفل کے تقاضے یوں ہیں:

- آپ کا گھرانہ عارضی اعانت کے لیے اہل ہے؛
- آپ گھنٹوں کی مطلوبہ تعداد تک کام کر رہے ہیں اور وفاقی اور ریاستی محنت قانون کے گھنٹوں کی مطلوبہ تعداد کی اوقات کے تحت مطلوبہ اقل سطح کے برابر یا اس سے زائد مجموعی اجرتیں کما رہے ہیں (یا اگر آپ ایسی ملازمت میں بر سر روزگار ہیں جہاں اقل اجرت کی تشکیل مجموعی کمائی اور آپ کو جو نذرانے ملے ہیں اس سے ہوتی ہے تو آپ کی مجموعی اجرتیں ہوتی ہیں، یا اگر از خود بر سر روزگار ہیں تو آپ کے پاس مجموعی رسیدیں منہا قابل اجازت کٹوتیاں ہیں)؛
- آپ کو 13 سال سے کم عمر کے بچے کے لیے نگہداشت طفل درکار ہے تاکہ آپ کام کر سکیں؛
- آپ ایک اہل نگہداشت طفل فراہم کنندہ استعمال کر رہے ہیں؛

اگر آپ عارضی اعانت کے لیے اہل ہیں اور فیصلہ کرتے ہیں کہ واقعتاً آپ کو نگہداشت طفل ہی درکار ہے تو، آپ کا کارکن آپ کو بتائے گا کہ درخواست کیسے دینی ہے۔ اگر آپ کو پہلے سے ہی عارضی اعانت موصول ہو رہی ہے اور آپ بصورت دیگر عارضی اعانت کے بدلے نگہداشت طفل کے لیے اہل ہیں تو، عارضی اعانت کے بدلے نگہداشت طفل پانے کے لیے آپ کو عارضی اعانت کا اپنا کیس بند کرنا ہوگا۔ اگر آپ کا ارادہ بدل جاتا ہے اور آپ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کو عارضی اعانت درکار ہے تو، آپ اب بھی عارضی اعانت کے لیے درخواست کسی بھی وقت دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کو عارضی اعانت کے لیے اہل پایا جاتا ہے تو آپ اب بھی نگہداشت طفل کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ عارضی اعانت اور نگہداشت طفل موصول کرنے کی بجائے نگہداشت طفل میں اعانت موصول کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو، آپ کو نگہداشت طفل کی لاگتوں کا حصہ ادا کرنا ہوگا۔ اسے آپ کی فیملی کا حصہ کہا جاتا ہے۔ اگر آپ نیو یارک سٹی سے باہر رہتے ہیں تو، آپ جو کم از کم رقم ادا کریں گے وہ $1 فی ہفتہ ہے۔ اگر آپ نیو یارک سٹی میں رہتے ہیں تو، کل وقتی نگہداشت کے لیے کم از کم فیملی کا حصہ $3 فی ہفتہ ہے، اور جز وقتی نگہداشت کے لیے کم از کم فیملی کا حصہ $2 فی ہفتہ ہے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ کا فراہم کنندہ اس سے زیادہ رقم چارج کرتا ہے جتنا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات ادا کر سکتا ہے تو، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات جتنی رقم ادا کر سکتا ہے اس سے اوپر اپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ جتنی رقم چارج کرتا ہے وہ آپ کو ادا کرنی ہوگی۔

**منصفانہ سماعت کے حقوق**

اگر آپ کو نگہداشت طفل کی مراعات سے منع کیا گیا ہو، اگر آپ کی مراعات روک دی گئی ہوں، موقوف یا کم کر دی گئی ہوں، یا اگر آپ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہوں تو آپ کو منصفانہ سماعت کا حق ہے۔ منصفانہ سماعت کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم کتاب 1 (LDSS-4148A) "آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے" سے رجوع کریں۔

## سیکشن G سروسز

**سوال۔ سروسز کس طرح میری مدد کر سکتی ہیں؟**

**جواب۔** سروسز پروگرام درج ذیل امور میں آپ کی اور/یا آپ کی فیملی کی مدد کرنے پر قادر ہو سکتے ہیں:

- نگہداشت طفل حاصل کرنا
- بچے کو رضاعی نگہداشت میں رکھنا یا بچے کو تبنیت کے لیے رکھنا
- بجٹ کے مسائل
- فیملی میں بدسلوکی کے مسائل (بچے کے ساتھ بدسلوکی اور خانگی تشدد)
- بچے کا رویہ
- فیملیز کو بحفاظت ایک ساتھ رکھنا
- میرے گھر سے بچے کا اخراج روکنا

ان کے علاوہ، دیگر ایسے بھی طریقے ہیں جن کے ذریعہ سروسز آپ کی اور/یا آپ کی فیملی کی مدد کرنے پر قادر ہو سکتی ہیں۔ انہیں اس **سروسز** کے باقی سیکشن میں بیان کیا گیا ہے۔

**سوال۔ میں سروسز کے لیے کیسے درخواست دوں؟**

**جواب۔** اگر آپ نیو یارک سٹی سے **باہر** رہتے ہیں تو، مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں اور ایک درخواست پیکیج مانگیں۔

اگر آپ نیو یارک سٹی **میں** رہتے ہیں تو، اپنے مقامی انکم سپورٹ/جاب سنٹر کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں یا اپنے بورو کے لیے ٹیلیفون بک کے حکومت والے صفحات میں ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (HRA)، انتظامیہ برائے خدمات اطفال (Administration for Children's Services, ACS) تلاش کریں۔ آپ کو جس قسم کی مدد درکار ہے اس کے لیے مندرج نمبر پر کال کریں۔

**سوال۔ میں کون سی سروسز حاصل کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** آپ درج ذیل سروسز کے لیے درخواست دے سکتے ہیں:

1. **نگہداشت طفل** - ان فیملیز کی مدد کرنے کے لیے سروسز جنہیں اپنے بچے کے لیے نگہداشت اور نگرانی مطلوب ہے۔ بچے نگہداشت طفل پا سکتے ہیں اگر تنہا والدین والے گھرانے میں والدین یا دو والدین والے گھرانے میں دونوں والدین:

   - بیمار یا معذور ہوں
   - نوکری کی تلاش میں ہوں
   - تعلیم، نوکری کی تربیت یا ملازمت پروگرام میں حصہ لے رہے ہوں جس کو مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے منظوری ملی ہو
   - ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق معالجہ پروگرام میں حصہ لے رہے ہوں
   - خانگی تشدد سے متعلق خدمات موصول کر رہے ہوں
   - کام کر رہے ہوں
   - خلاف معمول صورتحال کی وجہ سے دن کے ایک بڑے حصے تک گھر سے باہر رہنا مطلوب ہو
   - بے گھر ہوں
   - ہنگامی صورتحال میں ہوں

   بچے خود کو محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی خدمات کے ساتھ مل کر، یا رضاعی نگہداشت میں داخل ہونے سے خود کو روکنے کے لیے بچوں کے لیے تدارکی خدمات کے حصے کے بطور نگہداشت طفل حاصل کر سکتے ہیں۔

   نگہداشت صحت کی خدمات اور تقاضوں کی مزید تفصیلی وضاحت کے لیے اس کتاب میں **سیکشن F نگہداشت صحت** دیکھیں۔

2. **بچوں اور فیملیز کے لیے تدارکی خدمات** - فیملیز کو بحفاظت ایک ساتھ رکھنے کے لیے اور رضاعی نگہداشت میں پلیسمنٹ کو روکنے، اور جتنی جلدی ممکن ہو رضاعی نگہداشت سے بچوں کی بحفاظت واپسی کے لیے بچوں اور فیملیز کو دی جانے والی خدمات۔ ان خدمات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- نگہداشت طفل
- والدین کی تربیت اور مشاورت
- رہائش کی خدمات (رضاعی نگہداشت سے ڈسچارج ہونے کا اہل بنانے کے لیے)
- ہوم میکر، ہاؤس کیپر، والدین مددگار
- ہنگامی نقدی، اشیاء، پناہ گاہ اور دیگر ضروری چیزیں
- کلینک سے متعلق خدمات، بشمول منشیات کے بیجا استعمال اورالکحل کے بیجا استعمال سے متعلق معالجہ
- بحرانی حالات کے لیے استراحتی نگہداشت، بشمول AIDS/HIV
- نقل و حمل

دیگر خدمات بھی دستیاب ہو سکتی ہیں۔

یہ خدمات حاصل کرنے کے لیے آمدنی کی کوئی حد نہیں ہے۔ ایسا ممکن ہے کہ ان مخصوص خدمات کے لیے فیس چارج کی جا سکے، ویسے عموماً ایسا ہوتا نہیں ہے۔

**3. رضاعی نگہداشت**

رضاکارانہ پلیسمنٹ – رضاعی نگہداشت میں بچے کی رضاکارانہ پلیسمنٹ گھر سے باہر نگہداشت اور خدمات فراہم کرنے کے لیے دستیاب ہے جب ایسے حالات یا صورتحال موجود ہوں جو بچے کی صحت و سلامتی کو متاثر کرتے ہوں، تاکہ والدین اور بچے کی مخصوصی خدمات کی ضوریات پوری کرنے میں، یا اگر والدین نے بچے کو گود لینے کے لیے حوالے کر دیا ہے تو مدد ملے۔

حقیقی فیملیز /قانونی سرپرست - جس بچے کو رضاعی نگہداشت میں رکھوایا گیا ہے اس کے حقیقی والدین یا قانونی سرپرست کو دی جانے والی خدمات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- مشاورت
- بچے اور والدین/قانون سرپرست (سرپرستوں) کے بیچ ملاقاتوں کا انتظام کرنا
- جتنی جلدی ممکن ہو بچوں کی بحفاظت گھر واپسی میں مدد کے لیے خدمت
- جو بچے رضاعی نگہداشت سے ڈسچارج ہوئے ہیں ان کے لیے مابعد نگہداشت

رضاعی والدین – جو فیملیز بچے کے لیے رضاعی نگہداشت فراہم کرنا چاہتی ہیں انہیں درخواست دینا اور مصدقہ (بچے کا غیر رشتہ دار) یا منظور شدہ (بچے کا رشتہ دار) ہونا ضروری ہے۔ رضاعی والدین کو نیو یارک اسٹیٹ کا اور ملکی مجرمانہ پس منظر کی جانچ کروانا اور لائسنس دہندگی کے کئی ایک دیگر تقاضے پورا کرنا ضروری ہے، **اور** ان سے تصدیق یا منظوری سے قبل تربیت میں جانے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ تصدیق ہو جانے یا منظوری مل جانے پر، رضاعی والدین کی نگہداشت میں بچے کی پلیسمنٹ ہونے پر وہ موصول کریں گے:

- رضاعی بچے کی نگہداشت کرنے کی لاگت کے ضمن میں ماہانہ ادائیگیاں، بشمول کپڑا الاؤنس
- رضاعی بچے کے لیے طبی اعانت بشمول مناسب تخفیف کی خدمات، اہل رضاعی بچوں کے لیے

حسب مناسبت، رضاعی والدین موصول کر سکتے ہیں:

- رضاعی بچے کے لیے نگہداشت طفل، اگر رضاعی والدین کی نوکری ہو یا وہ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے منظور شدہ دیگر سرگرمیوں میں شامل ہوں
- استراحتی خدمات، جہاں مناسب ہو

**4. گود لینا –**

A. جس بچے کو گود لیا جا رہا ہے اس کے حقیقی والدین یا قانونی سرپرست (سرپرستوں) کو دی جانے والی خدمات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- بچے کے لیے منصوبہ بندی میں اعانت
- بچے کی تولیت اور سرپرستی ایجنسی کو سپرد کرنے کا انتظام کرنا
- طبی، سماجی، مشاورتی اور کیس ورکر کی خدمات
- رشتہ ازدواج سے باہر کے بچوں کے حقیقی والدین کے حقوق اور دلچسپیوں کے سلسلے میں اعانت

B. بچے کو گود لینے کی خواہاں فیملیز کو دی جانے والی خدمات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- گود لینے کے لیے بچہ تلاش کرنے میں مدد
- گود لیے گئے بچے کی پیرنٹنگ سے متعلق تربیت
- ہوم اسٹڈی
- تبنیت کے بعد کی خدمات

بچے کو گود لینے کی خواہاں فیملیز کو ایڈاپشن اسٹڈی کے لیے درخواست دینا ضروری ہے، اور اسے قبول کیا جائے گا۔ ایڈاپشن اسٹدی کے لیے فیملی کی درخواست کو دی گئی ترجیح کی بنیاد گود لیے جانے کے منتظر بچوں کی صفات اور ان صفات والے بچوں کو گود لینے میں متوقع والدین کی جانب سے ظاہر کردہ دلچسپی پر ہوگی۔

اس کے علاوہ، بچے کو آپ کے ساتھ تبنیت میں رکھ دینے پر، اضافی پیسے کی شکل میں تبنیت سے متعلق اعانت (تبنیت میں سبسڈیز) اور طبی اعانت ان بچوں کا تعاون کرنے کے لیے فراہم کرائی جا سکتی ہیں جو معذور ہیں یا جنہیں "رکھوانا مشکل" مانا جاتا ہے۔ تبنیت کی غیر اعادی لاگتوں کے مدنظر یک وقتی ادائیگیاں بھی ہو سکتی ہیں۔

5. **ٹین ایج پریگننسی پروگرام اور غیر شادی شدہ والدین کے لیے خدمات** – حاملہ نوعمر اور غیر شادی شدہ والدین کی مدد کرنے کے لیے سماجی خدمات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- تعلیم اور والدین کی تربیت
- طبی اور قانونی مدد
- مشاورت
- ملازمت میں مدد
- خاندانی منصوبہ بندی
- نقل و حمل
- رہائش
- نگہداشت صحت اور تغذیہ
- رضاعی نگہداشت میں پلیسمنٹ (18 سال سے کم عمر کی نابالغ ماں اور اس کے بچے کو رضاعی نگہداشت میں ایک ساتھ رکھوایا جا سکتا ہے، نیز نابالغ ماں کو بچے کی تولیت حاصل رہتی ہے۔)
- نگہداشت طفل

6. **خانگی تشدد (جسمانی یا جذباتی بدسلوکی یا بدسلوکی کی دھمکی)** - فیملی یا گھرانے کے ممبران کو، بچوں کے ساتھ یا ان کے بغیر، جسمانی یا جذباتی بدسلوکی، یا جسمانی بدسلوکی یا جذباتی بدسلوکی کی دھمکیوں کے معاملے میں ان کی مدد کرنے کے لیے دی جانے والی خدمات۔ آپ درج ذیل معاملوں میں مدد پانے کے اہل ہو سکتے ہیں:

- قیام کے لیے محفوظ جگہ تلاش کرنا
- عبوری رہائش
- طبی نگہداشت
- قانونی امور میں اعانت
- مشاورت
- نوکری تلاش کرنا
- نگہداشت طفل
- نقل و حمل
- وکالتی خدمات

یہ خدمات حاصل کرنے کے لیے آمدنی کی کوئی حد نہیں ہے۔

7. **بالغوں کے لیے تدارکی خدمات** - 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے تنہا والدین یا 18 سال سے کم عمر کے بلا بچوں والی فیملیز کو دی جانے والی خدمات۔ ان خدمات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- مشاورت
- گھر سے باہر طویل مدتی نگہداشت پانے سے روکنے یا اسے مؤخر کرنے کے لیے تعاون اور ریفرل کی خدمات

8. **بالغوں کے لیے حفاظتی خدمات** - 18 سال یا اس سے زائد عمر کے ان افراد کو دی جانے والی خدمات جو جسمانی یا ذہنی لحاظ سے معذور ہیں، جنہیں ضرر پہنچائی گئی ہے، یا جو ضرر کے خطرے میں ہیں، خود کا تحفظ نہیں کر سکتے، اور جن کے پاس کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو ذمہ داری سے ان کی مدد کرنے پر قادر یا اس پر آمادہ ہو۔ ان خدمات میں شامل ہو سکتے ہیں:

- بدسلوکی، بے توجہی یا استحصال کے ریفرلز کا فوری جواب اقدام فراہم کرنا اور چھان بین کرنا
- فرد کی صورتحال اور درکار خدمات کی تشخیص کرنا
- جہاں مناسب ہو وہاں کمیونٹی میں مناسب متبادل قیام کے انتظامات کا انتظام کرنا
- قانونی اعانت حاصل کرنے میں مدد
- طبی نگہداشت حاصل کرنے میں مدد
- ہوم میکر یا ہاؤس کیپر/گھریلو امور کی خدمات محدود مدت کے لیے
- پیسے کا نظم کرنے میں مدد کرنا
- دیگر مراعات یا خدمات حاصل کرنے میں مدد
- سرپرستی
- مشاورت

یہ خدمات حاصل کرنے کے لیے آمدنی کی کوئی حد نہیں ہے۔

9. **بالغوں کے لیے رہائشی پلیسمنٹ کی خدمات** - 18 سال اور اس سے زائد عمر کے ان افراد کو دی جانے والی خدمات جو ذہنی یا جسمانی لحاظ سے معذور ہیں اور جنہیں خود اپنے گھروں سے باہر زیر نگرانی قیام کی ضرورت ہے۔

ان خدمت میں شامل ہیں:

- کمیونٹی میں فیملی نما گھر تلاش کرنا جو ان بالغوں کا خیال رکھ سکیں۔
- ایسے گھر تلاش کرنے میں بالغان کی مدد کرنا جو ضرورت کی ان کی سطح پوری کریں گے۔
- ان گھروں میں رکھوائے گئے بالغان کے لیے معاون خدمات فراہم کرنا۔

10. **رہائش میں اصلاح کی خدمات** - درج ذیل میں مدد کے لیے خدمات:

- گھر کی مرمت اور مینٹینس
- مکان مالک یا پڑوسیوں کے ساتھ مسائل کو حل کرنا
- مقامی ہاؤسنگ یا قانونی امدادی ایجنسیوں سے مدد حاصل کرنا
- اگر ضروری ہو تو، رہنے کی جگہ تلاش کرنا

11. **گھر کے نظم و نسق کی خدمات** - بجٹوں، اچھے کھانے متعین کرنے، بچوں کی نگہداشت کرنے، نگہداشت صحت اور گھر پر نگہداشت کے بارے میں سیکھنے میں مدد کے لیے خدمات

**.12** **ہاؤس کیپر/گھریلو امور کی خدمات** - گھریلو امور جیسے خریداری، ہلکے گھریلو کام، سادہ مرمت اور سودا سلف لانے میں مدد کے لیے خدمات جب آپ، یا بچہ یا بالغ فرد کا نگراں، بیمار، معذور یا غیر حاضر ہو۔

**.13** **ہوم میکر سروسز** - ذاتی نگہداشت، گھر کے نظم و نسق اور گھرانے کے کاموں میں تربیت یافتہ ہوم میکر کی جانب سے مدد کرنے کی خدمات جب آپ، یا بچہ یا بالغ فرد کا نگراں، بیمار، معذور یا غیر حاضر ہو۔

**.14** **قرابتی نگراں اور قرابتی نیویگیٹر پروگرامز –** کمیونٹی پر مبنی امداد پروگراموں کا ایک ریاست گیر نیٹ ورک، اور ایک ٹیلیفون ہاٹ لائن موجود ہے، جو قرابتی نگرانوں اور ان کے عزیزوں کو خدمات فراہم کرتی ہے، چاہے بچے رضاعی نگہداشت میں ہوں یا نہ ہوں۔ اس کتاب میں **سیکشن A،عارضی اعانت** کے بیچ میں سوال و جواب **"اگر میں ایسے بچےکا نگراں ہو ں جو میرے ساتھ رہتا ہے اور جو میرا حقیقی یا گود لیا ہوا بچہ نہیں ہے، اور مجھے بچے کی نگہداشت کرنے کے لیے اضافی مدد یا وسائل درکار ہیں تو، کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ میں انہیں کہاں تلاش کروں؟"** دیکھیں۔

**.15** **دیگر خدمات** جو آپ پانے کے اہل ہو سکتے ہیں:

- تعلیمی خدمات
- ملازمت کی خدمات
- خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات
- معلومات اور ریفرلز کی خدمات
- صحت سے متعلق خدمات
- بزرگ شہریوں کے لیے سماجی گروپ کی خدمات
- نقل و حمل کی خدمات

**سوال.** **بالغوں، بچوں اور فیملی کے دوسرے ممبروں کا تحفظ کرنے کے لیے اگر ہنگامی خدمات درکار ہوں تو کیا ہوگا؟**

**جواب.** ذیل میں کچھ خدمات ہیں جو آپ کسی ایمرجنسی میں اپنی مدد کے لیے حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ نیو یارک سٹی سے **باہر** رہتے ہیں تو، آپ کا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات آپ کی مدد کر سکتا ہے، اور یہ اس مدد کے علاوہ ہے جو آپ ذیل میں مندرج فون نمبروں پر کال کر کے حاصل کرتے ہیں۔

اگر آپ نیو یارک سٹی **میں** رہتے ہیں تو، اپنے جاب سنٹر کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں یا اپنے بورو کے لیے ٹیلیفون بک کے حکومت والے صفحات میں ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (HRA) یا انتظامیہ برائے خدمات اطفال (ACS) کی فہرستیں تلاش کریں۔ آپ کو جس قسم کی مدد درکار ہے اس کے لیے مندرج نمبر پر کال کریں۔ آپ ذیل میں مندرج فون نمبروں پر کال کر کے بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ خدمات حاصل کرنے کے لیے آمدنی کی کوئی حد نہیں ہے۔

- **تحفظ اطفال** – 18 سال سے کم عمر کے ان بچوں کو جن کے ساتھ بدسلوکی یا غلط برتاؤ کیا گیا ہے، یا ان کی فیملیز کو دی جانے والی خدمات۔
  اگر آپ کے پاس یہ شبہ کرنے کی معقول وجہ ہے کہ بچے کے ساتھ بدسلوکی یا غلط برتاؤ کیا گیا ہے تو بچے کے ساتھ بدسلوکی اور غلط برتاؤ کا ریاست گیر سنٹرل رجسٹ کو ٹول فری **1-800-342-3720** پر کال کریں۔
  اگر رپورٹ رجسٹر ہو جاتی ہے تو، ایک تفتیش انجام دی جائے گی اور، حسب مناسبت بچے (بچوں) کا تحفظ کرنے کے لیے فیملی کو خدمات پیش کی جائیں گی۔
  اگر آپ کو ایسی ممکنہ بدسلوکی یا بے توجہی کے بارے میں تشویشات ہوں جو ہو سکتا ہے رہائشی نگہداشت طفل کی سیٹنگ میں پیش آئی ہوں تو بچے کے ساتھ بدسلوکی اور غلط برتاؤ کا ریاست گیر سنٹرل رجسٹر کو کال کرنا بھی مناسب ہے۔ اپ اپنی تشویشات پر گفتگو کرنے کے لیے **1-800-342-3720** پر ٹول فری کال کر سکتے ہیں۔ اگر رپورٹ رجسٹر ہو جاتی ہے تو، رہائشی نگہداشت طفل پروگرام میں ایک تفتیش انجام دی جائے گی۔
  اگر آپ منرو کاؤنٹی (روچیسٹر اور نواح) یا اوونڈاگا کاؤنٹی (سیرکجز اور نواح) میں ہیں تو وہاں ایک مقامی نمبر ہے جس پر آپ اس کی جگہ کال کر سکتے ہیں اگر آپ کو فیملی یا رہائشی نگہداشت طفل کی سیٹنگز دونوں میں سے کسی میں بھی بچے کے ساتھ بدسلوکی یا غلط برتاؤ کے بارے میں تشویشات ہوں۔ یہ منرو کاؤنٹی میں **461-5690** اور اوونڈاگا کاؤنٹی میں **422-9701** ہے۔
- **بالغوں کا تحفظ** – 18 سال یا اس سے زائد عمر کے ایسے افراد کو دی جانے والی خدمات جو جسمانی یا ذہنی لحاظ سے معذور ہیں، جن کو ضرر پہنچائی گئی ہے یا ضرر کے خطرے میں ہیں، خود کا تحفظ نہیں کر سکتے، اور جن کے پاس کوئی ایسا شخص نہیں ہو جو ان کی مدد کرنے پر قادر اور آمادہ ہو۔
  مشکوک بالغوں کے ساتھ بدسلوکی، بے توجہی یا استحصال کا ریفرل دینے یا رپورٹ کرنے کے لیے، براہ کرم اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں براہ راست اپنے مقامی بالغوں کے حفاظتی خدمات (Protective Services for Adults, PSA) یونٹ کو کال کریں۔ آپ اپنی مقامی PSA یونٹ سے رابطہ کرنے کا فون نمبر حاصل کرنے کے لیے ٹول فری **1-800-342-3009** پر کال کر سکتے ہیں (اختیار 6 دبائیں)۔

- **خانگی تشدد (جسمانی یا جذباتی بدسلوکی یا بدسلوکی کی دھمکی)** – فیملی اور گھرانے کے ممبران کو، بچوں کے ساتھ یا ان کے بغیر، جسمانی یا جذباتی بدسلوکی، یا جسمانی بدسلوکی یا جذباتی بدسلوکی کی دھمکیوں کے معاملے میں ان کی مدد کرنے کے لیے دی جانے والی خدمات۔

معلومات حاصل کرنے اور اپنے مقامی خانگی تشدد سے متعلق خدمات فراہم کنندہ کے نام ریفرلز کے لیے آپ درج ذیل نمبروں پر، ٹول فری، روزانہ 24 گھنٹے کال کر سکتے ہیں:

**نیو یارک سٹی** میں **1-800-621-HOPE (1-800-621-4673)** پر کال کریں

**نیو یارک اسٹیٹ کے کسی دیگر علاقے میں** NYS ڈومیسٹک وائلنس ہاٹ لائن (NYS Domestic Violence Hotline) کو **1-800-942-6906** پر کال کریں (**ہسپانوی بولنے والے 1-800-942-6908** پر کال کریں)

سروسز کا ایک کیس ورکر آپ کے لیے یہ معلومات حاصل کرنے کا بھی انتظام کر سکتا ہے۔

# سیکشن H　　دیگر مراعات

**1.** **سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI)** اگر آپ مصدقہ نابینا، مصدقہ معذور یا 65 سال یا زائد عمر کے ہیں اور آپ کی آمدنی اور وسائل مخصوص حدود سے کم ہیں تو، آپ سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم پروگرام سے رقم پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ اپنے قریب ترین **سوشل سیکیورٹی آفس** میں سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم پانے والے بیشتر افراد کو طبی اعانت بھی ملتی ہے۔

**2.** **عبوری اعانت** - آپ سیفٹی نیٹ اسسٹنس پروگرامز کے ذریعے عبوری اعانت نامی پیسہ پانے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر:

- آپ نے سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) کے لیے درخواست دی ہے لیکن آپ کی درخواست منظور نہیں ہوئی ہے یا مسترد ہو گئی ہے۔
- آپ اپنے SSI کی تردید یا موقوفی پر اپیل کر رہے ہیں۔
- آپ اپنے SSI کے اختتام کی اپیل اس وجہ سے کر رہے ہیں کہ SSA نے تعین کیا تھا کہ آپ نا اہل تھے۔

آپ کو SSI ملنا شروع ہو جانے پر یا آپ کا SSI پھر سے شروع ہو جانے پر یہ عبوری اعانت رک جائے گی۔ سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA) واجب الادا عبوری اعانت کے کچھ یا پورے حصے کی باز ادائیگی براہ راست مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو ماضی سے مؤثر SSI کی جو کوئی مراعات موصول کرنے کے آپ اہل تھے اس سے کی جائے گی۔ عبوری اعانت پانے کے لیے آپ کو عبوری اعانت کی باز ادائیگی (Interim Assistance Reimbursement, IAR) کے اجازت نامہ پر آپ کو دستخط کرنا ضروری ہے۔ اگر آپ یہ اجازت نامہ ختم ہونے کے بعد SSI کے لیے دوبارہ درخواست دیتے ہیں، یا آپ کی SSI کی درخواست یا اپیل زیر التوا رہتے ہوئے اگر آپ SSI کا نیا دعوی دائر کرتے ہیں تو، آپ کو NYS کے اصولوں کے مطابق نئے اجازت نامہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔ یہ اجازت نامہ SSA کو آپ کو ادا کردہ عبوری اعانت کے لیے ایجنسی کو دوبارہ ادا کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اگر آپ نیو یارک سٹی سے **باہر** رہتے ہیں تو، آپ اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں عبوری اعانت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی **میں** رہتے ہیں تو، اپنے مقامی انکم سپورٹ سنٹر (Income Support Center) کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں۔

**سوال۔ عبوری اعانت کیا ہے؟**

**جواب۔** عبوری اعانت بنیادی اخراجات جیسے پناہ گاہ کی یوٹیلیٹیز اور ایندھن کے لیے سیفٹی نیٹ اسسٹنس (SNA) فنڈز سے آپ کو ملنے والی ادائیگیاں ہیں جب:

- آپ نے سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) کے لیے درخواست دی ہو لیکن سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA) نے آپ کی زیر التوا درخواست پر ابھی تک فیصلہ نہ کیا ہو۔
- آپ کو SSI کی ادائیگیاں موصول ہوتی رہی ہوں لیکن غلط طریقے سے انہیں روک دیا گیا تھا اور ماضی میں مؤثر تاریخ سے آپ کو ادا کی گئی تھیں۔ اسے اہلیت کے بعد عبوری اعانت کہا جاتا ہے۔

**سوال۔ کیا مجھے عبوری اعانت کی واپسی ادائیگی کرنی ہوتی ہے؟**

**جواب۔** ہاں، آپ کو عبوری اعانت واپس ادا کرنا ضروری ہے۔ قانون واپسی ادائیگی کا تقاضا کرتا ہے تاکہ لوگوں کو ایک ہی مدت کے لیے عارضی اعانت (TA) کی مراعات اور SSI کی مراعات دونوں موصول کرنے سے روکا جائے۔

**سوال۔ کن مہینوں کے لیے مجھے خود کو موصولہ عبوری اعانت واپس ادا کرنا ضروری ہے؟**

**جواب۔** اگر آپ کو SNA کی مراعات تب موصول ہوئیں جب آپ کی SSI کی درخواست زیر التوا تھی تو، SSI کی ادائیگی موصول کرنے کے لیے جس پہلے ماہ میں آپ اہل ہوئے تھے ان مہینوں سے شروع کر کے اور واقعتاً جس ماہ میں آپ کی SSI کی ادائیگیاں شروع ہوئیں اس کے اختتام تک یا اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات آپ کی پچھلی TA کی ادائیگی بند نہیں کر سکتا تو اگلے ماہ تک کے لیے واپسی ادائیگی کرنا ضروری ہے۔

اگر آپ کو اہلیت سے قبل عبوری اعانت موصول ہوئی تو، ماضی سے موثر SSI کی ادائیگیاں جس ماہ کے لیے کی گئیں اس کے پہلے دن سے شروع کر کے اور واقعتاً جس ماہ میں آپ کی SSI کی ادائیگیاں شروع ہوئیں اس کے اختتام تک یا اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات آپ کی پچھلی TA کی ادائیگی بند نہیں کر سکتا تو اگلے ماہ تک کے لیے واپسی ادائیگی کرنا ضروری ہے۔

**سوال۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو عبوری اعانت کس طرح واپس ادا کی جاتی ہے؟**

**جواب۔** سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن (SSA) عبوری اعانت براہ راست مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو ماضی سے مؤثر SSI کی جو مراعات موصول کرنے کے آپ اہل تھے اس وقت سے ادا کرے گی۔

**سوال۔ عبوری اعانت کے مدنظر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو باز ادائیگی کرنے کے لیے SSA میری اجازت کس طرح حاصل کرتی ہے؟**

**جواب۔** آپ SSA کو اجازت اس وقت دیتے ہیں جب آپ عارضی اعانت کی درخواست یا دوبارہ تصدیق کے فارم، میل اِن دوبارہ تصدیق/اہلیت کے سوالنامہ پر دستخط کرتے ہیں۔

**سوال۔ SSA کس طرح یہ تعین کرتی ہے کہ میرے SSI کا کتنا پیسہ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات ڈسٹرکٹ کو ادا کرنا ہے۔**

**جواب۔** SSA ریاست کی دعویداری کے پیسے کی رقم پر نظر ڈالتی ہے اور ماضی سے مؤثر SSI کے آپ کے پیسے کی اس رقم پر بھی نظر ڈالتی ہے جو ریاست کو ادا کرنے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔ SSA آپ کو عارضی اعانت موصول شدہ ماہ کا اور SSI کی ادائیگیاں آپ کو موصول ہونے کے ماہ کا جوڑا لگاتی ہے۔ اس جوڑا لگانے کے بعد، SSA مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات ڈسٹرکٹ کے ذریعے دعوی کردہ ہر ماہ کے لیے رقم ادا کرتی ہے۔

**سوال۔ ماضی سے مؤثر SSI کی ادائیگ کا کوئی بیلنس مجھے کیسے موصول ہوگا؟**

**جواب۔** واجب الادا عبوری اعانت کے مدنظر SSA کے ذریعے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو ادائیگی ہو جانے کے بعد، SSA یہ وضاحت کرتے ہوئے آپ کو ایک نوٹس بھیجے گی کہ SSI کا کوئی باقی ماندہ پیسہ وہ آپ کو کس طرح ادا کریں گے۔ اگر SSI کی آپ کی ادائیگی کے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہو، یا کوئی دیگر سوالات ہوں تو، آپ اپنے مقامی SSA کے دفتر سے رابطہ یا 1-800-772-1213 پر کال کر سکتے ہیں۔

**سوال۔ اگر ماضی سے مؤثر SSI کی میری پہلی ادائیگی تمام موصولہ عارضی اعانت کی واپسی ادائیگی کرنے کے لیے کافی نہیں ہے تو کیا ہوگا؟**

**جواب۔** مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات آپ کے SSI کی ادائیگیوں سے کوئی بھی زیادہ پیسہ اکٹھا نہیں کرے گا۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو صرف آپ کی ماضی سے مؤثر SSI کی ادائیگی سے SSA کے ذریعے عبوری اعانت واپس ادا کی جا سکتی ہے۔ وہ آپ سے کوئی دیگر SSI کی ادائیگی اکٹھا نہیں کر سکتے۔

**سوال۔ عبوری اعانت کی باز ادائیگی کا اجازت نامہ کتنی مدت تک رہتا ہے؟**

**جواب۔** TA کے لیے آپ کے درخواست دیتے وقت SSI کی آپ کی جو بھی درخواست یا اپیل زیر التوا ہے اس کے لیے یہ اجازت نامہ مؤثر ہے۔ یہ اجازت نامہ 12 ماہ کے لیے مؤثر ہے جو ایک الیکٹرانک سسٹم کی معرفت مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی جانب سے SSA کو صحیح سے یہ اطلاع کر دینے کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے کہ انہیں اجازت نامہ موصول ہو گیا ہے۔ تاہم، اگر آپ SSA کے ضوابط کے تحت اجازت یافتہ مدت کے اندر SSI کی اپیل دائر کر دیتے ہیں تو، اجازت نامہ 12 ماہ کی مدت کے بعد بھی مؤثر رہے گا۔ اجازت نامہ تب ختم ہوتا ہےجب آپ کے SSI کے دعوے پر پوری طرح سے فیصلہ ہو جاتا ہے؛ SSA پہلے آپ کو ادا کرتا ہے؛ یا آپ اور ریاست اجازت نامہ ختم کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔ اگر آپ یہ اجازت نامہ ختم ہونے کے بعد SSI کے لیے دربارہ درخواست دیتے ہیں، یا آپ کی SSI کی درخواست یا اپیل زیر التوا رہتے ہوئے اگر آپ SSI کا نیا دعوی دائر کرتے ہیں تو، آپ کو NYS کے اصولوں کے مطابق نئے اجازت نامہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔

**سوال۔ بعد از اہلیت ماضی سے مؤثر ادائیگی کے لیے عبوری اعانت کی باز ادائیگی کا اجازت نامہ کتنی مدت تک مؤثر رہتا ہے؟**

**جواب۔** یہ اجازت نامہ 12 ماہ کے لیے مؤثر ہے جو ایک الیکٹرانک سسٹم کی معرفت مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی جانب سے SSA کو یہ اطلاع کر دینے کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے کہ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو اجازت نامہ موصول ہو گیا ہے۔ تاہم، اگر آپ SSA کے ضوابط کے تحت اجازت یافتہ مدت کے اندر SSI کا انتظامی یا عدالتی جائزہ دائر کرتے ہیں تو، اجازت نامہ 12 ماہ کی مدت کی یونٹ کے بعد بھی مؤثر رہے گا۔ SSA شروعاتی SSI کی بعد از اہلیت ادائیگی SSI کی آپ کی مراعات موقوف یا ختم ہونے کے بعد کرتی ہے؛ یا SSA آپ کی اپیل پر حتمی تعین کرتا ہے؛ یا آپ اور مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات **دونوں** ہی اجازت نامہ ختم کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔ اگر آپ یہ اجازت نامہ ختم ہونے کے بعد SSI کے لیے دربارہ درخواست دیتے ہیں، یا آپ کی SSI کی درخواست یا اپیل زیر التوا رہتے ہوئے اگر آپ SSI کا نیا دعوی دائر کرتے ہیں تو، آپ کو NYS کے اصولوں کے مطابق نئے اجازت نامہ پر دستخط کرنا ضروری ہے۔

**سوال۔ عبوری اعانت کی باز ادائیگی کا اجازت نامہ میں کہاں سے حاصل کروں؟**

**جواب۔** اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں۔

**سوال۔ اگر میرے خیال سے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات نے مجھے موصولہ عبوری اعانت کی رقم میں غلطی کر دی ہے، یا عبوری اعانت کی جو رقم مجھے واپس ملی ہے اس بارے میں غلطی کر دی ہے تو میں کیا کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** آپ منصفانہ سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو کتاب "آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے" (LDSS-4148A) میں مندرج منصفانہ سماعت کی ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔

**سوال۔ SSI کی مراعات کے لیے محافظ فائلنگ کی تاریخ کیا ہے؟**

**جواب۔** عارضی اعانت (TA) کے جو درخواست دہندگان اور وصول کنندگان TA کی درخواست یا دوبارہ تصدیق کے فارم پر دستخط کرنے سے ساٹھ دنوں کے اندر SSI کے لیے درخواست دیتے ہیں وہ SSA کی جانب سے دی گئی "محافظ فائلنگ" کی تاریخ کو مستحق ہو سکتے ہیں۔ TA کی درخواست یا دوبارہ تصدیق کی تاریخ کو SSA "حفاظتی فائلنگ کی تاریخ" کے اصول کے تحت SSI کی آخری تاریخ مان سکتی ہے۔ اگر SSA محاظ فائلنگ کی تاریخ متعین کرتی ہے تو، یہ SSI کے درخواست دہندہ کو .SSI سے دو ماہ زائد تک دی جا سکتی ہے۔

**3.** **عملی تعاون –** سیکشن A (عارضی اعانت)، B (طبی اعانت)، C (امداد اطفال)، D (فوڈ اسٹامپ کی مراعات)، E (عبوری مدد)، F (نگہداشت طفل)، اور یہ سیکشن H (دیگر مراعات) کافی مفید ہو سکتے ہیں اگر آپ کو بنیادی ضرورتیں پوری کرنے میں پریشانی ہو رہی ہو، خاص طور پر اگر آپ کام کر رہے ہوں۔ نیز، اگر آپ سالانہ $41,646 سے کم کما رہے ہیں (دو بچوں کے لیے EITC کا نیاتھریشولڈ، شادی شدہ مشترک طور پر فائل کر رہے ہیں) تو آپ اپنا ٹیکس ریٹرن فائل کر کے اور جن ٹیکس کریڈٹس کے آپ اہل ہیں وہ پا کر خود اپنا/ اپنی فیملی کا تعاون کرنے کے لیے مزید پیسہ گھر لانے پر قادر ہو سکتے ہیں۔

- **کمائی گئی انکم کریڈٹ** - اگر آپ کام کر رہے ہیں یا پچھلے سال کام کیا ہے تو، آپ ریاستی یا وفاقی کمائی گئی انکم ٹیکس کریڈٹ (EITC) سے اضافی پیسہ پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ وہ کریڈٹس پانے کے لیے، آپ کو ٹیکس ریٹرنز فائل کرنا ضروری ہے چاہے آپ پر کوئی ٹیکس واجب نہ ہو۔ کمائی گئی انکم ٹیکس کریڈٹ (EITC) وفاقی (EITC) پانے کے لیے، آپ کو یا تو 1040 یا 1040A فارم اور فارم شیڈول (EITC) استعمال کر کے وفاقی انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنا ضروری ہے۔ (جو کارکنان بچے کی پرورش نہیں کر رہے ہیں صرف وہی وفاقی EIC کا دعوی کرنے کے لیے فارم 1040EZ استعمال کر سکتے ہیں۔) ریاستی (EITC) پانے کے لیے، آپ کو ایک ریاستی انکم ٹیکس ریٹرن اور ریاستی فارم IT-215 فائل کرنا ضروری ہے۔

اگر آپ کے پاس کمائی گئی آمدنی ہے اور ریاستی و وفاقی انکم ٹیکس ریٹرنز فائل کرتے ہیں تو، آپ اب بھی ریاستی اور وفاقی حکومت دونوں سے کمائی گئی انکم ٹیکس کریڈٹ (EIC) کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ پر انکم ٹیکس واجب ہے تو، EIC ٹیکس کی اتنی رقم کاٹ لے گا جتنا آپ پر واجب ہے۔ اگر آپ کا EIC ٹیکس کی اس رقم سے بڑھ جاتا ہے جتنا آپ پر واجب ہے تو، ریفنڈ کے بطور آپ کو یہ فرق موصول ہوگا۔ چاہے آپ پر ٹیکس واجب نہ ہو، آپ EIC موصول کر سکتے ہیں۔

اگر آپ EIC کے لیے اہل ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ اس رقم کو پورے سال میں پھیلا دیا جائے (پیشگی ادائیگیاں) اور سال کے آخر میں کم EIC ملے تو، اپنے آجر سے ایک "W-5" (EIC ایڈوانس پیمنٹ سرٹیفکیشن) فارم مانگیں)، اسے پُر کریں اور اسے اپنے آجر کو واپس بھیجیں۔

- **چائلڈ ٹیکس کریڈٹ** - وفاقی چائلڈ ٹیکس کریڈٹ 17 سال سے کم عمر کے ہر ایک اہل قرار پانے والے بچے کے لیے $1,000 تک کی مالیت کا ہو سکتا ہے۔

نیو یارک اسٹیٹ کے پاس چائلڈ ٹکس کریڈٹ کا خود اپنا ورژن ہے جسے امپائر اسٹیٹ چائلڈ کریڈٹ (Empire State Child Credit) کہا جاتا ہے۔ کارکنان وفاقی چائلڈ ٹیکس کریڈٹ کے لیے اہل قرار پانے والے بچوں کی تعداد $100 مرتبہ کے برابر یا اس سے زائد کا یا اپنے وفاقی چائلڈ ٹیکس کریڈٹ کا 33% کا دعوی کر سکتے ہیں۔

کام کاجی فیملی EITCs کے علاوہ ان دونوں کریڈٹس کا دعوی کر سکتی ہے۔

- **غیر تولیتی والدین (Non-custodial Parent, NCP) نیو یارک اسٹیٹ EITC** – نیو یارک اسٹیٹ کا یہ چائلڈ کریڈٹ غیر تولیتی والدین کے لیے دستیاب ہے اگر درج ذیل لیاقتیں پوری ہوتی ہوں:

  - نیو یارک کے مکین ٹیکس دہندہ ہوں؛
  - عمر 18 اور 65 سال کے بیچ ہو؛
  - غیر تولیتی والدین ہوں اور ایسا بچہ ہو (بچے ہوں) جو ان کے ساتھ نہیں رہتے ہوں؛
  - نیو یارک اسٹیٹ کے سپورٹ کلیکشن یونٹ (Support Collection Unit, SCU) کی معرفت کم از کم نصف سال کے لیے امداد اطفال کا آرڈر رکھتے ہوں؛
  - جس کسی ٹیکس سال میں NCP EITC کا دعوی کیا گیا ہے اس سال کے لیے باقی امداد اطفال کی موجودہ رقم کا 100% ادا کر دیا ہو۔

- **چائلڈ اینڈ ڈیپنڈنٹ کیئر کریڈٹ (Child And Dependent Care Credit) –** چائلڈ اینڈ ڈیپنڈنٹ کیئر کریڈٹ ایک ٹیکس بینیفٹ ہے جس سے فیملیز کو 13 سال سے کم عمر کے کم از کم ایک بچےکے لیے نگہداشت طفل کے ادائیگی کرنے میں مدد ملتیہے۔ اس سے ان فیملیز کو بھی مدد مل سکتی ہے جو لازماً ایسے شریک حیات یا بالغ منحر کی نگہداشت کے لیے ادائیگی کرتے ہوں جو خود سے اپنی دیکھ بھال کرنے کے ناقابل ہوں۔ یہ کریڈٹ ایک زیر نگہداشت بچے یا زیر کفالت فرد والی فیملیز کے لیے $1,050 تک یا زیر نگہداشت ایک سے زائد بچے یا زیر کفالت فرد والی فیملیز کے لیے $2,100 تک کی خطیر مالیت ہو سکتی ہے۔

نیو یارک اسٹیٹ چائلڈ اینڈ ڈیپنڈنٹ کیئر کریڈٹ وفاقی ٹیکس کریڈٹ کا کم از کم 20% اور زیادہ سے زیادہ 110% ہے، جس کا انحصار NYS کی ایڈجسٹ کردہ مجموعی آمدنی کی مقدار پر ہوتا ہے۔ گھریلو توانائی میں اعانت پروگرام (Home Energy Assistance Program, HEAP)، خواتین، شیر خوار، اور بچے (women, infants and children, WIC)، اور اسکول میں ناشتہ اور لنچ کے کھانے۔

- **ایجوکیشن کریڈٹ (Education Credits)** – دو ایسے ایجوکیشن کریڈٹ ہیں جن کا دعوی ہر اہل طالب علم کر سکتا ہے:

  - ہوپ کریڈٹ: یہ کریڈٹ ثانوی کے بعد کی تعلیم کے پہلے دو ٹیکس کے قابل سالوں پر لاگو ہوتی ہے۔ جتنے کا دعوی کیا جا سکتا ہے وہ فی طالب علم زیادہ سے زیادہ $1,800 ہے۔
  - لائف ٹائم لرننگ کریڈٹ: یہ کریڈٹ طلبہ کے لیے ان کی ثانوی کے بعد کی تعلیم میں کسی بھی وقت دستیاب ہے۔ فیملی میں اہل طلبہ کی تعداد سے قطع نظر، زیادہ سے زیادہ کریدٹ ایک گھرانے کے لیے $2,000 ہے۔

- **مربوط ہوں...myBenefits سے!**

نیویارک میں کوئی بھی شخص ایک نئی ویب سائٹ، **www.myBenefits.ny.gov** ملاحظہ کرکے پتہ کر سکتا ہے کہ آیا وہ فوڈ اسٹامپ کی مراعات، کمائی گئی انکم ٹیکس کریڈٹس، چائلڈ اینڈ ڈیپنڈنٹ کیئر کریڈٹس، اور کم آمدنی والے کام کاجی گھرانوں کی بنیادی ضرورتیں پوری کرنے میں ان کی مدد کے لیے بنائے گئے دوسرے پروگرام کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ یہ اس بارے میں بھی معلومات فراہم کرے گی کہ کہاں پر اور کیسے درخواست دینی ہے۔ دوسرے پروگراموں کے مدنظر اسکریننگ کی اجازت دینے کے لیے سائٹ کی باقاعدگی سے توسیع کی جائے گی۔

**.4** **گھریلو توانائی میں اعانت پروگرام (HEAP) -** گھریلو توانائی میں اعانت پروگرام حرارت اور یوٹیلیٹی کی لاگتوں اور حرارتی ساز و سامان کی لازمی مرمتوں میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ آپ گھریلو توانائی میں اعانت پانے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر:

- آپ کو عارضی اعانت ملتی ہے
- آپ کو فوڈ اسٹامپ کی مراعات ملتی ہیں
- آپ کی آمدنی موجودہ رہنما خطوط پر یا اس سے کم ہے
- آپ کو سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) ملتی ہے

**HEAP پانے کے لیے آپ کو حرارت یا یوٹیلیٹی ایمرجنسی میں ہونا ضروری نہیں ہے۔**

**.5** **گائیڈ ڈاگز کے لیے اعانت کی گرانٹس -** اگر آپ (SSI) پانے کے اہل ہیں اور گائیڈ ڈاگ کا استعمال کرتے ہیں تو، آپ اپنے کتے کے واسطے غذا خریدنے کے لیے پیسہ پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی سے **باہر** رہتے ہیں تو، آپ اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں اس پیسے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ نیو یارک سٹی **میں** رہتے ہیں تو، اپنے مقامی جاب سنٹر کو کال کریں یا وہاں تشریف لے جائیں۔

**.6** **لائف لائن** - اگر آپ کی آمدنی کم ہے تو، آپ $1.00 ماہانہ سے تھوڑا زیادہ لائف لائن نامی ٹیلیفون ڈسکاؤنٹ سروس پانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ لائف لائن پانے کے اہل ہو سکتے ہیں اگر آپ کو ملتی ہے:

- ٹمپریری اسسٹنس
- میڈیکل اسسٹنس
- فوڈ اسٹامپ کی مراعات
- گھریلو توانائی میں اعانت
- سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI)

لائف لائن سے متعلق معلومات کے لیے، اپنے ٹیلیفون خدمات فراہم کنندہ کو کال کریں۔

**.7** **WIC** (خواتین، شیر خوار اور بچوں کے لیے خاص تکملاتی پروگرام) - اگر آپ کی آمدنی معمولی ہے یا نہیں ہے، آپ حاملہ ہیں، چھاتی سے دودھ پلا رہی ہیں یا آپ کے پاس 5 سال تک کی عمر کے بچے ہیں، اور آپ تغذیاتی خطرے میں ہیں تو، **WIC پروگرام** آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ WIC **پروگرام** تغذیہ اور صحت بخش غذائیں کھانے کی اہمیت کے بارے میں مفید معلومات فراہم کرتا ہے۔ WIC پروگرام ایسے چیک فراہم کرتا ہے جنہیں انفینٹ فارمولا، دودھ، جوس، انڈے، پنیر، سیریل، مونگ پھلی مکھن، خشک مٹر اور پھلیوں کے عوض شرکت کنندہ اسٹورز میں بدلا جا سکتا ہے۔

**WIC پروگرام** اور آپ کہاں درخواست دے سکتے ہیں اس بارے میں مزید معلومات کے لیے، **1-800-522-5006** پر کال کریں۔

**.8** **تدفین** - مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات تدفین کے لیے تب فراہم کرتا ہے جب عارضی اعانت کا وصول کنندہ یا وفات پانے والا دوسرا شخص تدفین کی لاگت ادا کرنے کے لیے کافی فنڈ یا بیمہ نہیں چھوڑتا ہے اور کوئی ایسا رشتہ دار، دوست یا دیگر افراد نہ ہوں جو تدفین کے اخراجات کے لیے ذمہ داری لینے کے جوابدہ یا اس پر آمادہ ہوں۔ یہ بات صرف تب صادق آتی ہے جب مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی تدفین کی لاگت کی حد تجاوز نہیں کرتی ہو۔

بعض اوقات رشتہ دار اور دوست کسی شخص کے تدفین کے انتظامات کر دیتے ہیں۔ وہ کچھ باز ادائیگی کے اہل ہو سکتے ہیں، بشرطیکہ تدفین پر اس سے زیادہ خرچ نہ ہوا ہو جتنے کی مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات اجازت دیتا ہے۔

آپ کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کی تدفین یونٹ یا وسائلی یونٹ میں تدفین کے لیے یا تدفین سے متعلق محدود باز ادائیگی کے لیے درخواستیں دی جا سکتی ہیں۔ اس ایجنسی سے رابطہ کر کے پتہ کریں کہ آپ کو کہاں درخواست دینی چاہیے اور جتنی مدت تک آپ درخواست دے سکتے ہیں اس کی طوالت پر کیا حد ہے۔

**فونرل ڈائریکٹر کے ساتھ انتظامات تب تک نہ کریں جب تک آپ کو اس بارے میں کاؤنٹی کی حد پتہ نہ چل جائے کہ کسی مفلس کی تدفین پر کتنی رقم خرچ کی جا سکتی ہے۔**

**.9** **ووٹر رجسٹریشن -** آپ کو ووٹر رجسٹریشن کے لیے ایک درخواست حاصل کرنے، وہ درخواست پُر کرنے میں اعانت حاصل کرنے، اور اس کتاب میں بیان کردہ مراعات کے لیے درخواستیں قبول کرنے والے سرکاری دفتر میں مناسب مقامی بورڈ برائے انتخابات کو فارورڈ کرنے کے لیے وہ درخواست دائر کرنے کا حق ہے۔ مزید معلومات کے لیے ریاستی بورڈ برائے انتخابات کو ٹول فری **1-800-367-8683** پر یا سمعی معذور کے لیے **1-800-533-8683** (TDD) پر کال کریں۔

**.10** **سابق فوجیوں کے لیے مراعات -** اگر آپ نے کبھی امریکی فوج میں خدمت انجام دی ہو (بشمول نیشنل گارڈ یا ریزرو میں اگر صدر کی جانب سے فعال ڈیوٹی کا آرڈر دیا گیا ہو)، اور آپ کو بے عزت حالات کے علاوہ کے تحت ڈسچارج کیا گیا تھا، تو سماجی، معاشی، اور حرفتی مراعات اور خدمات کی ایک صف موجود ہے جو آپ امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کے امور (US Department of Veterans' Affairs) سے موصول کرنے کے مستحق ہو سکتے ہیں۔ ان میں، بلا تحدید، درج ذیل شامل ہیں:

- نگہداشت صحت خدمات
- خدمت سے جڑی ہوئی معذوری کا معاوضہ
- غیر خدمت سے جڑی ہوئی معذوری کی مراعات
- فیملی اور پسماندگان کے لیے مراعات
- ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق معالجہ
- تعلیمی مراعات
- حرفتی باز بحالی
- ملازمتی خدمات

اگرآپ "کم آمدنی" والے SSI وصول کرنے والے سابق فوجی ہیں، یا بصورت دیگر مستقل طور پر یا پوری طرح سے آپ کے معذور ہونے کا تعین ہوا ہے، اور کم از کم 90 دن نیز جنگ کی مدت کے دوران کم سے کم ایک دن خدمت انجام دی ہے تو، آپ VA سے ماہانہ مراعات موصول کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں جو SSI سے نمایاں حد تک زیادہ ہے – چاہے آپ کی معذوری فوجی خدمت کے نتیجے میں نہ ہو۔ اگر آپ کی عمر 65 سال یا زائد ہے اور مذکورہ بالا خدمت کے تقاضے پورا کرتے ہیں تو، آپ کو اہل قرار پانا چاہیے چاہے آپ معذور نہ ہوں۔

ایسی بیماری، مرض یا ضرر میں مبتلا سابق فوجی جو انہیں لگتا ہو کہ فوجی خدمت کے نتیجے میں لاحق یا مشتعل ہوا ہے انہیں چاہیے کہ خدمت سے مربوط معاوضہ کی مراعات کے لیے اہلیت حاصل کریں – چاہے سالوں بعد تک اس کیفیت کی تشخیص نہیں ہوئی تھی – جیسے جنہوں نے ویتنام میں خدمت انجام دی اور اسی وقت سے ٹائپ II ذیابیطس، غدہ قدامیہ کے کینسر، تنفسی کینسر، یا ہاجکن کے مرض میں مبتلا ہونے کی تشخیص ہوئی ہے، جو محض چند نام ہیں۔

مذکورہ بالا اور دیگر دستیاب مراعات اور خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، وفاقی، ریاستی یا کاؤنٹی کے سابق فوجیوں کی مراعات کے مشیر سے آج ہی رابطہ کریں۔ صلاح کاران بلا معاوضہ آپ کی اعانت کرنے کے لیے دستیاب ہیں۔ آپ کے قریب ترین کسی کی نشاندہی کرنے کے لیے، **1-888-VETS-NYS (1-888-838-7697)** پر کال کریں۔

## سیکشن I معذور افراد

**سوال۔ کیا میں مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے دفتر سے مدد پا سکتا ہوں۔اگر میں معذور ہوں اور مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے دفتر نہیں جا سکتا ہوں، یا دیگر ایسے کام نہیں کر سکتا جو مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات مجھ سے کروانا چاہتا ہے؟**

**جواب۔** اگر آپ کو ایسی جسمانی یا ذہنی کیفیت لاحق ہے جو آپ جو کچھ کرنے پر قادر ہیں اس کی انجام دہی کو ٹھوس حد تک محدود کرتی ہے تو، آپ کو معذور امریکیوں کے قانون (Americans with Disabilities Act) اور باز بحالی ایکٹ (Rehabilitation Act) کے سیکشن 504 کے تحت حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔ جسمانی یا ذہنی کیفیت کی کچھ مثالوں میں بلا تحدید شامل ہیں:

- سماعت یا بصارت زائل ہو جانا؛
- آسانی سے گھومنے پھرنے کی عدم اہلیت؛
- آموزشی معذوری؛
- ذہنی اتلاف؛
- نشہ یا الکحل کے لت کی سرگزشت؛
- افسردگی۔

**سوال۔ اگر میں معذور ہوں اور سماجی خدمات کے دفتر نہیں جا سکتا ہوں، یا مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات مجھ سے جو کام کروانا چاہتا ہے وہ نہیں کر سکتا ہوں تو، مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب۔** اگر آپ کوئی ایسا نہیں کر سکتے جو ہم آپ سے کرنے کو کہتے ہیں تو، اسے کرنے میں ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں یا اصولوں کو پورا کرنے کے لیے ہم مختلف طریقہ پتہ کر سکتے ہیں یا آپ کو جو کام کرنا ہے اسے ہم تبدیل کر سکتے ہیں۔ اسے معقول سہولیات کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کو معذوری ہے اور معقول سہولیات درکار ہیں تو آپ ہمیں بتا سکتے ہیں۔ یہ کچھ ایسے طریقے ہیں جن کے ذریعہ ہم معذور افراد کی مدد کر سکتے ہیں:

- اگر آپ ہمارے دفتر میں آنے پر قادر نہیں ہیں تو، ہم آپ کو دفتر کے دوسرے مقام کا پتہ دے سکتے ہیں جوقابل رسائی ہے، یا آپ کو دیگر ایسا طریقہ بتا سکتے ہیں جس کے ذریعے آپ سماجی خدمات کے ہمارے پروگراموں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ہمارے دفتر میں آنے پر قادر نہیں ہیں تو، ہم آپ کو کال کرنے یا آپ سے ملنے پر بھی قادر ہو سکتے ہیں۔
- ہم آپ کو یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ ہماری طرف سے آپ کو موصولہ خدمت کا کیا مطلب ہے۔
- ہم ملازمت گیری کا ایک منصوبہ تیار کرنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں جو آپ کو معذوری لاحق ہونے پر بھی کام کرنے کی سہولت دیتا ہے، یا اگر آپ اپنے منصوبے میں شامل کوئی چیز نہیں کر سکتے ہیں تو ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔
- مراعات جیسے سپلیمنٹل سیکیورٹی انکم (SSI) سے انکار پر اپیل کرنے میں ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو کچھ دوسری قسم کی مدد درکار ہو تو، اپنے کارکن کو بتائیں۔

**سوال۔ کیا میں مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو بتا سکتا ہوں کہ مجھے درکار مراعات پانے کے اصولوں کو پورا کرنے کا مختلف طریقہ تلاش کرنے میں مجھے مدد درکار ہے؟**

**جواب۔** ہاں۔ آپ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کو کال کر سکتے ہیں کہ آپ کو مدد درکار ہے۔ لیکن، اصولوں کو پورا کرنے کا مختلف طریقہ تلاش کرنے میں مدد (معقول سہولیات) ان لوگوں کے لیے ہے جو خدمات موصول کرنے یا پروگرام یا سرگرمی میں شرکت کرنے کے لیے لازمی اہلیتی تقاضے پورا کرتے ہیں اور جو ADA کے تحت تحفظ کے لیے اہل قرار پاتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ایسی جسمانی یا ذہنی تحدید ہے جو انہیں مخصوص سرگرمیاں انجام دینے سے روکتی ہے۔ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات ADA کے تحت معقول سہولت کی درخواست کرنے والے فرد سے دستاویزی شہادت فراہم کرنے یا ابتدائی اسکریننگ میں اور مزید تشخیصی عمل میں حصہ لینے کو کہہ سکتا ہے تاکہ امکانی معذوری اور تحدیدات کو شناخت کر کے یہ یقینی بنایا جائے کہ مناسب معقول سہولیات اور دیگر خدمات فراہم کرائی گئی ہیں۔

**سوال۔ اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات پروگرام کے اصولوں کو پورا کرنے کے لیے میرے لیے مختلف طریقہ تلاش کرتا ہے لیکن مجھے وہ طریقہ پسند نہیں ہے تو کیا ہوگا؟**

**جواب۔** اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات پروگرام کے اصولوں کو پورا کرنے کے لیے میرے لیے مختلف طریقہ تلاش کرتا ہے اور آپ کو درکار مراعات (معقول سہولت) حاصل کر لیتا ہے، لیکن آپ اس طریقے سے منع کر دیتے ہیں تو، آپ کو پروگرام کے لیے اور آپ کو درکار مراعات کے لیے نا اہل پایا جا

سکتا ہے، یا آپ کو جتنی مراعات درکار ہیں اس سے کم ہی آپ کو مل سکتی ہیں۔ مثلاً، اگرچہ نشہ کی لت ADA کے تحت ایک معذوری ہے، مگر مقامی سماجی خدمات ڈسٹرکٹ تب خدمات اور مراعات کو موقوف کر سکتا ہے جب عادی فرد فی الحال اورغیر قانونی طور پر نشہ کا استعمال کر رہا ہوی یا الکحل کا بیجا استعمال کر رہا ہو اور الکحل اور/یا ممنوعات کے بیجا استعمال کے مدنظر مطلوبہ اسکریننگ میں حصہ لینے سے انکار کرے۔ اگر مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات آپ کو پروگرام کے لیے اور آپ کو درکار مراعات کے لیے نا اہل پاتا ہے، یا فیصلہ کرتا ہے کہ آپ کو ان میں سے کم ملنا چاہیے تو، آپ کو ایک نوٹس ملے گا جو آپ کو آپ کی درخواست اور آپ کی مراعات اور اس بارے میں بتائے گا کہ آیا آپ کی مراعات مسترد، کم ہو گئی ہیں یا آپ کا کیس بند ہو گیا ہو۔

**سوال۔** **اگر میں معذور ہوں تو کیا میں مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے پروگراموں کے لیے خود بخود اہل ہو جاؤں گا؟**

**جواب۔** آپ کو مراعات سے **صرف** اس وجہ سے منع نہیں کیا جا سکتا کہ آپ معذور ہیں۔ مگر آپ ایسی بنیفٹ کے لیے نا اہل ہو سکتے ہیں جو آپ اسی وجہ سے چاہتے ہیں جس وجہ سے غیر معذور فرد نا اہل ہے۔ مثلاً، اگر آپ کی آمدنی جو پروگرام (پروگرامز) اور مراعات آپ کو چاہئیں ان کے لیے حد سے اوپر ہے تو، آپ اہل نہیں ہوں گے۔

**سوال۔** **اگر میں مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے فیصلے سے اختلاف کرتا ہوں تو کیا ہوگا؟**

**جواب۔** اگر آپ مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے فیصلے سے اختلاف کرتے ہیں تو آپ منصفانہ سماعت کے فیصلے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ منصفانہ سماعت کی درخواست کرنے کے لیے کتاب (LDSS-4148A) 1، ("آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے") کے "آپ کے حقوق" والے سیکشن میں مندرج ہدایات پر عمل کریں، جو آپ کو یہ کتاب موصول ہونے کے وقت ہی موصول ہوا تھا۔

**سوال۔** **اگر میرے خیال سے میرے ساتھ امتیاز ہوا ہے تو میں کیا کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** نیو یارک اسٹیٹ کے دفتر برائے عارضی و معذوری سے متعلق اعانت (OTDA) کے ذریعے، نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ صحت (DOH) کے ذریعے، نیو یارک اسٹیٹ کے آفس چلڈرن اینڈ فیملی سروسز (OCFS) کے ذریعے، نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ محنت (DOL) کے ذریعے، یا آپ کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے ذریعے نسل، مذہب، نسلی پس منظر، ازدواجی حالت، معذوری، جنس، قومی بنیاد، سیاسی اعتقاد یا عمر کی بنیاد پر امتیاز غیر قانونی ہے۔

اگر آپ کا خیال ہے کہ آپ کے ساتھ امتیاز ہوا ہے تو آپ کو چاہیے کہ کتاب 1، (LDSS-4148A)، ("آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں کیا جاننا چاہیے" کے "آپ کے حقوق" والے سیکشن میں مندرج ہدایات پر عمل کریں، جو آپ کو یہ کتاب موصول ہونے کے وقت ہی موصول ہوا تھا

## سیکشن J — مامونیتی ٹیکے

مامونیتی ٹیکوں نے بہت سارے ایسے امراض کو کم، اور کچھ معاملوں میں، ختم کر دیا ہے جو معمول کے مطابق بہت سارے شیر خوار، بچوں، اور بالغوں کو ہلاک کر ڈالتے تھے یا نقصان پہنچاتے تھے۔ تاہم، قابل تدارک مرض اور موت کا باعث بننے والے وائرس اور بیکٹیریا ان لوگوں کو لاحق ہو سکتے ہیں جو **<u>مامونیتی ٹیکوں کے ذریعے تحفظ یافتہ نہیں</u>** ہیں۔ مامونیتی ٹیکے واحد سب سے اہم ایسا طریقہ ہیں جن کے ذریعے والدین بچپن کے درج ذیل امراض کے خلاف اپنے بچوں کا تحفظ کر سکتے ہیں؟

- خناق
- ہیموفیلس انفلوئنزا ٹائپ (Haemophilus influenza type b, Hib)
- ہیپاٹائٹس A
- ہیپاٹائٹس B
- خسرہ
- نمونیائی نبقہ کا مرض (نمونیہ)
- روٹاوائرس
- ہیومن پیپیلوما وائرس (HPV)
- گلسوئے
- پرٹیوسس (کالی کھانسی)
- روبیلا (جرمن خسرہ)
- ٹیٹنس (دانت بچّی)
- ویریسیلا (چیچک)
- انفلوئنزا (فلو)
- میننگو کوکل میننجائٹس

## سیکشن K — الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT)

**سوال۔** **EBT کیا ہے؟**

**جواب۔** EBT الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر ہے۔ اس سے مراد وہ طریقہ ہے جس کے ذریعے آپ کی عارضی اعانت اور/یا فوڈ اسٹامپ کی مراعات آپ کو جاری کی جاتی ہیں۔ الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT) کے ساتھ وصول کنندگان فوڈ اسٹامپ کی مراعات اور/یا عارضی اعانت کی مراعات کے لیے اکاؤنٹ سیٹ اپ کروائیں گے۔ یہ مراعات الیکٹرانک طریقے سے آپ کے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں آپ کے بینیفٹ کی دستیابی کی تاریخ کو منتقل کی جاتی ہیں۔

**سوال۔** **میں اپنی مراعات تک کس طرح رسائی حاصل کروں؟**

**جواب۔** آپ کو عمومی بینیفٹ شناختی کارد (CBIC) ملے گا جسے آپ اپنی عارضی اعانت، فوڈ اسٹامپ کی مراعات اور طبی اعانت کی مراعات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے استعمال کریں گے۔ عمومی بینیفٹ شناختی کارد (CBIC) کا استعمال کیا جا سکتا ہے:

- QUEST کا لوگو ڈسپلے کرنے والے آٹومیٹڈ ٹیلر مشینوں (ATM) میں نقدی پانے کے لیے
- جس کسی اسٹور پر QUEST کا لوگو ڈسپلے ہو ووہاں غذا خریدنے کے لیے

- شرکت کنندہ EBT کے مقامت پر نقد خریداریاں کرنے کے لیے
- طبی مراعات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے

آپ کے تمام نقد اور فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے ٹرانزیکشن کے لیے رسیدیں ملیں گی۔ یہ رسیدیں ٹرانزیکشن کی رقم اور آپ کے نقد اکاؤنٹ یا فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے اکاؤنٹ میں باقی بچے بیلنس کو دکھائیں گی۔ یہ رسیدیں سنبھال کر رکھیں تاکہ آپ نے جس ٹرانزیکشن کی اجازت دی اس سے ان کا ملان کرنے کو یقینی بنائیں اور تاکہ آپ کو اپنے اکاؤنٹ کے بیلنس کا ٹریک رکھنے میں سہولت ملے۔

**سوال۔ PIN کیا ہے؟**

**جواب۔** PIN کا مطلب ذاتی شناختی نمبر (PIN) ہے۔ آپ کا PIN ایک 4 ہندسے کا نمبر ہوتا ہے جو آپ کو تفویض کیا گیا تھا یا جو آپ منتخب کرتے ہیں۔ آپ کا PIN آپ کے *الیکٹرانک دستخط* کے مساوی ہوتا ہے اور اسے ہمیشہ خفیہ رکھنا چاہیے۔ **یاد رکھیں** - اگر کسی کے پاس آپ کا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) ہے اور اسے آپ کا PIN معلوم ہے تو وہ آپ کی ساری مراعات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ مراعات بدلی نہیں جائیں گی۔ اپنے کارڈ کو محفوظ اور اپنے PIN کو خفیہ رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ آپ اپنا PIN کبھی بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔

> **نوٹ:** اگر آپ کا آپ کا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) تبدیل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے تو آپ وہی ذاتی شناختی نمبر (PIN) استعمال کرتے رہ سکتے ہیں۔

**سوال۔ میں اپنا ذاتی شناختی نمبر (PIN) کس طرح تبدیل کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** آپ کے پاس تین اختیارات ہیں:

- کسٹمر سروس کو ٹول فری **1-888-328-6399** پر کال کریں۔
- اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات میں جائیں اور ایک نیا ذاتی شناختی نمبر (PIN) منتخب کریں۔
- آن لائن انٹرنیٹ کی معرفت **www.ebtaccount.jpmorgan.com** پر EBT اکاؤنٹ کی ویب سائٹ پر جائیں۔

**سوال۔ میرا CBIC کارڈ—یہ کس طرح کام کرتا ہے اور اس میں کس قسم کی معلومات ہوتی ہیں؟**

**جواب۔** آپ کے CBIC کی پشت پر ایک سیاہ مقناطیسی پٹی ہوتی ہے۔ جب کارڈ کو ATM میں یا ریٹیلر کے پوائنٹ آف سیل (Point of Sale, POS) کی ڈیوائس میں ڈالا یا اس کے ذریعے سوائپ کیا جاتا ہے تو مشین آپ کے کارڈ پر موجود پٹی میں کوڈ کی شکل میں درج معلومات کو "ریڈ" کرتی ہے، جو بدلے میں آپ کے فوڈ اسٹامپ کی مراعات یا نقد اکاؤنٹ کے ساتھ ٹرانزیکشن شروع کرتی ہے۔ ٹرانزیکشن مکمل ہونے کے لیے، آپ کا PIN درج کیا جانا ضروری ہے۔ آپ کے کارڈ کی پشت پر ٹول فری EBT کسٹمر سروس نمبر **(1-888-328-6399)** بھی ہوتا ہے۔
آپ کے کارڈ کے سامنے والے حصے پر آپ کا نام، 19 ہندسے کا آپ کا کارڈ نمبر، آپ کی تاریخ پیدائش، آپ کا کلائنٹ کا شناختی نمبر (Client Identification Number, CIN) ہوتا ہے اور آپ کا فوٹو بھی شامل ہو سکتا ہے۔

**سوال۔ مجھے اپنی مراعات کے بارے میں اپنے کارکن سے کب رابطہ کرنا چاہیے؟**

**جواب۔** آپ کو درج ذیل سوالات یا مسائل کے سلسلے میں اپنے <u>مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے کارکن</u> سے رابطہ کرنا چاہیے۔

- جن فوڈ اسٹامپ کی مراعات کے لیے میں اہل ہوں، بشمول مراعات کی رقوم اور تعدد کے بارے میں سوالات۔
- اپنے حالات میں ایسی تبدیلیوں کی رپورٹ کرنے کے لیے جو آپ کی مراعات پر اثر ڈال سکتے ہیں۔
- گمشدہ، خراب شدہ یا مسروقہ عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) کے بدل کے لیے، (کسٹمر سروس کو آپ کے کال کر دینے کے بعد)۔
- مجاز نمائندہ (خود آپ کی بجائے دوسرا شخص جو آپ کی اجازت سے آپ کی فوڈ اسٹامپ کی مراعات تک رسائی حاصل کرنے پر قادر ہے) کے بارے میں سوالات

**سوال۔ کیا مجھے اپنی مراعات ایک بار میں استعمال کرنا ضروری ہے؟**

**جواب۔** نہیں، آپ کے نقد اکاؤنٹ اور فوڈ اسٹامپس کی مراعات کے اکاؤنٹ میں موجود مراعات ماہ بہ ماہ آگے بڑھ سکتی ہیں۔ تاہم، اگر آپ اپنی مراعات لگاتار 90 دنوں تک استعمال نہیں کرتے ہیں تو، آپ کے اکاؤنٹ میں 90 دنوں سے زیادہ پہلے کا کوئی نقد بینیفٹ مٹا (ہٹا) دیا جائے گا اور ایجنسی کو واپس کر دیا جائے گا۔ آپ اپنے کارکن سے ہٹائی گئی کوئی ایسی نقد مراعات دوبارہ جاری کرنے کا کہہ سکتے ہیں جس کے لیے آپ اہل ہیں۔ اگر آپ کی فوڈ اسٹامپ کی مراعات کا اکاؤنٹ لگاتار 365 دن کی مدت تک غیر استعمال شدہ رہتا ہے تو، اس اکاؤنٹ میں موجود جو کوئی بینیفٹ 365 یا اس سے زائد دنوں سے ہے اسے مٹا (ہٹا) دیا جائے گا اور دوبارہ جاری نہیں کیا جائے گا۔

**کیا میرا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) استعمال کرنے کے کوئی چارجز ہیں؟**

**جواب۔** آپ QUEST کے شرکت کنندہ اسٹور میں اپنے نقد اور فوڈ اسٹامپ اکاؤنٹ سے بلا چارج خریداری کرنے کے لیے پوائنٹ آف سیل (POS) کی ڈیوائس پر اپنا کارڈ استعمال کر سکتے ہیں۔ کچھ EBT شرکت کنندہ اسٹورز اور ریٹیلرز گاہکوں کو ان کے نقد اکاؤنٹ سے نقدی واپس لینے کی بھی سہولت دیں گے۔ اسٹور سے نقد واپسی پر اس کی پالیسی کے بارے میں پوچھیں۔ اگر آپ ATM مشین سے نقد واپسی لے رہے ہیں تو، آپ ہر ماہ کے دوران 2 بار پیسے نکال سکتے ہیں جس کے لیے آپ کو ٹرانزیکشن فیس نہیں دینی ہوگی۔ 2 مفت استعمال کے بعد، اس ماہ کی باقی مدت کے لیے نقدی نکالنے کی خاطر ہر بار کوئی ATM آپ کے استعمال کرنے پر آپ کے نقد اکاؤنٹ سے 50 سینٹ ٹرانزیکشن فیس لی جائے گی۔ اس کے علاوہ، کچھ ATM نقدی نکالنے پر فی ٹرانزیکشن سر چارج عائد کرتے ہیں۔ ATM استعمال کرنے کی لاگت واضح طور پر آویزاں ہونی چاہیے۔ آپ کے علاقے میں جو ATM سرچارج نہیں لگاتے ہیں ان کے مقامات پتہ کرنے کے لیے، آپ EBT لوکیٹر سروس (EBT Locator Service) کو ٹول فری **1-800-289-6739** پر کال کر سکتے ہیں۔

**آپ کے عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) کی مدد سے آپ کے فوڈ اسٹامپ کی مراعات یا طبی مراعات تک رسائی حاصل کرنے پر کبھی کوئی چارج نہیں لگتا ہے۔**

**سوال۔** **کیا میں اپنے فوڈ اسٹامپ اکاؤنٹ سے کوئی خردہ واپس لے پاؤں گا؟**

**جواب۔** نہیں، آپ کے فوڈ اسٹامپ کی مراعات کا اکاؤنٹ صرف شرکت کنندہ اسٹورز پر اہل غذائی آئٹمز خریدنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ فوڈ اسٹامپ اکاؤنٹ کے ٹرانزیکشن کے نتیجے میں کوئی نقدی جاری نہیں کی جائے گی۔

**سوال۔** **الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (EBT) کسٹمر سروس کیا ہے؟ اور وہ کن معلومات میں میری مدد کر سکتے ہیں؟**

**جواب۔** اگر آپ کو EBT کے ساتھ اپنی مراعات کے سلسلے میں تشویش ہو تو آپ کسٹمر سروس کو ٹول فری **1-888-328-6399** پر، روزانہ 24 گھنٹے ہفتے کے 7 دن کال کر سکتے ہیں یا کسٹمر سروسسے آن لائن انٹرنیٹ کے ذریعے **www.ebtaccount.jpmorgan.com** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ 15 اگست 2007 سے مؤثر EBT کسٹمر سروس نمبر **(1-888-328-6399)** عوامی پے فونز سے کالز مزید قبول نہیں کرے گا۔ معذور افراد درج ذیل ریلے سنٹر نمبرز استعمال کر سکتے ہیں: TTY صارفین **1-800-662-1220**؛ غیر TTY صارفین **1-800-421-1220**؛ اور VCO صارفین **1-877-826-6977**۔ **اس کے بعد کے بیشتر سوالات اور جوابات اس امر کی مثالیں ہیں کہ کسٹمر سروس کس طرح آپ کی مدد کر سکتی ہے۔**

**سوال۔** **اگر میرا عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) گم، چوری ہو گیا ہے، یا کام نہیں کرتا ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟**

**جواب۔** فوری طور پر EBT کسٹمر سروس کو ٹول فری **1-888-328-6399** پر کال کریں اور وہ آپ کا گمشدہ یا مسروقہ کارڈ منسوخ کردیں گے۔ یہ چیز کسی اور کو آپ کا کا کارڈ استعمال کرنے کا اہل ہونے کے امکان کو روکنے کے لیے ہے۔ اپنا کارڈ بدلنے کے لیے آپ کو اپنے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات سے رابطہ کرنا ہوگا۔ EBT کسٹمر سروس آپ کے لیے کارڈ نہیں بدل سکتی۔

**سوال۔** **میں کس طرح یہ پتہ کر سکتا ہوں کہ میرے اکاؤنٹ میں کتنی نقد یا فوڈ اسٹامپ کی مراعات ہیں؟ میں کس طرح یہ پتہ کر سکتا ہوں کہ میں اپنی مراعات کہاں پر اور کب استعمال کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** کسٹمر سروس کو ٹول فری **1-888-328-6399** پر کال کریں اور خود کار جوابی یونٹ (Automated Response Unit, ARU) اکاؤنٹ ٹرانزیکشن اور بیلنس کے سلسلے میں آپ کے سوالوں کے جوابات فراہم کرے گی۔

خود کار جوابی یونٹ (ARU) کا استعمال کرتے ہوئے، اپنا 19 ہندسے کا کارڈ نمبر فراہم کرنے کو تیار رہیں، جو آپ کے عمومی بینیفٹ شناختی کارڈ (CBIC) کے سامنے والے حصے پر موجود ہوتا ہے۔ آپ ان معلومات تک آن لائن، **www.ebtaccount.jpmorgan.com** پر انٹرنیٹ کے ذریعے بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**سوال۔** **اگر میرے خیال سے آخری رسید پر موجود اکاؤنٹ بیلنس غلط ہے تو کیا کام کیا جا سکتا ہے؟**

**جواب۔** کسٹمر سروس سے رابطہ کریں اور اپنے پچھلے اکاؤنٹ ریکارڈ کے سلسلے میں اپنی پچھلی متعدد رسیدوں کا موازنہ فراہم کردہ معلومات سے کریں۔

اکاؤنٹ کے ریکارڈ اور آپ کی رسیدوں کے بیچ کسی فرق کی رپورٹ کسٹمر سروس کے نمائندے کو ٹول فری **1-888-328-6399** پر کی جانی چاہیے تاکہ دعوی کی چھان بین کی جا سکے۔ فوڈ اسٹامپ کی مراعات اکاؤنٹ کے دعووں کے سلسلے میں عرض ہے کہ آپ کے دعوے کی چھان بین کی جائے گی اور کسٹمر سروس کے پاس دعوی آپ کے دائر کرنےکی تاریخ سے 10 کاروباری دنوں کے اندر اسے حل کیا جائے گا۔

آپ کو ایک دعوی نمبر دیا جائے گا۔ یہ دعوی نمبر یاد سے لکھ لیں کیونکہ جب آپ دعوی پر پیشرفت معلوم کرنے کے لیے کسٹمر سروس کو ٹیلیفون کریں گے تو اس کی ضرورت پڑے گی۔

> **نوٹ:** نقد اکاؤنٹ کا دعوی حل کرنے کے لیے EBT کسٹمر سروس کے پاس آپ کے اس کی رپورٹ کرنے کی تاریخ سے اس کی چھان بین میں 30 دن تک لگ سکتے ہیں۔ آپ کے نقد اکاؤنٹ اور فوڈ اسٹامپ کی مراعات اکاؤنٹ دونوں کے لیے، EBT کسٹمر سروس کے ذریعے دعوی صرف تب لیا جا سکتا ہے جب آپ جس اکاؤنٹ ٹرانزیکشن کی چھان بین کروانا چاہتے ہیں اس کی تاریخ سے 90 دنوں کے اندر اس کی رپورٹ کریں گے۔

**سوال۔** **کیا میں اپنے اکاؤنٹ کا تحریری ریکارڈ لے سکتا ہوں؟**

**جواب۔** ہاں، کسٹمر سروس آپ کے نقد اکاؤنٹ اور فوڈ اسٹامپ کی مراعات اکاؤنٹ دونوں میں سے کسی سے بھی یا پچھلی دس ٹرانزیکشن فراہم کرے گی یا آپ یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ کسٹمر سروس کا نمائندہ پچھلے دو ماہ کے ٹرانزیکشن کی رپورٹ آپ کے گھر پر ڈاک سے بھیج دے۔ آپ ان معلومات تک آن لائن **www.ebtaccount.jpmorgan.com** پر انٹرنیٹ کے ذریعے رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**سوال۔** **جو ATMs اور ریٹیلر کے پوائنٹ آف سیل (POS) کی ڈیوائسز نقدی نکالنے پر سرچارج نہیں لگاتی ہیں ان کے مقامات میں کس طرح تلاش کر سکتا ہوں؟**

**جواب۔** آپ EBT لوکیٹر سروس کو ٹول فری **1-800-289-6739** پر کال کر سکتے ہیں۔ یہ معلومات آپ کے مقامی محکمہ برائے سماجی خدمات کے دفتر سے، یا **http://www.otda.state.ny.us/ebt/zips**. پر انٹرنیٹ کے ذریعے بھی دستیاب ہیں۔

**سوال۔** **"ریٹیلر ایڈجسٹمنٹ" (Retailer Adjustment) کیا ہے؟**

**جواب۔** جب آپ اپنے فوڈ اسٹامپ کی مراعات اکاؤنٹ سے غذا خریدتے ہیں، لیکن کمپیوٹر میں خرابی پیش آ جاتی ہے اور آپ کے اکاؤنٹ پر چارج نہیں آتا ہے تب وہ اسٹور کسٹمر سروس سے اپنے دعوی کی چھان بین کرنے کو کہہ سکتا ہے۔ اگر چھان بین سے پتہ چلتا ہے کہ اسٹور کو آپ کے اکاؤنٹ سے ادائیگی نہیں ملی تو، آپ نے جو غذا خریدی ہے اس کے عوض اسٹور کو ادائیگی کرنے کے لیے آپ کے اکاؤنٹ کو چارج کیا جائے گا۔ ریٹیلر ایڈجسٹمنٹ کی درخواست کیے جانے پر، آپ کو درخواست کے بارے میں ایک نوٹس ملے گا۔

**سوال۔** **کیا ریاست میرے نقدی اور/یا فوڈ اسٹامپ کی مراعات اکاؤنٹس میں ایڈجسٹمنٹس کر سکتی ہے؟**

**جواب۔** اگر، مراعات کے اجرا کے عمل میں خرابی کے نتیجے میں آپ کے اکاؤنٹ میں غیر منصفانہ طور پر ایسی مراعات آجاتی ہیں جس کے آپ مستحق نہیں ہیں تو، ریاست صورتحال کو درست کرنے کے لیے آپ کے اکاؤنٹ میں ایڈجسٹمنٹ کر سکتی ہے۔

**سوال۔** **کیا میرا کیس بند ہو جانے کے بعد میں اپنے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) تک رسائی حاصل کرتا رہ سکتا ہوں؟**

**جواب۔** ہاں، آپ کا کارڈ بدستور فعال رہے گا اور آپ اپنے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) تک رسائی حاصل کرنے پر قادر ہوں گے تاوقتیکہ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں مراعات باقی ہوں۔

**سوال۔** **اگر میرے پاس استعمال کرنے کے لیے کاغذی فوڈ اسٹامپ کوپن ہیں تو کیا اسٹورز انہیں ریڈیم کریں گے؟**

**جواب۔** 17 جون 2009 کے بعد سے، اسٹور کاغذی فوڈ اسٹامپ کوپن مزید قبول نہیں کریں گے۔ اگر آپ کے پاس اپنی ملکیت میں کاغذی فوڈ اسٹامپ کوپن ہیں تو، آپ کو انہیں اس تاریخ سے پہلے شرکت کنندہ فوڈ اسٹامپ ریٹیلر کے پاس ریڈیم کروا لینا چاہیے۔